اور یوں ہی..وہ لوگوں سے پوچھتے ..پوچھتے پولیس سٹیشن تک پہنچی ..تو اسے وہاں لوگوں کی

..نظروں سے وحشت ہوئ سب ..اسے کھا جانے والی نظروں

...سے دیکھ رہے تھے ..اسکا دل بری طرح دھڑک رہا تھا

مگر ہمت کر کے ابھی وہ اگے بڑھتی کے سامنے روم سے ایک ادمی باہر نکلا ..اور اسکی

...جانب دیکھ کر ٹھٹکا

...جبکہ کچھ دیر بعد اسنے باقی سب کو گھورا

..سب دوبارہ اپنے کاموں میں مگن ہو گئے ..جبکہ وہ ادمی اسکیطرف ایا

کیا کام ہے بیٹا اپ یہاں کیوں ائ ہو"اس ادمی کے پوچھنے کی دیر تھی مشل کی آنکھیں

...انسو سے لبالب بھر گئیں

اپ اندر جاو میں اتا ہوں "وہ ادمی اسے کہ کر باہر چلا گیا جبکہ وہ اسکے روم میں اکر چیپر ...پر بیٹھ گئ ..بس دس منٹ بعد وہ واپس ایا تھا

مشل نے اسکے کچھ پوچھنے سے پہلے آنسوں کے درمیان اپنے باپ اور تایا کے ظلم کی ....دستان سنا دی

...جبکہ انسپیکٹر ایکدم الرٹ ہوا

...کب کا واقع ہے یہ "اسنے پوچھا ..تو مشل کی جیسے ہمت بھال ہوئ

کل ..کلبرات "اسنے انسو صاف کر کے بتایا انسپیکٹر نے سر ہلا کر فون اٹھایا اور اڈرز دیے اور اسے اپنے ساتھ چلنے کو کہا ..وہ جانتی تھی بس اب وہ سن گرفتار ہوں گے اور ... پھر پھانسی پر چڑھ جائیں گے اسکی معصوم ماں کو مارنے کا انجام اس سے بھی برا ہونا چاہیے تھا ویسے ... .کچھ ہی دیر میں ..وہ دوبارہ اپنی ماں کے قاتلوں کے گھر کے سامنے ..... تھی

...انسپیکٹر صاحب سمیت وہ اندر گئ

تو اب وہاں اسکی ماں نہیں تھی جبکہ سب صحن میں ہی بیٹھے تھے ..اور وہاں پولیس کی نفری دیکھ کر ..اچانک اٹھ پڑے...

کس نے مارا ہے اس لڑکی کی ماں کو "انسپیکٹر نے گھور کر سب کو دیکھا ..تو سب کے وہاں رنگ اڑ گئے...

جبکہ تایا اگے ایا...

صاحب جی... وہ عورت خود مری ہے ..جی.

نہایت کوئ گندی عورت تھی .. کبھی جو .. غیر مردوں سے جی اسنے تعلق ختم کیا ہو...

بدزات نے تو مجھ پر بھی گندی انکھ ٹکائ ہوئ تھی...

پانی بھر رہی تھی جی... پھر... پاو پھیسلا اور ..ٹوٹی پر جا پڑی... اور بس جی .. ختم ہو گئ..

ہم تع جی اہنی دھی رانی کو بھی کب سے ڈھنڈ رہے ہیں مگر یہ بھی بھاگ گئ "تایا نے بڑی معصومیت سے بتایا...

جبکہ مشل کا رو رو کر برا حال تھا..

..صاحب یہ جھوٹ بول رہا یہ سب جھوٹ بول رہے ہیں "اسنے کہا ..تو انسپیکٹر نے ..تایا کے بازوں پر ڈانڈا ..مارا...

تم سب کے نام کا پرچہ کٹ چکا ہے ..اب عدالت .میں یہ طوطے کیطرح زبان چلا لینا انسپیکٹر نے سنجیدگی سے کہا"...

اور سب کو اریسٹ کرنے کا حکم دیا ..تائ ..اور قاصم نے خوب واویلا مچایا... مگر ..تایا اور ابا کو اریسٹ کر لیا گیا تھا ..ابا اسے بری طرح جبکہ ..تایا اسے کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا ..اسکے دل پر ڈھنڈی پھوار پڑی ..اسسکی ماں کو انصاف ..ملنا چاہیے تھا...

.....

دو ..دن بعد ..وہ پاکستان کی عدالت کا انصاف دیکھ کر... .رہ گئ ..صرف دو دن میں تایا اور ابا ..باہر نکل ایے تھے...

قاصم نے وکیل ہائیر کر لیا تھا ..جبکہ ..اسکے ساتھ تو کوئ بھی نہیں تھا ..نہ پیسے تھے نہ وکیل ..نہ کوئ سر برا...

تایا ..اور ابا ..اسکے سامنے ..پوری عزت اور شان سے ..چلے گئے جبکہ ... تایا ..اسکے کان ...میں کہہ کر گزرا

تجھے میں نہیں تو یہ زمانہ ..ضرور کچل دے گا "وہ ہنسا ..جبکہ ابا ..نے تو بات بھی ...ضروری نہیں سمجھی

مشل کا دل کیا یہیں دھاڑے مار مار کر رو دے ..مگر بے سود... اڈ اڈ انے والے ...آنسوں کو اسنے بہنے دیا

...انسپیکٹر شفی ..نے اسکی حالت دیکھی ..انھیں اسپر خوب ترس ا رہا تھا

مگر وہ کر بھی کیا سکتے تھے ..وہ اسکا کیس عدالت تک لے ائے تھے ..اگے شاید وہ اسکی ...مدد کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھے

...مشل نے انکی جانب دیکھا

انکو پھانسی کیوں نہیں ہوئ ..انھوں نے قتل کیا ہے "وہ اپنی عمر اور معصومیت کے ..حساب سے بولی

...تو انھوں نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا

..۔۔۔بیٹا ..یہ اندھا قانون ہے ..پیسے کی زبان بولتا ہے

مگر ..میں تمھیں ایک انسان کا پتہ دے سکتا ہوں۔۔۔ جو شاید تمھاری ماں کے قاتلوں کو

..سولی پر لٹکا دے۔۔۔ "انکی بات سنتے ہی وہ ..ایکدم چوکنا ہوئ

۔۔۔کو ..کون ہے وہ "..اسنے پوچھا

۔۔۔سارگل بہرام خان۔۔۔ .اس وقت کا سب سے بڑا لائیر ہے

مگر افسوس وہ پیسے کے بغیر کام نہیں کرتا ..مگر اگر تم کوشش کرو۔۔۔ تو شاید کچھ بات

..بن جائے "انھوں نے کہا ..تو ..وہ جیسے دوبارہ جی اٹھی ..وہ نہیں جانتی تھی وہ

اندھرے میں تیر چلانے دوڑ پڑی تھی ..انسے پتہ لے کر۔۔۔ وہ ..سارگل خان کیطرف

۔۔۔چل دی ۔۔۔

.....

۔۔۔سارگل کے ساتھ وہ گھر اگئ تھی مگر۔۔۔ اب بھی اسکی سو سو جاری تھی

ہنی کیا تم مجھے یہ بتانا پسند کرو گی کہ ہوا کیا ہے جو تم مسلسل روے جا رہی ہو "سارگل ...نے اب تپ کر پوچھا ..گاڑی حویلی کی جانب چل رہی تھی

لالا کچھ نہیں ہوا ..میری طبعیت نہیں ٹھیک بس "اسنے ..کہا .اور اپنی بڑی بڑی آنکھوں سے بھائ کو دیکھا... وہ صرف بیس سال کی تھی ..جب کہ وہ اس سے ..پورے 8 ...سال بڑا تھا

...اور... وہ جانتا تھا وہ کتنی حساس ہے

...ٹھیک ہے پھر ڈیڈ ہی تم سے پوچھیں گے

اور... .تم نے مجھے پرنسپل سے بات بھی نہیں کرنے دی "وہ گھور کر بولا... تو .عینہ ...نے ... کوئ جواب نہیں دیا

وہ کیا بتاتی... ایک انسان جو دو دن پہلے ایا تھا ..اسکی عزت افزائ کرنے میں ایک ...لمہہ نہیں چھوڑتا تھا

وہ چاہتی تو ..وہ ..شکایت کر سکتی تھی ... مگر ..اسنے ایسا کچھ نہیں کیا تھا ... اگلا راستہ یوں ہی کٹ گیا ..اور عینہ ..جلدی سے ..گاڑی سے نکل کر اپنے روم کی جانب چلی گئ ...

ارمیش ..نے اسے روکنا چاہا مگر وہ نہیں روکی ... جبکہ اب اسنے سارگل کیطرف دیکھا جو اوپر جاتی ..عینہ کو ہی دیکھ رہا تھا ...

کیا ہوا ہے ... عینہ کو ... اور ..اپ لے کر آئیں ہیں ..اسکی اپنی گاڑی کہاں ہے ارمیش نے پریشانی سے پوچھا ..تو سارگل نے اسکے ... شانے پر ہاتھ ٹکایا" کچھ نہیں ہوا ... اسکی طبعیت ٹھیک نہیں تھی ...

اسی لیے وہ .میرے ساتھ اگئ ..

اور مجھے احمر انکل سے کام تھا مجھے لگا وہ کالج میں ہوں گے ..مگر پھوپھو سائیں نے بعد میں فون کر کے بتا دیا تھا وہ کراچی گئے ہوئے ہیں ..بس "اسنے تفصیلی جواب دے کر ..ماں کو مطمئین کیا ..

نہ جانے اب کیا ہوا ہے صبح تک تو ٹھیک تھیں۔۔۔ "مگر ارمیش کو عینہ کی فکر کھائے جا رہی تھی..

۔۔۔اپ جانتی ہیں نہ ہمارے گھر میں دو پارٹیز ہیں

اسکو ڈیڈ ہینڈل کر لیں گے ..اپ ٹنشن نہ لیں .. مجھ پر فوکس کریئں" ..اسنے .پیار سے کہا تو ارمیش مسکرا دی..

..یہ پارٹیز بھی اپکے ڈیڈ کی بنائ ہوئ ہیں ..ورنہ مجھے تو اپ دونوں ہی عزیز ہو۔۔۔ "اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اسنے اپنے بیٹے ..کے خوبرو چہرے کو چاہ سے دیکھا ..تو

۔۔۔سارگل بھی مسکرا دیا

۔۔۔ارمیش ..کچن کیطرف بڑھ گئ ..تاکہ اسکے لیے کھانے کا انتظام کرے ..جبکہ سارگل نے ایل ائ ڈی کھول لی..

اپکے کیس کا کیا ہو اسارگل۔۔۔ .پہلی بار ..میں نے ..اپکو۔۔۔ اس کیس پر تھوڑی سی محنت کرتے دیکھا تھا "ارمیش نے اسکے سامنے کھانا رکھتے ہوئے پوچھا جبکہ اسنے ..شانے اچکا کر ..ایل ای ڈی کیطرف اشارہ کیا..

جہاں ۔۔۔ ایک طرف نیوز میں اسکے باپ کی ہیڈلائن چل رہی تھی تو ..اوپر کیطرف ..اسکے ایک پولیٹیشن کے بیٹے کو بازیاب کرانے کی خبر نشر تھی ۔۔۔ ".ارمیش ...جو ہر بات سے انجان تھی فخر سے اسکیطرف دیکھا ۔۔۔

اللہ میری چھوٹی سی فیملی کو نظر بد سے بچائے "اسنے ۔۔۔ دل سے دعا کی ۔۔۔

جبکہ یہ بات تو سارگل ہی جانتا تھا کہ وہ کیس کس طرح جیتا ۔۔۔

مگر اس میں اسکا کوئ قصور نہیں تھا ..وہ لڑکی بھی ایک اچھی سٹرونگ فیملی سے تعلق رکھتی تھی مگر اسنے جب ..اسکی بات کو اہمیت نہیں دی تو ۔۔۔ وہ کسی کو کیوں دیتا ۔۔۔

دنیا پیسے کی تھی ۔۔۔ .اور ۔۔۔ اسکے نزدیک ..پیسہ ۔۔۔ ہر چیز کو خرید سکتا ہے ۔۔۔

اور اسکا پیشہ ایسا تھا کہ اسنے ..پیسے سے جزابات بھی خریدتے دیکھے تھے ۔۔۔

اکثر ..جب بہرام اسے اس بات پر ٹوکتا ۔۔۔

تو وہ بس اسے ایک ہی بات کہتا ۔۔۔

Dad father's money makes him a minister while his money only gives him a kingdom

(ڈیڈ باپ کا پیسہ وزیر بناتا ہے...)

(جبکہ اپنے پیسے سے صرف بادشاہی ملتی ہے...)

.....

اپنی ہیوی بائیک گھر کے سامنے روک کر ..وہ باہر نکلا... تو اسکے دماغ میں سارے راستے صرف عینہ کی آنکھیں رہیں ..اسکی سفید بے داغ کلائ پر اپنی انگلیوں کے ناشانات دیکھے ..جبکہ...

دماغ صرف ایک ہی بات سوچ رہا تھا

کہ وہ اتنی بھی بری نہیں جتنا ..وہ اسے سمجھ رہا تھا ..اور اسکے علاوہ ..وہ خوبصورت اور معصوم ہے... شاید اسکی سوچ سے زیادہ....

وہ اندر داخل ہوا تو ..روشنی کو ..اپنے ایگل کے پاس پایا...

...روشنی یہ تمھیں چوٹ پہنچا سکتا ہے "اسنے بہن کی محویت کو توڑا

بھیا یہ کتنا ..گندا ہے ..دیکھنے میں "روشنی نے منہ بنایا

..داود کی ائبرو اچکی

...تم سے زیادہ پیارا ہے" ..اسنے منہ بنا کر کہا

...جبکہ روشنی کا منہ کھل گیا

"اپ ..اپنی چھوٹی سی بہن کا مقابلہ اس گندے مارے ایگل سے کر رہیں ہیں

چھوٹی سی بہن نہیں ہے پورا ڈبہ ہے جو ..بابا کے سامنے میری شکایتوں کے لیے بجتا رہتا

...ہے ... جو ہر وقت مجھ سے پیسے مانگنے کے لیے بجتا ہے ... "اسنے آنکھیں دیکھائ

...تو روشنی نے منہ بسورا

...مگر اگلے کو پرواہ کب تھی

بھاگو یہاں سے مجھے اسکو باہر نکلنا ہے کبھی بلاوجہ چیخیں مارو "اسنے کہا ..تو روشنی نے

..اسکیطرف دیکھا

اللہ کرے اڑ جاے یہ منحوس"وہ کہہ کر بھاگی جبکہ داود نے کھا جانے والی نظروں سے اسکیطرف دیکھا...

اور پھر اپنے پسندیدہ پرندے کو... اسنے اپنے بازو پر بیٹھا لیا...

یار اسکی آنکھیں بہت پیاری ہیں" ..اسکے سر پر ہاتھ پھیرتے وہ مدھم سا بولا... جبکہ اسکا دوست ..خاموش بیٹھا اردگرد دیکھ رہا تھا..

داود بھی مدھم سا مسکرا کر خاموش ہو گیا...

تبھی عابیر اسکے نزدیک ائ...

ناراض ہے میرا بیٹا "عابیر... کو اس پرندے سے کچھ گھبراہٹ تو ہوئ مگر ..وہ دوسری طرف سے ..داود کے پاس ائ...

داود نے چہرہ موڑ لیا...

انکو کہہ دو... .میرا ان سے تعلق ختم ..بیٹے کو چھوڑ کر ..یہ اپنے شوہر سے محبت کر رہیں ہیں.."اسنے کہا اور چیئر پر بیٹھ گیا..

ایگل اب بھی اسکے بازو پر تھا ..جبکہ وہ ..اسکے پر دیکھ رہا تھا...

...عابیر کو ہنسی اگئ

پوری دنیا کے سامنے بھی کہہ سکتی ہوں مجھے میرے بیٹے سے زیادہ کیسی سے محبت نہیں

...اسنے پیار سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرہ "...

داود نے ..اسکیطرف دیکھا ..اسکی آنکھوں میں شرارت ناچی تھی ..بھلہ کبھی وہ سیدھی طرح مان سکتا تھا..

"ٹھیک ہے پھر ایگل کو تھوڑی دیر اپنے شولڈر پر بیٹھائیں ..میں فریش ہو کر اتا ہوں

...اسنے کہا ..اور ماں کیطرف کیا ہی تھا ..عابیر کی بری طرح چیخ نکلی

...داود "اسکی آنکھیں پھٹیں.

..جبکہ داود کا قہقہ ..نکلا

اہ ..مما اب بہت ڈرپوک ہیں.وہ کب سے ہمارے ساتھ ہے وہ کچھ نہیں کہے گا اپ فیملی سمجھیں..."اسنے پھر کوشش کی ..مگر عابیر بھاگ ..اٹھی

اتنی خطرناک فیملی..."اسنے کچن ..میں سے جھانک کر دیکھا دل کی دھڑکن کی سپیڈ الگ ہی تھی

...داود ہنس دیا... اور اسے دوبارہ سے پنجرے میں بند کرنے چلا گیا

...اسے ..اب کچھ وقت اپنی بوکس کو دینا تھا

...ورنہ وہ گھنٹے بھی ..اسکے ساتھ ضائع کر سکتا تھا

مگر ایک چیز تھی جو .. مسلسل اسکے ساتھ تھی... وہ خوبصورت مگر سرخ آنکھیں تھیں

...

.....

ایکسکیوز می سر ..یہ فائل ..مراد سر کے پاس بھجوانی ہے ..مرزا صاحب کی طبعیت ٹھیک نہیں تھی انھوں نے مجھے کہا کہ ..میں یہ فائل انھیں دے دو مگر دیر ہو گی ہے مجھے گھر جانا ہے تو پلیز یہ فائل اپ پہنچا دیں "اس وقت تقریبا افس خالی ہو چکا تھا اسنے فائق کو ..کہا جو خود کافی عجلت میں تھا

مس فیزا... میری بیٹی ہوئ ہے ..اور میرا ابھی اپنی بیوی کے پاس ہونا بہت ضروری ہے اگر ضروری کام نہ ہوتا تو یقیناً میں اپکا کام ضرور کر دیتا معافی چاہتا ہوں "اسنے کہا تو ..فیزا نے حلق تر کیا

اپکو بہت مبارک ہو "اسنے رسمی سا کہا ..یہ جانے بغیر کے .. کیمروں میں کوئ .انھیں ہی ..دیکھ رہا ہے

...فائق نے .. خوشدلی سے مبارک بعد وصول کی ..اور سامان اٹھا کر نکل گیا

جبکہ ... فیزا ..نے پہلے تو سوچا وہ بھی یہ فائل ادھر ہی چھوڑ کر نکل جائے پھر مرزا ...صاحب کی بات یاد اگئ کہ یہ فائل بہت قیمتی ہے

تو .نہ چاہتے ہوئے بھی وہ لیفٹ میں سوار ہو گئ

.

..فلور ..پر بس کچھ ہی لوگ نظر ا رہے تھے اسنے سوکھ کا سانس لیا 8

..اسے ..مراد کی سیکٹری نظر اگئ تھی

...وہ اسکے پاس گئ

...ایکسکیوز می اسنے کہا تو ..لیلا نے اسکی جانب دیکھا

...کیا مسلہ ہے "وہ تڑخ کر بولی

..فیزا نے کچھ عجیب سی نظروں سے اسکا بدتمیزانہ رویہ دیکھا ..اور پھر فائل اسکی طرف کی

یہ فائل مراد سر کو دے دو۔۔۔ مرزا صاحب کی ہے "اسنے کہا ..تو لیلا نے کھا جانے
..والی نظروں سے اسکیطرف دیکھا

نہیں تمھیں یہ دیکھتا ہے میں تمھاری نوکر ہوں۔۔۔" .وہ ..غصے سے بولی تو فیزا نے حیرت
..سے اسکیطرف دیکھا

وہ رہا مراد سر کا روم ..جاو ..اور خود دو۔۔۔ "اسنے اشارے سے کہا ..اور ..اپنا بیگ اٹھا
۔۔۔کر ..لیفٹ کی جانب چل دی

گراونڈ فلور کا بٹن پش کرتے ہی اسے ..احساس ہوا وہ غلط کر چکی ہے ..یہ وہ پہلی لڑکی
..تھی جس کے ساتھ مراد سر نے ہمدردی دیکھائ تھی

..اسنے فورا ..6 فلور سے ..8 فلور پر بٹن پش کیے

..جب تک وہ پہنچی تو باہر کوئ نہیں تھی

..فیزا ..جا چکی تھی ..اسنے دروازہ بجایا ..تو یس کی اواز ای

وہ سوچ چکی تھی وہ اسکی جانب دیکھے بغیر ..فورا وہاں سے فائل دے کر نکل جاے گی
..تبھی ہمت کر کے ..اسنے دروازہ بجایا ..اور .یس پاتے ہی وہ اندر داجل ہوئ

..کمرہ تھا یہ محل وہ تو ..اس روم کی چکاچوند کو ایک پل کو دیکھتی رہ گئ

...جبکہ مراد اسی کیطرف دیکھ رہا تھا ..چیئر کی بیک سے ٹیک لگائے

وہ ارد گرد دیکھتی اسکیطرف ائ ..فائل ٹیبل پر رکھ کر ..وہ ..اسکی چیئر کے پیچھے خوبصورت منظر کو دیکھنے لگی..

...جہاں سے رات کی تاریکی میں .دور لائٹس ..جگنو کی مانند لگ رہیں تھیں

...اہمم"مراد کھنکھارا ..تو اسکی محویت ٹوٹی اور بس ..شرمندگی سے اسکا سر جھک گیا

...کیا مسلہ ہے مس اپکا "وہ چیڑ کر بولا

.وہ ..س ... سر ... یہ فائل ..م مرزا صاحب نے ک ..کہا تھا ..اپ .اپکو دے ..د ..د .دے دو" ..اسنے فائل بڑھا کر بمشکل بات مکمل کی ..مراد نے گھڑی کیطرف دیکھا

پورے ..15 سیکینڈ اپ نے میرے قیمتی وقت میں سے ضائع کر دیے وہ بھی یہ .

فضول سی بات کہنے کے لیے "اسنے سنجیدگی سے کہا ..فیزا ..کا چہرہ ..اس عزت افزائ پر

...سرخ ہو گیا

مرزا صاحب کے ہاتھ ٹوٹ گئے تھے جو انھوں نے اپکو زحمت دی "فون اٹھاتے ہوے

...

..وہ غصے سے بولا

..فیزا نے اوپر سر اٹھایا

پ..پلیز اپ فون مت کریں ..وہ بزرگ ہیں انکی طبعیت کافی خراب تھی "وہ بولی ..تو

..مراد ..کا ہاتھ رک گیا

اوہہ .مطلب بزرگو کی ڈانٹ اپ کھاتی ہیں ..اسی لیے ..اپکو ہائیر کیا گیا ہے" ..وہ گھور کر

...بولا

..فیزا ..کے ماتھے پر بل ڈلے

...کتنا بدتمیز انسان تھا یہ

اسکا ایک نہایت بدتمیز سے پالا پڑا ہوا تھا ..وہ صرف داود کی بدتمیزی افورڈ کر سکتی تھی

...اور بدتمیز وہ .افورڈ نہیں کر سکتی تھی

سر یہ فائل میں نے اپ تک پہنچا دی ہے ۔۔۔ باقی اپ مرزا صاحب کے ساتھ کچھ بھی ..کریں "وہ تڑخ کر کہتی ..باہر نکلتی ..کہ مراد کی اواز پر رکی

کس طرح بات کر رہیں ہیں اپ ..تمیز تہذیب کچھ نہیں ہے "اسنے آنکھیں نکالیں اور اپنی ..جگہ سے اٹھا

مجھے تو ہے مگر اپکو نہیں ہے ..افس ٹائم ختم ہو چکا ہے اب میں اپکی ایمپلائیر نہیں ہوں ..جو اپ مجھے باتیں سنا رہے ہیں "فیزا ..نے بھی دو بادو جواب دیا

۔۔۔رئیلی ۔۔۔ "اسنے ..دانت پیس کر دیکھا

یس رئیلی ..اور اپ میرے سر نہیں ہیں ..میرے سر فائق صاحب ہیں"..وہ کہہ ..کر ..ابھی وہاں سے نکلتی ..کہ ..مراد نے اسکا ہاتھ جکڑ لیا ۔۔۔

بہت نہیں زبان چل رہی تمھاری ..تم میری نوکر ہو ..فائق بھی میرا نوکر ہے .. سمجھی .. تم "مراد کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا اور وہ ..نہیں جانتا تھا وہ ..کیا کہہ رہا ہے

۔۔۔ہاتھ چھوڑیں میرا

اپنے مال پر اتنا ہی تکبر ہے تو ..سارے نوکروں کو فارغ کر کے خود کیوں نہیں ہر کام کر لیتے ..یہاں تو اپکا پین اٹھانے کے لیے بھی ..وہ بدتمیز لڑکی موجود ہے "اسنے ہاتھ چھڑایا ...

...مراد ..کو حیرت بھی ہوئ ..مگر غصہ شدید تھا

تمیز سے بات کرو "اسنے انگلی اٹھا کر وارن کیا

...جو خود تمیز نہیں جانتے دوسروں سے بھی امید نہ رکھیں ..

اور چھوڑ دی میں نے اپکی نوکری... نہیں ہوں اب میں اپکی نوکر سمجھے اپ "بلند اواز ..میں کہتی ..وہ غصے سے باہر نکل گی

..باہر ہی لیلا دروازے سے کان لگاے کھڑی تھی

..فیزا نے اسے بھی غصے سے دیکھا

..اور ..لیفٹ میں سوار ہو گئ

جبکہ لیلا نے ..پیچھے سے ..مراد کے روم کی ٹیبل پر پڑا اسکا افیورٹ اور مہنگا واس ہوا

..میں ..اچھلتا دیوار کی جانب جاتا دیکھا

..فلور پر چھناکے کی اواز گونجی 8

..جبکہ وہ مسکرا دی

.....

میری بیٹی کیسے بیمار ہو گی ہے ہمم"بہرام ..نے ..اسکے شالڈر پر بازو رکھ کر خود سے قریب ..کیا

عینہ نے ..سرخ آنکھوں سے باپ کیطرف دیکھا ..اسکی آنکھیں بری طرح جل رہیں تھیں ..وہ اتنی ہی حساس تھی

...دوائ کھائ ہے "..اسنے پوچھا جبکہ عینہ نے برا سا منہ بنایا

پلیز ڈیڈ ..میڈیسن ..بہت کڑوی ہوتی ہے "وہ نقاہت سے بولی ..اور دوبارہ بستر میں گھسنے ..لگی کی ..بہرام ..نے کمبل ہٹا دیا

نو ..مجھے اپنی چڑیا بلکل ٹھیک چاہیے ورنہ میرا دلبر بھی پریشان پریشان پھیرتا ہے "اسنے ..ارمیش کیطرف دیکھ کر انکھ دبائ ..جبکہ ارمیش کی تو آنکھیں ہی پھیل گیئں

...عینہ مدھم سا مسکرائ

اسکا باپ اسکا ائیڈیل تھا..وہ ایک پرفیکٹ مین تھے..اسنے کبھی اپنے باپ کو سختی برتے نہیں دیکھا...

میں سب دیکھ رہا ہوں "سارگل... جو ابھی ابھی روم میں ایا تھا بولا..اور عینہ کیطرف بڑھا..

کیسی ہو ہنی..."ہر کوئ اسکو..الگ الگ ناموں سے پکارتا تھا...

میں ٹھیک ہوں لالا"وہ سب کی فکر پر نازاں تھی...سب اس سے کتنی محبت کرتے تھے..

اسنے پیار سے بہن کے سر پر ہاتھ رکھا اور باپ کو دیکھا..

ڈیڈ اپ اپنی پروپرٹی تک محدود کیوں نہیں رہتے..اپکو پتہ ہونا چاہیے مام میری پروپرٹی ہیں پھر بھی آنکھیں مارتے ہیں"اسنے ماں کے شانے پر ہاتھ رکھ کر بے باکی سے کہا... تو بہرام سمیت عینہ کا بھی قہقہ نکلا جبکہ ارمیش ان بے ہودہ لوگوں میں سرخ سی شرمندہ ہو گئ...

سارگل "اسنے بیٹے... کو گھورا..

ڈارلنگ یہ اپکا بندہ بہت خراب ہے ۔۔۔ بتا رہا ہوں ۔۔۔ "اسنے لاڈ سے ماں ..کو کہا ..تو بہرام نے اسکو گھورا ۔۔۔

یہ باپ کے بارے میں نادر خیالات ہیں تمھارے بیٹے کے ۔۔۔ "اسنے ارمیش کیطرف دیکھا ..اپکا ہی بگاڑا ہوا ہے یہ ..لڑکا ۔۔۔ "اسنے صاف ہری جھنڈی دیکھائ

ارمیش سائیں ..بیٹے کے پروں پر ..زیادہ مت پھیلو ..جانا اپکو میرے ساتھ میرے کمرے میں ہی ہے "اسنے آنکھیں دیکھائ ..ارمیش کے ایکدم رنگ اڑے ..جبکہ بہرام .. سنجیدہ تھا ۔۔۔

سارگل تو منہ ہر ہاتھ رکھ کر ہنسی دبا رہا تھا ..جبکہ عینہ کا بھی یہ ہی حال تھا ..وہ اپنے ماں باپ کو اسی طرح دیکھتے ائے تھے انکی ماں ..اتنی ہی شرمیلی سی تھی ۔۔۔

اپکو بلکل کوئ لحاظ نہیں ہے "ارمیش پاوں پٹخ کر باہر نکل گی ..جبکہ جاتے جاتے عینہ کا گال بھی چوما تھا ..اخر کو بیٹی کی فکر بھی تھی ۔۔۔

جبکہ سارگل .. بھی ..باپ کیطرف ایا ..

گڈ لک ڈیڈ "اسنے بہرام کا شانا تھپتھپایا ۔۔۔

اور اس سے پہلے بہرام کوئ ایکشن لیتا ..سارگل فرار ہو چکا تھا ..

..بہرام نے عینہ کیطرف دیکھا جو مسکرا کر اسی کیطرف دیکھ رہی تھی

...اسنے عینہ پر بلنکیٹ درست کیا ..اور اسکے پاس ہی بیٹھ گیا

کوئ بات ہے ..کسی نے کچھ کہا ہے... ایسے تو ..میں جانتا ہوں اچھے سے ..میری چڑیا

...بیمار نہیں ہو سکتی"اسکا ہاتھ تھام کر ..وہ اسے گھیری نظروں سے دیکھ رہا تھا ...

...عینہ کی آنکھوں میں بس ایک پل کو داود ایا

..کچھ بھی نہیں ہے ڈیڈ... شاید گرمی زیادہ تھی ..اج "اسنے بہانا بنایا

...تو جان بہرام ..گراونڈ میں کیوں بیٹھی کلاس روم میں بیٹھتی نہ"وہ فکر سے بولا

..ڈیڈ"..اسنے راز سے کہا اور ..باپ کی بریڈز میں ہاتھ پھیرہ جیسے وہ بچپن میں پھیرتی تھی

..بہرام اسکی جانب جھکا ..جبکہ لب مسکرائے تھے

...بنک کیا تھا نہ لیکچر اسی لیے "وہ کھلکھلائ ..بہرام بھی ہنسا

تو... چڑیا... دھڑلے سے لیکچر بنک کرنا تھا نہ... .گراونڈ میں کیوں چھپی اج کے بعد

..اپ نے ..گراونڈ میں نہیں چھپنا "اسنے تنبھی کی

اپ جانتے ہیں نہ ..مما ..کتنی کونشیس ہیں ..میرے بار بار ..نمبر کم انے پر وہ بہت کونشیس ہو جاتی ہیں بس اسی لیے ..کہ شکایت نہ ا جائے چھپنا پڑتا ہے دوست سمجھا کرو "وہ ..بولی تو بہرام نے سر ہلایا..

یہ تو ہے ..اب کیا کر سکتے ہیں ..اپکی مما ..کا "اسنے شانے اچکائے ..اور دونوں ہنس دیے..

بہرام نے ا گے بڑھ کر ..اسکا ماتھا چوما..

کوئ بھی بات ہو .. کبھی مجھ سے کچھ مت چھپانا ..اوکے "اسنے پیار سے کہا تو عینہ نے سر ہلایا..

اور بہرام اسکو زبردستی میڈیسن دے کر ...

باہر نکل گیا ...

جبکہ عینہ ..کی سوچ کے دھاگے نہ چاہتے ہوئے بھی داود کی جانب چلے گئے ..

.....

صاحب ..ایک بچی ہے وہ .. کل دو دن سے جی اپکے افس کے باہر بیٹھی ہے کہتی ہے اپ سے ملنا ہے ... "بلاخر تیسرے دن ..اختر جھنجھلایا سا ..سارگل کے کیبن میں ا ..ہی گیا وہ جانتا تھا ..وہ چڑچڑا انسان ہے .. تبھی زرا سمبھل کر بولا

سارگل جو بہت اہم فائل ..دیکھ رہا تھا اس ڈیسٹربینس پر .. غصے سے اسکی جانب دیکھنے لگا

...میں تمھیں کوئ چیپ ہیرو یہ جوکر دیکھ رہا ہوں جو بچے بچیاں مجھ سے ملنے ائیں گے ..؟ وہ تڑخ کر بولا"

..اختر نے ... جلدی سے نفی میں سر ہلایا

..اور وہاں سے نکلتا کہ سارگل کی بات پر روکا

...یہ پیسے دو اور فارغ کرو اسے "اسنے ..500 کا نوٹ اسکیطرف بڑھایا

اختر نے وہ نوٹ تھام لیا ..اور باہر اگیا ..جہاں مشل بڑی اس سے اختر کو دیکھ رہی ..تھی

وہ تین دن میں زمانے کی دھول چاٹ کر اس بری طرح کملائی کہ اسکا ملائی سا حسن بھی مانند پڑ گیا..

منہ نہ دھونے کی وجہ سے ..سارا گرد اسکے منہ اور ہاتھوں پر چپکا تھا...

یہ لو لڑکی اور جاو یہاں سے صاحب مصروف ہیں "اختر نے اسکے ہاتھ میں پیسے دیے...

مشل کا دل ڈوب سا گیا..

میں بھکاری نہیں ہوں "گلے میں اسکے گٹھلی پھنس گئ تھی...

اختر ..نے افسوس سے اس لڑکی کو دیکھا..

مگر وہ کیا کر سکتا تھا...

خدارا ایک بار ملنے دیں بس ایک بار "اسنے اختر کے اگے ہاتھ جوڑے...

اختر نے نا چاہتے ہوئے بھی اسکے گڑگڑانے پر...

اسے اندر جانے دیا...

کیونکہ اگر وہ دوبارہ اجازت لیتا تب بھی اسے اجازت نہیں ملنی تھی تو ..وہ ..اس لڑکی کی وجہ سے ڈانٹ ہی کھا سکتا تھا اب...

...مشل کو تو جیسے زندگی مل گئ تھی ..وہ اندر ..بغیر دروازہ بجائے داخل ہوئ

..تو اسے لگا ..وہ کسی شہزادے کے محل میں اگئ ہے

...جیسے ..بلیو آنکھوں والا شہزادہ... اپنی سلطنت میں مگن تھا

...وہ ایک ٹیک اسکی جانب دیکھے گئ

..سارگل نے ..انکھ اوپر اٹھا کر دیکھا تو اپنے سامنے .ایک میلی سی لڑکی کو پایا

..اسکے ماتھے پر کئ بل پڑے

...اختر "وہ ایکدم فائل پٹخ کر دھاڑا... تو مشل اپنی جگہ پر اچھل اٹھی

...مگر اختر اندر نہیں ایا

صاحب... "مشل کو رونا ایا... اسے لگا ہاں یہ شخص اسکی ماں کے خون کا بدلہ لے

..سکتا ہے ..یہ تو شہزادہ ہے ..شہزادے تو کچھ بھی کر سکتے ہیں

اسنے اسکے اگے ہاتھ جوڑ دیے ..سارگل نے تیوری چڑھائ ..جبکہ مشل اسے روتے روتے

...سب بتاتی چلی گئ

..اور ..اس دوران وہ اسکے قدموں میں ا بیٹھی تھی سارگل نے تھوڑی سی چیئر پیچھے کی

اور جب اسکی کہانی سن لی تو اسے ..باخوبی اندازا ہو گیا کہ وہ کیوں اس سے ملنا چاہتی تھی ...

...کس نے پتہ دیا ہے تمھیں میرا "اسنے سختی سے پوچھا

..مشل کو ڈر بھی لگا

...وہ جی... وہ پولیس والے نے دیا تھا..."وہ ناک اپنے دوپٹے سے صاف کرتی بولی

...کتنی جاہل ہو تم"اسنے برا سا منہ بنایا... مشل شرمندہ ہوئ

لاکھ ..ایک ہیرپنگ کے ..دے دو گی "اسنے ..زرا اسکیطرف جھک کر تیوری چڑھائے 10

...ہی تمسخر سے کہا

...مشل کے تو کھاک بھی پلے نہ پڑی

میری فیس... 10 لاکھ ..ایک پیشی کی ہے" ..اسنے اب صاف لفظوں میں کہا .. مشل

..کا تو تھوک ہی اٹک گیا ..وہ آنکھیں پھاڑے اسکی جانب دیکھ رہی تھی

..صاحب مگر میرے پاس تو پیسے نہیں ہیں ".وہ معصومیت سے بولی

...بیبی یہ انات حاشرم نہیں ہے

...تمھاری ماں ..بے قصور ہے ... یہ تبھی ثابت ہو گا ..جب ..مجھے میرا پیسہ ملے گا

..ورنہ ..ساری زندگی کے لیے یہ بات مان لو ..کہ تمھاری ماں بھی اس گند میں شامل تھی

...ٹھیک ہے ..اب جاو "اسنے ٹکا سا جواب دیا

...اور ..ابھی چیئر کا رخ موڑتا ہی کہ ... اسکا فون بجنے لگا

..مراد کا تھا

..ہاں مراد بولو "اسنے کہا

اچھا ..یار پہنچتا ہوں میں تو پارٹی کے بارے میں بھول گیا تھا ..اچھا میں پہنچتا ہوں "وہ

بڑی عجلت میں لگا اتنی کہ ایک وجود اسکے قدموں میں بیٹھا تھا وہ یہ بھول گیا ..اور .وہاں

..سے نکل گیا

..جبکہ مشل ..اس جھومتی چیئر کو دیکھ رہی تھی

اسکا کوئ نہیں تھا ..اسکی ماں کو کبھی انصاف نہیں مل سکتا تھا وہ بھری دنیا میں تنہا

..تھی

بس سوچتے ہی وہ بلک بلک کر رو دی ..اب وہ کہاں جائے گی کس سے انصاف مانگے گی..

.....یہ وہ شہزادہ نہیں تھا جو ..سب کچھ کر جائے

..وہ بری طرح ہچکیوں سے رو رہی... تھی

اسے دس منٹ گزر گئے تھے آنکھوں کے پپوٹے پھول گئے تھے ..زمانے کی سرد گرم سہتے سہتے بھوک الگ لگی تھی...

اسنے آنکھیں صاف کیں اور اٹھی اب کیا کام تھا بھلہ اسکا یہاں ..اور اس سے پہلے وہ باہر نکلتی اسے ایک ٹیبل پر کھانے پینے کا سامان نظر ایا ..وہ بس اسکیطرف کھنچتی چلی گئ ..اور بے اوسان ہو کر کھانے لگی...

کچھ ہی دیر میں اسے اس سنگین غلطی کا احساس ہوا...

اگر یہاں وہ چوکیدار ا جاتا تو...

اور یہ سب...

..وہ پریشانی کے عالم میں بھاگنے کا سوچنے لگی

..لیکن .رات ہونے کو ائ تھی اگر ..وہ یہاں سے بھی چلی جاتی تو کہاں جاتی
اگر وہ یہیں کہیں چھپ جائے ..اور کل ایک بار پھر ..اس شہزادے کو رام کرنے کی
..کوشش کرے ..اسے ہار نہیں ماننی چاہیے تھی
..کھانا کھاتے ہی دماغ نے کام کرنا شروع کیا تو ..وہ بھاگ کر ..واشروم میں چھپ گئ
اسکی قسمت اچھی تھی تبھی اختر نے دروازہ کھول کر چیک کیا تھا ..سارگل کی ڈانٹ سے
..بچنے کے لیے وہ ... کچھ دیر کے لیے وہاں سے ہٹ گیا تھا ..اور اب واپس ایا تو
..سارگل بھی نہیں تھا اور نہ ہی وہ لڑکی
افسوس "اسنے لڑکی کے بارے میں سوچا ..کھانے کی ٹیبل پر اسکی نگاہ گئ ہی نہیں ..اور
اسنے دروازے کو تالا لگا دیا

..

مشل کو جب اطمینان ہوا کہ اب باہر کوئ نہیں تو اسنے ..سکون کا سانس لیا کھانے نے
..اسکے اندر توانائیاں بھر دیں تھیں اسنے ائینے میں خود کو دیکھا تو ڈر ہی گئ

اسکا چہرہ میل سے بھرا ہوا تھا..جبکہ میل کے اندر سے اسکا... چمکتا رنگ جھلک رہا تھا..

اسنے خود کو اچھے سے صاف کیا..وہاں موجود صابن شیمپو کا..بے ڈھنگے طریقے سے استعمال کیا...

اور نہا دھو کر... باہر اگئ...

اسے خود میں سے بہت اچھی خوشبو ا رہی تھی...

مگر ڈر بھی الگ لگ رہا تھا...

لمبے بالوں کو یوں ہی الجھا بکھرا چھوڑ کر... وہ ..ٹیبل کے نیچے چھپ گئ..

زمین پر سونے کی تو پہلے بھی عادت تھی..

وہ ..سارگل کی ..ٹیبل کے نیچے... سکڑ کر بیٹھ گئ ..جبکہ پیٹ بھرنے کی وجہ سے جلد ہی اسے نیند نے جا لیا...

.....

ایک دن بعد وہ کالج ائی تھی اور دعا یہ ہی تھی کہ اسکا داود سے تو بلکل بھی سامنا نہ ہو ...

..وہ اپنے اپشنل لیکچر لے کر... فری ہوئ تو ..انگلش کا لیکچر ہو گیا

جبکہ... ابھی وہ روم میں جاتی کہ سیاہ قمیض شلوار ..میں ..اسی طرح گاگلز لگائے وہ

...روم کیطرف ا رہا تھا... وہ حد سے زیادہ ہی ہینڈسم تھا

..اس میں کوئ شک نہیں تھا

تین دنوں میں ہی ہر لڑکی کے منہ پر اسکانام تھا...وہ اسکو پاگلوں کیطرح دیکھتی رہی حتی

...کہ داود اسکے نزدیک اگیا

..اور اسنے اسکے سامنے چوٹکی بجائ

عینہ کو شدت سے اپنی کوتاہی کا احساس ہوا ..اور اسنے شرمندگی سے ..ادھر ادھر دیکھنا

..شروع کر دیا

...داود کے اندر تو ..اس دن سے عجیب احساسات جنم لے رہے تھے

..اور کل کی اسکی چھٹی نے ..اسے احساس دلایا تھا ..کہ اسکے اندر ان احساسات کی ادھم

...کیا حشر مچا گئ ہے

مس عینہ ۔۔۔ اپکا ہی ہوں ..ساری عمر دیکھیے گا ..ابھی کلاس لیں"وہ کہہ کر دوبارہ گاگلز ..لگا کر اندر چلا گیا جبکہ عینہ کو لگا اسکی سماعتوں نے غلط سن لیا

اسکے ہاتھ پاوں کانپ اٹھے اسکا پرفیسر ..اسے ایسی بات کہہ گیا .. نچریلی ..اسکے احساسات ۔۔۔تھے کچھ ڈر خوف کے کچھ عجیب سے

..اسکے اندر ہمت ہی نہیں ہو رہی تھی کہ وہ کلاس کے اندر جائے

..جبکہ داود روم میں اسکے اندر انے کا انتظار کر رہا تھا

..اور پھر وہ تو تھا ہی صدا کا جزباتی کہاں انتظار کر سکتا تھا

منشا عینہ یہیں باہر بت بن گئیں ہیں انھیں اندر لے کر ائیں" ..اسنے کہا ..منشا ..کو تو اگ ہی لگی وہ اسکی نوکر تھی جو اسکو لے کر اتی ..مگر کچھ کہے بغیر وہ باہر نکلی اور ابھی ۔۔۔عینہ کچھ کہتی وہ گھسیٹ کر اسے اندر لے ائ

۔۔۔عینہ تزبزب کا شکار تھی

اج سے پہلے وہ اتنا نروس کبھی نہیں ہوئ تھی ..کالج یونیفارم میں پونی ٹیل کیے ..رنگ برنگا بیگ ڈالے وہ بلا کی حسین لگ رہی تھی اوپر سے اسکا اسکی اتنی سی بات سے ڈر جانا ..داود کے احساسات کو مزید گدگدا گیا ...

..مس عینہ جگہ پر بیٹھ جائیں یہ وہ کام بھی کوئ اور کرے "اسنے بلاخر طنز کر ہی دیا

..عینہ نے ..اسکی جانب دیکھا ..اور ..اپنی جگہ پر بیٹھ گئ

..لیکچر شروع ہوا ..اور ... عینہ ..نے محسوس کیا ..وہ اسکے ڈیسک کے گرد ہی منڈلا رہا تھا

...اسے نہیں معلوم تھا یہ سب کیا ہو رہا ہے اخر

.....

...لیکچر اف ہوا تو وہ سب سے پہلے وہاں سے نکلی

...جبکہ ... اسے اپنی فرینڈز مل گئیں

...جو اسے ویلکم پارٹی کے بارے میں بتا رہیں تھیں

...جو کچھ دنوں میں ہی ہونے والی تھی

...عینہ کو خوشی ہوئ

..مزاہ انے والا ہے "اسنے کچھ ایکسائٹیڈ ہو کر کہا

..ہاں اور تمھیں پتہ ہے ویلکم پارٹی ہمیشہ کمبائن ہوتی ہے

..یار مزاہ دوبالا ہونے والا ہے "فریہ نے کہا ..تو عینہ ہنس دی

...جبکہ نوشی بھی ہنسی

...داود نے بھی انکی باتیں سن لیں تھیں

...نوشی اور فریہ کی نظر داود پر گئ ..جو کڑے تیوروں میں انھیں گھور رہا تھا

اپ دونوں ہیڈ افس جائیں ..کچھ ہی دیر میں اپ سے وہاں ملاقات کرتا ہوں میں "اسنے سنجیدگی سے کہا تو ..وہ دونوں ..وہاں سے چلیں گیئں غلطی انکی ہی تھی تین دن سے وہ

...سٹک اف تھیں مگر اپنی مستی میں مگن تھیں

...عینہ نے .. بھی وہاں سے جانا چاہا ..مگر داود ..کچھ ترچھا ہو کر اسکے اگے اگیا

ایسے کے اس کوریڈور میں کسی کو بھی ایسا محسوس نہ ہو کہ ..وہ اس سے مخاطب ہونے

..والا ہے

...میرے کیبن میں او... "وہ کہہ کر آگے چلا گیا... جبکہ عینہ وہیں کھڑی تھی

...اب کہ اسے غصہ آنے لگا تھا

... سمجھتا کیا ہے یہ شخص خود کو... وہ بغیر نوٹس لیے

..نوشی اور فریہ کی طرف تیزی سے بڑھی

کہیں نہیں جا رہی ہو تم دونوں ..انھیں یاد بھی نہیں رہے گا ..ہم ..بڑے ہال کیطرف چلتے ہیں... یار گانے کی ریہرسل کریں گے "عینہ کافی پر جوش لگ رہی تھی

یار عینہ ہیڈ افس... نہ گئے تو کل... وہ شخص ہمیں باہر نکلوا دے گا... "نوشی نے

...منہ بسورا

یار... سائیکو سا انسان ہے... مجھے تو بلکل سمجھ نہیں اتی... "عینہ نے بلاخر تجزیہ

...کر ہی دیا

..واو سن لیا نہ ..تو سائیکو... تیرا حولیہ بگاڑ دے گا "فریہ نے ہنس کر کہا

اور ..اسکے بعد اسکا کیا ہو گا "عینہ نے سوالیہ نظروں سے دنوں کو دیکھا ..اور تینوں کھلکھلا

...دیں

...اور بڑے ہال کیطرف چلیں گئیں

...جہاں ..ایک دنیا ادھم مچا رہی تھی

...بہت ساری لڑکیوں سے بڑا حال بھرا ہوا تھا جبکہ سٹیج پر کوئ نہیں تھا

...وہ پرجوش سی سٹیج پر چڑھ گئ

..عینہ عینہ... "پورا کالج ہی جانتا تھا وہ کتنا اچھا گاتی ہے ..اور پچھلے دو سالوں سے وہ ہر ویلکم پارٹی اینول فنکشن... یہ کوئ بھی ایوینٹ ہو ..اس میں لازمی... وہ پرفوم کرتی تھی جبکہ... بوائز برانچ سے... افنان... جو اسکا کوپیٹیٹر بھی تھا...

...اور ..بہرام کے دوست کا بیٹا بھی

...جس کی وجہ سے دونوں کی اپس میں ..اچھی بات چیت تھی

...مائک ہاتھ میں لے کر ..عینہ... بنا میوزک کے... انگریزی دھن... گنگنانے لگی

.

وہ اتنی خوبصورتی سے گا رہی تھی کہ ..اسکا لہجہ ..اور انگریزی دھن... .بلکل... بھی الگ ..الگ نہیں لگ رہے تھے

.....حال میں اسکی اواز کا ایک سرور سا چھا گیا

.....جبکہ عینہ خود مدہوش سی تھی

.....اسکے خاموش ہوتے ہی حال تالیوں سے گونج اٹھا

.....

وہ کافی دیر اسکا اپنے کیبن میں انتظار کرتا رہا جبکہ اس سے پہلے وہ ہیڈ افس بھی گیا تھا

.....جہاں ..کوئ بھی نہیں تھا

..مطلب تینوں لڑکیوں نے اسکی بات نہیں مانی تھی

اسکا میٹر بری طرح گھما ..جبکہ ..اسے صاف صاف لگا وہ تینوں اسکو بے عزت کر کے

.....نکل چکیں ہیں

.....اسنے ٹیبل پر رکھا نوٹ پیڈ اٹھا کر

.....دور پھینک دیا

دل تو کیا پہنچ جائے ۔۔۔ اسکے پاس اور دو چانٹیں لگا دے کہ ..اسکی بات نہ ماننے کی ۔۔۔ہمت بھی کیسے ہوئ

۔۔۔مگر ..وہ اسپر کون سا ایسا اختیار رکھتا تھا جو ..اسطرح اپنا حق جتیاتا

..بہت جلد ۔۔۔ میری ہر بات پر سر خم کرنے کی تمھیں عادت ہو جائے گی ۔۔۔ "اسنے ۔۔۔سوچا ۔۔۔ اور ..بائیک کی کیز اٹھا کر وہ وہاں سے نکل گیا

.....

وہ بڑی عجلت میں اپنے کیبن میں داخل ہوا ..اسکے پیچھے ہمدانی انڈسٹریز کے چیئر مین ۔۔۔تھے

ہمدانی صاحب اپکا کیس نہایت ڈیفیکلٹ ہے "اسنے کہا اور چیئر کھینچ کر بیٹھا ..ہی تھا ..کہ ۔۔۔اسکا بوٹ ..نرم چیز سے ٹکرایا ..اسنے ترچھی نگاہ کر کے دیکھا

۔۔۔اور ایک لمحے کے لیے تو اسکا دماغ اڑا تھا

سر جی اپ سے رابطہ بھی تو اسی لیے کیا ہے "..ہمدانی چاپ لوسی کرتا ہوا ..اسکے سامنے چیئر کھینچ کر بیٹھا ..جبکہ سارگل نے چونک کر اوپر دیکھا...

ایک کروڑ "اسنے سنجیدگی سے ہمدانی کیطرف دیکھا ..وہ اپنے دوست کو ..پھنسا کر کمپنی ہتھیانہ چاہتا تھا...

سر جی "ہمدانی کا تو دم خشک ہوا ..جبکہ ..اسنے کوئ تاثر نہیں دیا اسکے دماغ کے دھاگے ..اپنی ٹیبل کے نیچے تھے...

سوچ لو... پھر ا جانا یاد رکھنا ..تمھارا وہ دوست بھی مجھ تک پہنچ سکتا ہے... "اسنے کہا اور ..اسے انگلی کے اشارے سے چلے جانا کا کہا ..تو ہمدانی کچھ سوچتے ہوئے اٹھ کر ... چلا گیا ..وہ جانتا تھا وہ ایک لالچی انسان ہے دوبارہ کبھی نہیں ائے گا ..جبکہ ..اسکا دوست الریڈی اس سے کنٹیکٹ میں تھا...

اسنے ہمدانی کے نکلتے ہی ٹیبل سے اپنی چیئر دور کی ..اور ..اس لڑکی کی جانب دیکھا جو... پرانے سے کپڑوں میں... اپنے بے پناہ حسن سے بے پرواہ آنکھیں موندے ہوئے تھی...

..کسی سوچ کے تحت ..اسنے ..اپنی دوسری ٹیبل کیطرف دیکھا

...جہاں ..فروٹس ..کو بڑی بری طرح کھایا گیا تھا

...اسنے دوبارہ لڑکی کیطرف دیکھا

ملائم کریم کی مانند ..رنگ ..تیکھے نقوش ... جبکہ بلا کی معصومیت لیے ... وہ سونے کا

...شغل فرما رہی تھی

اسنے ..ایک ہاتھ بڑھایا ..اور اسکے چمکتے گال ... پر انگلی ..رکھی ... جبکہ ..اسکی انگلی کی

...حرکت اسکے گال پر سستی سے بڑھتی گئ ..یہاں تک کہ .اسکے گلابی لبوں پر ٹھر گئ

..اچانک اسکے دماغ میں کل انے والی لڑکی یاد ائ

....اور وہ گھیرہ سانس بھر کر پیچھے ہو گیا

رولنگ چئیر پر ریلکس ہو کر بیٹھے وہ اسے ہی گھور رہا تھا ..جبکہ ..چئیر زور زور سے ہل رہی

...تھی

..مشل کو خود پر کسی کی جھلستی نگاہیں محسوس ہوئیں تو وہ ایک جھٹکے سے اٹھی سر اٹھایا

..جو ٹیبل کے نوکڑ پر بہت زور سے لگا

..وہ منہ کھولے سر تھام گئ ..دن میں تارے الٹے نظر ائے

جانتی ہو... ایک لائیر کے کمرے میں ..چھپ کر اسکی چیزیں چوری کرنے پر تمھیں کم ازکم بھی دس پندرہ سال کی قید ہو سکتی ہے"وہ سنجیدگی سے بولا... اب بھی چیئر جھول رہی تھی مشل نے بڑی بڑی گرے آنکھوں سے ..اس شہزادے کو دیکھا جس کی آنکھوں میں زرا بھی کوئ تاثر نہیں تھا...

مشل کو شرمندگی بھی ہوئ اور اسنے باہر نکلنا چاہا مگر سارگل نے اپنا بوٹ ..پھنسا کر چیئر کو مزید قریب کر لیا

..

..کہ اسپر جھکنے سے ..وہ اسے اسانی سے چھو سکتا تھا

...مشل... کا دل بری طرح دھڑکا

....یہاں تک کہ اس سے نگاہ اٹھا کر دیکھا بھی نہیں گیا

مگ

مگر میں نے کچھ چوری نہیں کیا صاحب"اسنے ہمت کر کے بولنا چاہا··· مگر ..اسے ..

.···محسوس ہوا ..اسکی ٹانگ··· کے پاس ..سارگل کا بوٹ حرکت کر رہا ہے

اب .. حقیقی معنوں میں اسے اس اجنبی سے خوف محسوس ہوا تھا ..وہ بھی تو مرد تھا .وہ

···کس اس کس بھروسے پر یہاں تھی

مگر کیس بنانے میں کتنا وقت لگتا ہے ..وہ بھی میرے جیسے بندے کے لیے "وہ تیوری

..چڑھائے .. سنجیدگی سے بولا .. مشل کو رونا انے لگا··· وہ مزید پھنس گئ تھی

..صاحب ..م معاف کر دیں··· .بس میری ماں کو انصاف دلا دیں 2ہ بے قصور تھیں

···انکا قتل کر دیا

···مجھے دربدر کر دیا

..پھر بھری دنیا کے سامنے میری ماں کی پاک روح کو ..ناپاک بنا دیا

..میں اپکے اگے ہاتھ جوڑتی ہوں ..مجھے انصاف دلا دیں میرا پاس پیسہ نہیں ہے ..مگر

···میں پھر بھی اپ سے التجا کرتی ہوں··· "وہ رونے کے دوران .. سسکتی ہوئ بولی

..سارگل نے مدھم سا مسکرا کر چئیر دور کی

باہر او "اسنے کہا ..تو .. مشل نے اسکی جانب دیکھا ..اور پھر وہی دو پٹے سے ناک صاف ..کر کے ..وہ ... باہر نکل ائ اور اس سے کافی فاصلے پر کھڑی ہو گئ

...سارگل اسے اوپر سے نیچے تک گھورتا رہا

...وہ ایک کم عمر ..مگر بلا کی حسین لڑکی تھی

لاکھ "چئیر پر کھونی ٹکا کر ..اپنی تھوڑی کے نیچے ہاتھ سجائے وہ اسے گھورتے ہوئے 8

...پیسے کچھ کم کر گیا

..مشل نے اسکی جانب دیکھا

کیا یہ بہت بڑا احسان تھا ..کہ اسنے دو لاکھ کم کر دیے تھے مگر اسکے پاس تو ایک پھوٹی ...کوڑی بھی نہیں تھی

یہاں مزید کھڑا ہونا اسے بے کار لگا ..اوپر سے اسکی آنکھیں جن نظروں دے اسے دیکھ رہیں تھیں اسے کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا تھا .. تبھی وہ خاموشی سے پلٹ کر باہر نکلنے ...لگی ..کہ سارگل نے پیپر ویٹ بجایا

....ایکا اوپشن ہے ... .اگر چاہو تو

اسکے بعد ..تمھارا کام اسان ہو جائے گا .اور تمھاری ماں کے قاتل تمھارے سامنے ..سولی پر لٹکیں گے "وہ سکون سے بولا ..مشل نہ چاہتے ہوئے بھی پلٹ کر اسکیطرف دیلھنے لگی ...اسکے دیکھنے میں ایک جوش تھا

..جیسے وہ اسکی مدد کو مان گیا ہو

..سارگل نے بھی اسکی آنکھوں میں دیکھا

دو راتیں میرے ساتھ گزار لو... سیمپل... "سکون سے کہہ کر اسنے ... چئیر کی بیک ..سے ٹیک لگا لی ..جبکہ ..مشل کا دل ڈوب سا گیا

..وہ حیران رہ گئ

..اسکے نزدیک پڑھے لکھے لوگ ایسے نہیں ہوتے

..جبکہا سکا تایا یہ قاسم یہ اسکا باپ خود انپڑ جاہل تھا تبھی بس یہ سوچ رکھتا تھا

عزت تقدس پامال صرف جاہل کرتیں ہیں ..مگر وہ بھول گئ تھی امیروں میں تو سودا بازی ...چلتی ہے

...وہ ..ساکت کھڑی تھی جبکہ سارگل اپنی جگہ بیٹھا چئیر پر جھلنے لگا

.۔۔۔اسکے اندر اب کہ غصہ بھرنے لگا

میری طرف سے انکار ہے ..اپکی اس مدد کی ضرورت نہیں مجھے "سمبھل کر۔۔۔ وہ مظبوط لہجے میں بولتی اپنی عمر سے کافی بڑی ہی لگی۔۔۔

۔۔۔جبکہ سارگل مسکرایا

۔۔۔مشل نے اسکی زہریلی مسکراہٹ کو دیکھا

۔۔۔اب وہ اسے شہزادہ تو بلکل نہیں لگ رہا تھا

۔۔۔دیکھو۔۔۔ میری نہ دماغ کی ایک رگ فالتو ہے

۔۔۔جس چیز کی مجھے ضد چڑھ جائے تو چڑھ جاتی ہے

تمھیں میری بات مان لینی چاہیے مجھے لگتا ہے اس میں تمھارا فائدہ ہے ..اسکے بعد تمھارے پاس لازمی اتنا پیسہ ہو گا کہ تم یوں دربدر نہ پھیرو"وہ ..اپنی عقل سے اسے ٹریپ کرنے لگا ..اخر کو ایک کامیاب وکیل تھا جو صرف۔۔۔ اپنی بات سے ..دوسرے کو رام کر سکتا تھا۔۔۔

ن .. نہیں "اسکے نزدیک اتے ہی مشل کا سارا کنفیڈینس ہوا ہو گیا جبکہ وخف ایک ابر

... پھر تاری ہو گیا

.. سوچ لو ... "اسنے ہاتھ اٹھا کر .. اسکے لمبے الجھے ہوئے بالوں .. کی لٹ کو پیچھے کرنا چاہا

.. جبکہ مشل اس سے بہت دور جا کھڑی ہوئ

... اور دروازہ کھولنے لگی جو کہ لاک تھا

.. اسے لگا .. اسک ادم نکل جائے گا .. چڑیا سا دل پھڑپھڑا اٹھا

.. فکر نہ کرو ... .مجھے زبردستی کی بیماری نہیں

مگر تمھیں میری بات ہر حال میں ماننی چاہیے .. کیونکہ .. اگر تم نے نہ مانا تو تم جیل جاو

گی .. اور جیل جا کر بھی تو وہاں کسی نہ کسی کا لقمہ بنو گی "وہ سکون سے بولتا .. اسکے

.. قریب اگیا

مشل کا دل کیا .. زمین ... پھٹے اور وہ اس میں سما جائے .کاش کاش اسکی ماں اسے

.... بھی ساتھ لے جاتی

... سارگل اسکی انکھ کے موتی تیزی سے ٹپکتے ہوئے دیکھ رہا تھا

...اسکے وجود کی جانب اسکا دما ~بری طرح کھنچ رہا تھا

...مشل نے ..پھر سے دروازہ کھولنے کی کوشش کی ..جو ناکام ہی ہوئ

.... سارگل نے اسکی جانب ہاتھ بڑھایا

...جبکہ وہ چیخ مار کر... اس سے دور ہوی

..سارگل کو یہ سرا سر ڈرامی ہی لگا

...غریب لڑکی تھی اپنا مقصد نکلوا سکتی تھی ..شاید

..مگر ..نہیں لڑکیاں اور ان کے ڈرامے

..اسنے تیوری چڑھا ..کر ..اسکی جانب ..قدم بڑھالیے

اور ..ایک پل میں وہ اسکے نزدیک تھا ..جبکہ شل نے چیخوپکار مچا دی ..سارگل نے اسکے

..لبوں پر ہاتھ رکھ کر اسکی اواز دبا دی

مشل کو لگا .وہ مر جائے گی ..ہاں ایک عزت اسکے پاس تھی اگر وہ بھی یہ شخص لے

...لیتا تو ضرور ..اسکے لیے صرف موت رہ جاتی

اسے کچھ سمجھ نہیں ا رہا تھا ..اسنے دنیا کا یہ روپ دیکھا تھا ..مگر ..وہ تو پڑھے لکھے لوگوں کو بہت اچھا تصور کرتی ائ تھی ..مگر یہ وقت گم منانے کا نہیں تھا کیونکہ اسکے سامنے ایک خوبصورت چہرہ ..شیطانیت سجایے ..اسکے ساتھ کچھ بھی کر دینے کے در پر تھا...

ام ..ام... اسنے ضرور ضرو سے ..اپنا منہ اس سے چھڑانا چاہا...

سارگل نے ہاتھ ہٹایا...

ہاں .سن رہا ہوں ...بتاو .منظور ہے تمھیں ڈیل کیوں کہ ایسے میں تمھارے قریب نہیں اسکتا تم کتنے گندے لباس میں ہو "اسنے منہ بنایا اور دور ہوا..

اسکے نخرے اور اپنی حالت ..بلکہ وہ ہر شے پر حیران تھی...

اپ... ..اپ..

پلیز میں... مجھ سے شادی کر لیں "وہ اسکے قدموں میں بیٹھتی ..بولی...

کیونکہ اس وقت اسے کوئ ہل نہیں نظرا یا تھا سوائے اسکے ..سارگل نے چونک کر اسکی جانب دیکھا...

اور کمرے کی فضا میں ..قہقہ گونج اٹھا..

شکل دیکھی ہے تم نے اپنی "وہ ہنسا۔۔۔ دل کھول کر اور ہنستا ہنستا دوبارہ چئیر پر ڈھیر ہو گیا۔۔۔

وہ ڈرنک نہیں تھا ..بس ..اس لرکا کا وجود ..اسکے لیے اٹریکشن کا باعث تھا ..اج سے پہلے بھیا سنے ایس اکچھ نہیں کیا تھا ..نہ وہ ان چیزوں کا عادی تھا ..ایک انجانی سی کشش .اور اس لڑکی کی بے بسی ..سب مل کر اسکے دماغ کو ..بھکا چکیں تھیں ..مگر

..شادی

"ناممکن

..وہ ہنستا رہا

...مشل ..مٹھیوں سے آنکھیں چھپائے روتی رہی

...تبھی مراد کالینگ اپنے فون پر دیکھ کر

...اسنے ہنسی روکی

..ہاں یار بولو "ہنستے ہوئے پوچھا

..کافی خوش ہو "مراد ..نے کہا

اااا ..خوش تو میں ہر وقت رہتا ہوں مگر فلحال ایک زبردست جوک سنا ہے اسپر ہنس رہا ..ہوں "وہ پھر سے ہنسا

اچھا ایسا بھی کیا سن لیا ..مراد نے پوچھا ..تو ..وہ جو ایک بات بھی اس سے نہیں چھپاتا ..تھا سب بتاتا چلا گیا ..جبکہ دوسری طرف مراد اپنی چیئر ایلدم چھوڑ کر اٹھ چکا تھا کتنے سال کی ہے وہ لڑکی "..اسے اس وقت سارگل پر ..اتنا غصہ تھا کہ وہ اسکے سامنے ...ہوتا تو لازمی دو تین تھپڑ کھا چکا ہوتا

..امم ہو گی ..17 18 سال کی "وہ نارملی بولا

...خیر" ..ابھی سارگل فون بند کرتا ..کہ مراد بولا

..سارگل ... تم اسے کچھ نہیں کہو گے ... "مراد نے تنبیہ کی

سارگل زور سے ہنسا

..معلوم نہیں "اور فون بند کر دیا

..جبکہ مراد ایک لمحے میں افس سے ..نکلا تھا .وہ نہیں چاہتا تھا کسی کے ساتھ ظلم ہو ..تبھی .اسنے سارگل کے افس کیطرف ..گاڑی دوڑائ

.....

..عینہ حویلی ائ ..تو کافی تھکی ہوی تھی جبکہ اسکی اواز بھی بیٹھی ہوی تھی

..اسے مام کہیں نظر نہیں ائ ..وہ وہیں سے بولنے لگی

..مام "بھوک بھی کافی لگی تھی

اہ ڈیڈی کیوں چیخ رہی ہو "صارم جو ابھی کچھ دیر پہلے ..اپنی نائٹ ڈیوٹی سے واپس ایا تھا

..اسکے چیخنے پر منہ بنا کر بولا

..کیا ہے اپکو میرا نام عینہ ہے "عینہ چیڑ کر بولی

نہیں مجھے تو تم .وہ جو جھند میں کالی کالی اڑتی ہیں نہ ..وہ ٹیڈی لگتی ہو"صارم کو اسکو

..تپانے کا موقع مل گیا

...عینہ نے غصے سے پاوں پٹخا

..اللہ کرے اپ گنجے ہو جائیں "وہ غصے سے بولی

اللہ اللہ ..ایشا کا کیا ہو گا پھر "..اسنے اپنے بالوں میں ہاتھ چلایا ..اور سامنے ..دیکھا جہاں ایشا ابھی انسیٹیوٹ سے ائ تھی ..بے ایے کے بعد وہ ..کوکینگ کورس کر رہی تھی صارم کی بات پر مسکرا دی ..وہ دونوں ہی ایک دوسرے وک پسند کرتے تھے اور سب جانتے تھے یہ بات...

بہت کوئ بدقسمت ہے ایشا ..جو اپکے پلے پڑے گی ..ایسے خوفناک نام رکھتے ہیں اپ"عینہ نے بیگ صوفے پر پھینکا جبکہ صارم بھی دوسرے صوفے پر لیت گیا ..اور ایشانے بھی اپنی دش جو وہ بنا کر لای تھی تیبل پر رکھی ..صارم اور عینہ بیقوقت اسپر ٹوٹے تھے..

مجھے بھی کھانا ہے لالا "عینہ چیخی ..ارمیش بھی انکی اواز سن کر اگئ...

اور نفی میں سر ہلا کر ..وہ کچن کی جانب چل دیا..

ایشا تو بس منہ کھول کر ان دونوں کو دیکھ رہی تھی جو ایک دوسرے سے چھین کا سوئیٹ ڈش کا کام تمام کر چکے تھے..

اس میں میرا بھی حصہ تھا شاید "ایشا نے خفگی سے ان دونوں کو دیکھا..

بے بی ڈول میں ہوں نہ پورا پورا سالم

..تمھارے حصے میں اور ویسے بھی یہ ..ڈیڈی زیادہ کھا گئ "..اسنے صاف الزام عینہ پر ڈالا

...عینہ نے اسپر کوشن اچھالا

احمر بابا ..آئیں گے تو ..اپکی ..مار پروا کر سکون ملے گا مجھے "وہ کہتی .. نخرہ دیکھتی وہاں سے اٹھی...

.ایشا بھی خفگی سے جانے لگی ..کہ صارم نے اسک اہاتھ پکڑ لیا ..اور ادھر ادھر دیکھا

..کہیں اسکی ماں تو نہیں اریب قریب

..تم کہاں جا رہی ہو ..پاس بیٹھو "اسنے پیار سے کہا

..جا رہی ہوں میں "ایشا نے منہ بنایا اور ہاتھ چھڑا کر بھاگ گئ

.. عجیب بس ..بندہ رومینس بھی نہیں جھاڑ سکتا "صارم ..بڑبڑایا

.....

گرمی بہت شدید تھی جبکہ ..اسکا اور معاز کا شدید جھگڑا ہوا تھا... اور غصے میں وہ ..اوپر چھت پر اگیا تھا...

..اب گرمی اسے اتنی لگ رہی تھی کہ ..بیٹھنا مشکل تھا

جبکہ اسک اباپ اسے کمرے سے نکال کر ..خود اے سی میں سو رہا تھا ..وہی عام سی چھوٹی سی بات ..کہ داود نے ہمیشہ کیطرحا ہنے کمرے میں سیپرٹ اے سی لگوانے کی ضد لگای ہوئ تھی اور دوسرے طرف وہ بھی ضد پر تھا..

دونوں کا جھگڑا بھڑتا گیا ..وہ غصے میں روم سے باہر نکل گیا .اور معاذ نے کمرہ ہی لاک کر لیا..

...عابیر... جو کہ فیزا کے ساتھ اسکی فرینڈ کے ہاں گئ تھی

اب تک نہیں ائ تھی ..یہ اگر ا بھی گئ تھی تو ..اسکے باپ نے ضرور بڑھا چڑھا کر بتا دیا ہو گا..

..داود"اسنے ... اسکے گھنے بالوں میں ہاتھ پھیرہ

مجھے اج تک یہ سمجھ نہیں ایا انھیں میرے ساتھ پروبلم کیا ہے ..مجھے یاد ہے میری ہر خواہش پر یہ مجھے اسطرح جھڑک دیتے تھے جیسے میں انکا نہیں پڑوسیوں کا بچہ ہوں... وہ سنجیدگی سے بولا ..عابیر ..نے اسکی پیشانی چوم لی "

...وہ چیڑ چیڑے ہو گئے ہیں ..سچ بتاو وہ کبھی ایسا نہیں تھا

..بہت فرینڈلی تھا "..اسنے کہا .تو داود نے ماں کیطرف دیکھا

...یہ بات میں بہت اچھے سے جانتا ہوں وہ بہت فرینڈلی ہیں

" ...فیزا اور روشنی کے ساتھ انکا رویہ ..مجھے دیکھتا ہے ..جبکہ میرے ساتھ... انکا رویہ

..وہ چپ ہو گیا

اپ بھی تو ہر بات پر اڑ جاتے ہو "عابیر نے .پیار سے پچکارہ ..کیا بتاتی وہ اسے ..کہ

..اسکا حسین چہرہ جس شخص سے ملتا تھا ..وہ معاذ کو کبھی بھی برداشت نہیں ہوا تھا

داود کی پیدائش کے بعد سے ہی وہ بہت ..بدل گیا تھا جبکہ داود کے ساتھ کبھی اسکا رویہ

...درست نہیں رہا ..پھر جیسے جیسے وی جوان ہوتا گیا

اسکی حرکتیں بھی ..اس شخص میں ملنے لگیں جس ..کا نام لینا بھی وہ دونوں پسند نہیں

...کرتے تھے

...اڑ جاتا ..ہوں

بس میرا اڑنا دیکھتا ہے ... اپکو ... رگیں فالتو ہیں نہ میرے پاس ... جتنے وہ سخت اہنی جان میں بننے کی کوشش کرتے ہیں نہ وہ جانتے نہیں ہیں ... میں پھر کیا ہوں ..دیکھتی جایین اب اپ "اسنے کہا ..اور بس اسکے دماغ نے سپیڈ سے حرکت کی تھی ..وہ نیچے دھرا دھڑ ..اترا ..اور ..مین سوئچ ..بند کر دیا ..پورا گھر اندھیرے میں ڈوب گیا ..عابیر نے سر تھام لیا

..داود "..اسنے گھورا

.. مجھ سے پنگے کا انجام یہ ہی ہے ... "اسنے شانے اچکائے

...اگر اپ نے کھولا .تو ..پھر میری اپکی ختم "اسنے صاف کہا ..تو .عابیر ہنس دی ٹھیک ہے ..او کچھ کھاتے ہیں "..اسنے ..بیتے کا ہاتھ تھامہ ..اور ادھی رات کو دونوں مان ..بیٹے ..بریانی سے انصاف کر رہے تھے

.. مما ایک بات کہو "اچانک اسکے دماغ میں عینہ ای

...ہاں کہو "عابیر نے ..اسکی جانب دیکھا

یہ عینہ نام کیسا ہے "اسنے ..لاپرواہی سے پوچھا ..عابیر ..نے چمچ منہ ..میں بھرہ اور ...اسکیطرف دیکھا

بہت پیارا نام ہے ..نازک سا ..جیسے جس بھی لڑکی کا ہو ..وہ کوئ پری ..یہ ..کسی کے ..خوابوں کی فیری ہو گی "اسنے تفصیلاً جواب دیا

داود نے سر ہلا ..وہ زرا بھی کوئ تاثر دیتا تو عابیر کو شک ہو جاتا ..اور وہ اسکے پیچھے پڑ جاتی..

تم نے کیوں پوچھا "..عابیر نے کچھ مشکوک نظروں سے اسکیطرف دیکھا..

ایسے ہی" ..وہ جلدی سے بولا

یہ .سلاد پاس کریں "اسنے کہا .تو عابیر نے اسکی جانب سلاد بڑھایا ..اور ..ابھی بجلی بند .کیے ہوئے ..ایک گھنٹہ ہی گزرا تھا کہ .وہ سب ..جو اے سی کے مزے لے رہے تھے رفتہ رفتہ باہر نکلنے لگے..

مما یہ لائٹ کب ائے گی"روشنی تو عابیر کے کندھے پر جھولی..

عابیر نے داود کی جانب دیکھا..

...کبھی نہیں "دانت نکلتا .وہ چھت پر چلا گیا

..جبکہ عابیر ..نے روشنی کو .. سمجھایا

معاز خود ..ہاتھ میں پنکھا تھامیں .. بجلی والوں کو کوس رہا تھا ..جبکہ وہ ..چھت پر صرف ..عینہ کو سوچ رہا تھا

.....

...اسنے گھر میں کسی کو نہیں بتایا تھا کہ وہ نوکری چھوڑ ائ ہے

کیا فائدہ تھا وجہ کیا بتاتی کہ ایک مغرور بدماغ ادمی تھا اسکا بوس... وہ چپ چاپ دوبارہ ...سے اپنی جاب ڈھونڈ رہی تھی

عابیر کے ساتھ کچن میں ہیلپ کراتے ہوئے وہ اسی بارے میں سوچ رہی تھی کہ اخر ...اب کیا کرے ..کسی دوسری کمپنی میں اسے اتنی سیلری نہیں مل رہی تھی ... ..اسکے دماغ کے دھاگے ..مکمل طور پر ..افس کیطرف تھے

کل بھی تم نے چھٹی کر لی تھی اج بھی خیریت ہے"عابیر نے اسے مگن انداز میں سیلڈ کاٹتے دیکھا تو پوچھا..

نہیں... کوئ مسلہ نہیں ..بس... ایسے ہی "اسنے بات ٹالی..

دیکھو بیٹا ویسے تمھیں نوکری کی ضرورت نہیں... مگر جب تم ایک شعبے سے جڑ گئ ہو ..تو تمھیں اسکے حقوق اچھے سے ادا کرنے چاہیے..

نوکری کرنے کا مزاح بھی اپ کو تبھی اتا ہے جب اپ اپنے کام کے ساتھ سنسیر ہوں ...

...باقی اوچ نیچ تو ہوتی رہتی ہے "اخر کو اسنے بھی ایک عرصہ نوکری کی تھی

.پیار سے اسے سمجھاتی ہوئ بولی

...جی "فیزا نے بس مسکرا کر اتنا ہی کہا

...عابیر بھی مسکرا دی

..اج داود نے نہیں جانا کیا"اسنے اچانک ہی پوچھا تو عابیر سر پر ہاتھ مار کر رہ گئ

...اوہ خدایا

.۔۔۔اب اتنا چیخے گا کے گھر سر پرا اٹھا لے گا ..یہ تو شکر ہے بیٹا تمھارے ماموں نہیں ہیں

جاتی ہوں میں تم زرا۔۔۔ نہاری دیکھ لو "اسنے عجلت میں کہا اور باہر نکل گئ جبکہ فیزا

۔۔۔مدھم سا مسکرائ

.. تبھی اسکے فون کی بیل بجی

..افس سے فون تھا اسنے اگنور کر دیا ..وہ کیوں اٹھاتی جب وہ نوکری چھوڑ ائ تھی

..مگر فون مسلسل ..ا رہا تھا ..بلاخر اسنے چیڑ کر فون اٹھا لیا

.۔۔۔مگر بولی کچھ نہیں

..مس فیزا۔۔۔ فورا افس پہنچیں "اس سڑیل کی اواز سن کر اسکا حلق کڑوا ہو گیا

۔۔۔اور وہ کس لیے جب میں نوکری چھوڑ چکیں ہوں "اسنے چھری پٹختے ہوئے پوچھا

پروفیشنل بنیں مس فیزا۔۔۔ یہ ان پرفیشنلیزم مجھے بلکل پسند نہیں

کم از کم بھی اپکو ایک ماہ پہلے انفارم کرنا تھا کہ ..اپ چھوڑ رہیں ہیں تا کہ ہم الٹرنیٹ .

۔۔۔ڈھونڈتے "...اسنے تڑخ کر کہا ..تو فیزا نے دانت پیسے

۔۔۔میں اپکی کمپنی پولیسیز فولو نہیں کرتی "وہ غصے سے بولی

ٹھیک ہے پھر ..پولیس اپ سے پوچھے گی"اسنے کہہ کر فون پٹاخ بند کیا ..جبکہ فیزا کا منہ ....کھل گیا

..اسنے دل میں ..اسے ..بہت ساری گالیاں دیں ..اور پھر شرمندگی خودی ہوئ

...کم از کم گالیاں تو نہ دیتی وہ اسے

...مگر فکر ..نے اسکو گھیر لیا تھا

چار نچار ..اسے افس دوبارہ جانے کا سوچنا ہی پڑا ..کیونکہ .وہ ... پولیس ... اور ان ...معملات سے خوف ذدہ ہوگئ تھی

....اور اس شخص سے کوئ بعید نہیں تھی ..وہ کچھ بھی کر سکتا تھا

...غصے سے سامان پٹخ کر... وہ ابھی باہر نکلتی کہ داود کچن میں اگیا

...یہ تمھارا منہ کیوں من بھر کا ہو رہا ہے"وہ لاپرواہی سے ... پوچھنے لگا

....جبکہ فیزا نے نفی میں سر ہلایا

..اور پھر سے باہر نکلنے لگی

..کیا بھاگی جا رہی ہو ..ناشتہ بناو... میں فریش ہو کر اتا ہوں "اسنے ایک بار پھر کہا

وہ مامی بنا دیں گی مجھے افس جانا ہے ..الریڈی لیٹ ہو گئ ہوں "اسنے کچھ جھجکتے ہوے کہا...

میڈیم التمس کی رانی"وہ پانی کا گلاس ... سائیڈ پر رکھتا اسکیطرف بڑھا ..جبکہ فیزا شرمندہ ہو گئ...

ناشتہ بناو ..مما ..میرا ڈریس پریس کر رہیں ہیں ..میں چھوڑ دوں گا تمھیں "دو ٹوک لہجے میں کہہ کر وہ باہر نکل گیا ..جبکہ فیزا... ناشتہ بنانے لگی...حکم جمانا تو کوئ اس سے سیکھتا

.....

...مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہا... کہ تم اس لڑکی کا اچار ڈالنے والے ہو "وہ غصے سے بولا ...شرم کرو سارگل کسی کی بے بسی کو... اسطرح تم... کیش کرو گے" ..مراد نے فائل سائیڈ پر رکھتے ہوئے...کہا..

اس دن مراد اگر اس لڑکی کو پروٹیکٹ نہ کرتا تو ضرور اسکے اندر کا شیطان اس سے کوئ غلط قدم اٹھوا دیتا...

مگر مراد نے سارگل کو ایسا نہیں کرنے دیا..

اور مشل کی ہیلپ کر کے ..وہ مشل ..کی نظر میں ایک عظیم انسان بن گیا تھا...

سارگل کے ہی افس کے سیکنڈ فلور پر ایک چھوٹا سا اپارٹمنٹ تھا...

جو اسنے اس لڑکی کو دے دیا تھا...

مراد کو اس لڑکی کی کہانی سن کر کافی ترس ایا تھا ..جبکہ ..وہ اکثر ..ایسے فلاحی کام کرتا تھا .. تبھی .. سارگل کو زیادہ محسوس تو نہیں ہو اگر چیڑ ضرور ہوئ ..کہ وہ بلاوجہ اسے پروٹکٹ کر رہا تھا...

ہمم اس لڑکی کو شرم ا رہی تھی جب وہ میرے روم میں چھپی بیٹھی تھی..." اسنے ..پیپر ویٹ گھماتے ہوئے .. مشل کو سوچا...

تم سے بحث بے کار ہے ..اپنا کام کرو جا کر کیوں میرا سر کھا رہے ہو.." مراد نے .. اسکیطرف دیکھا ..تو وہ گھور کر اٹھا...

کب تک چھپاتے پھیرو گے اسے ۔۔۔ تم صرف ضد چڑھوا رہے ہو مجھے "وہ ..انگلی اٹھا ۔۔۔کر بولا۔۔۔ .تو مراد نے .. سر جھٹکا

۔۔۔میں ..انکل کو بتا دوں گا۔۔۔ "اسنے .اسے ڈرانا چاہا

بتا دو۔۔۔ .ان کی ..جوانی کے قصے سن چکا ہوں ..یہ تو میری عادت نہیں جگہ جگہ منہ ..مارنے کی "وہ ..مڑا اور اسکی ٹیبل کے اگے چہل قدمی کرنے لگا

سارگل صاحب اتنے ہی جزبات تڑپ رہے ہیں تو شادی کر لو "مراد ..نے ایک بار پھر ۔۔۔فائل کھولی

۔۔۔وہ تو کروں گا۔۔۔ مگر ..یہ لڑکی چاہیے "وہ ضدی بچے کیطرح بولا

۔۔۔زیادہ بکواس نہیں "مراد نے گھورا

یار تمھاری بہن تو نہیں لگتی جو۔۔۔ تم اسکے بھائ بن رہے ہو "وہ چیڑ کر اسکی ٹیبل پر ۔۔۔جھک کر بولا

۔۔۔سارگل اپنی لیمٹس کروس نہیں کرو "مراد نے فائل پٹخی

۔۔۔تم اس فلیٹ کی چابی دو "سارگل بغیر نوٹس لیے بولا

...مراد نے گھیرہ سانس بھرہ

...شادی کر لو اس سے ..پھر کچھ بھی کرنا "اسنے ... کہا ..تو سارگل ہنس دیا

...بیٹے میرا سٹینڈر گیرا نہیں ہے ابھی "وہ طنزیہ بولا

تو

..گناہ کر کے سٹینڈر نہیں گیرے گا تمھارا "مراد کو تپ چڑھی .

...سب ہی کرتے ہیں ... .دنیا میں کون ہے جو نہیں کرتا "وہ ارام سے بولا

سارگل ... اب میرا سر کھانا بند کرو جب تم جانتے ہو کہ میں وہ چابی نہیں دو گا "مراد

... سختی سے بولا

اور تم جانتے ہو... تم یہ حرکت کر کے مجھے اکسا رہے ہو صرف "وہ بھی سنجیدگی سے بولا

...

...جو کر سکتے ہو کر لو "وہ بولا ..آنکھوں میں چیلینج تھا

..اوکے "اسنے ..کہا... اور ابھی وہ وہاں سے نکلتا کہ کسی سے بڑی زور سے ٹکرایا

..مراد بھی دیکھ چکا تھا کیونکہ فیزا ..اندر... داخل ہو رہی تھی

..شاید بغیر دیکھے

...اندھی ہو "سارگل جو پہلے سے تپا ہوا تھا چلایا

...جبکہ مراد اٹھ کھڑا ہو گیا

...اپکو دیکھای نہیں دیتا مسٹر "فیزا .. بھی دوبادو بولی

...جبکہ اس سے پہلے سارگل کچھ کہتا .. مراد نے اسکا بازو پکڑا

مس فیزا .. اپ باہر جائیں "اسنے کہا... تو فیزا .. سارگل کو گھور کر .. باہر نکل گئ جبکہ

.. سارگل نے اپنا ہاتھ چھڑوایا

اپنے جیسے ہی ایپلوئیر رکھے ہوئے ہیں "وہ گھور کر کہتا .. نکلتا چلا گیا .. جبکہ اسکے جانے

...کے بعد .. اسنے فیزا کو اندر بلا لیا

.....

...وہ خاموشی سے اسکیطرف دیکھ رہا تھا

..جبکہ فیزا بھی خاموش کھڑی تھی

...کیا اپ میرا ٹائم ضائع کرنے ای ہیں "وہ بولا

جی نہیں ..یہ .اپ نے لیلا کو ہٹا کر مجھے اپنی سیکرٹری کیوں ہائیر کیا ہے اسکا جواب چاہتی ...ہوں "اسنے ..پوچھا جبکہ مراد نے اثبات میں سر ہلایا

اپ میری ملازم ہیں یہ میں اپکا جو اپ جواب طلبی کرنے ائ ہیں "اسنے سنجیدگی سے ...پوچھا

...مجھے نوکری نہیں کرنی "وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی

..مراد نے گھیرہ سانس بھرہ

مس فیزہ میرا دماغ اتنا اوٹ ہوا ہوا ہے ..کہ میں اپ سے ابھی بات نہیں کرنا چاہتا ..یہ فائلز پکڑیں ..اور ساری لسٹ ... ای میل کر دیں ... .فائق کو "اسنے مصروف سے انداز ...میں کہا جبکہ وہ منہ کھول کر رہ گئ وہ کیا کہہ رہی تھی جبکہ وہ کیا... کہہ رہا تھا

....اسنے دانت پیس کر ..اس سے ..فائلز کھینچی

اور پاوں پٹخاتی وہاں سے نکل گئ ..جبکہ مراد نے ..وہیں پین پھیکا اور ..چئیر کی بیک ...سے ..ٹیک لگا دی

اول تو سارگل اسکی سمجھ میں نہیں ا رہا تھا ..وہ کیا فضول ضد لگائے بیٹھا تھا وہ بھی ..ایک بے بس لڑکی کے ساتھ

..جس کے اگے پیچھے بھی کوئ نہیں تھا اور وہ عمر میں کتنا چھٹی تھی

...سارگل کی سوچ پر اسے غصے کے ساتھ اب گھن بھی ائ

..مگر وہ اسے اسکے ارادوں میں کامیاب نہیں ہونے دے گا یہ تو طے تھا

..جبکہ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ وہ ضرور کوئ نہ کوئ ..قدم اٹھائے گا

..اور اسکو نیچا دیکھانے کی ضرور کوشش کرے گا

...جبکہ دوسری طرف ..یہ لڑکی ..اسے دیکھتے ہی اس لڑکی پر غصہ اتا تھا

اج تک اسکے افس میں اس سے کسی نے بدتمیزی نہیں کی تھی ..جبکہ وہ لڑکی جو شکل سے کتنی معصوم دیکھتی تھی

...اسکی زبان کتنی تیز تھی

...غصے سے کھولتے دماغ کو سکون دینے کے لیے اسنے

...فون اٹھایا

اسکی سیکرٹری

جو وہ اب بدل چکا تھا وہ بھی فیزا کی اس بات پر کہ وہ اسکی نہیں فائق کی ملازم تھی .

اب کیا بت بن گئے ہو... اولاد بڑی ہو جایے اسکا مطلب یہ نہیں ماں باپ اور دوستوں کو ایک ڈنڈے سے ہانکے گی .. سمجھے تم اپنی ماں کے ساتھ بدتمیزی کرنے سے پہلے ہزار بار سوچ لیا کرو ..کہ یہ وہ عورت ہے جس نے تمھیں تکلیفوں سے جنم دیا ہے ..اور اس کا قرض تم مر کر بھی اتار نہیں سکتے کجا کے تم اپنی جاہلیت دیکھاو گے "معاویہ ..نے اسکو کہری کہری سنا دی...

تبھی وہاں سب اکھٹے ہونے لگے...

معاویہ رہنے دیں اسکی طبعیت نہیں ٹھیک "انوشے ..نے معاویہ کا ہاتھ تھامہ...

بھاڑ میں جائے ..ایسی طبعیت میری جانب سے .. ...

جہاں یہ ماں کا لحاظ بھول جائے" ..اسنے ..کہا ..تو مراد اٹھ گیا..

ٹیبل چھوڑ کر .وہ وہاں سے ..نکلنے لگا ..کہ سارگل سے ٹکرایا جو ..اندر ا رہا تھا..

کیا ہوا" ..سارگل نے اسکا سرخ چہرہ دیکھا ..مگر وہ کچھ نہیں بولا ..سارگل نے .اندر دیکھا ..سب تھے سوائے اسکے باپ کے

..وہ جانتا تھا وہ کہاں ہو گئے

یہ تو عینہ کے کمرے میں ..یہ پھر ..اپنی ..ڈیوٹی پر اچھا ہی تھا وہ نہیں تھا ..ورنہ انکا ....سامنا کرتے ہوے اسے عجیب سا لگتا

...وہ ..مراد کے پیچھے دوڑا

...کیا ہوا ہے یار ..بتاو گے "سارگل نے اسکا شانہ تھامہ

..کچھ نہیں مما کے ساتھ بدتمیزی کی ہے "اسنے سیدھی سی بات کی

..تو اس میں پریشان ہونے کی کیا بات ہے ..سوری کر لو "وہ سکون سے بولا

..اسنے اسکی جانب دیکھا

.یہ تم اتنے عجیب کیوں لگ رہے ہو "وہ بولا ..تو ..سارگل ..نے گور سے اسکیطرف دیکھا

..اور چہرے پر ہاتھ پھیرہ

.کیا مطلب ہے اس بات کا "..سارگل نے نگاہ چرائ

..کچھ نہیں... "مراد نے کہا ..دونوں اپنے اپنے دل میں .. عجیب .چور چھپا رہے تھے .

..ہیلو ..بروز "پیچھے سے اتی اواز پر دونوں پلٹے

...یار بڈھوں ..شادی کر لو "صارم نے منہ بنا کر کہا

...بڈھا کس کو بولا" ..سارگل نے آنکھیں نکالیں

..جبکہ مراد نے بھی تیوری چڑھای

..نہیں میں... میں "..صارم نے تھوک نگلا

...بکرے تو رک یہیں "سارگل چیخا .اور دونوں اسکے پیچھے دوڑے

..جبکہ صارم ائ اوی کرتا ..پورے لون میں گھوم رہا تھا

...اور وہ دونوں اسکے پیچھے پیچھے تھے

.....

....چند دنوں میں داود نے اسکے دل میں خاص مقام بنا لیا تھا

..اسنے کبھی وہ جزبے محسوس نہیں کیے... ..جو ..داود کو لے کر اسکے دل میں اٹھتے تھے

...وہ ایک عجیب شخص تھا

.....کچھ دھوپ سا سخت ..کچھ چھاو سا نرم

....من مانی کرنے والا... ضدی سا

...وہ اسے اپنی محبت میں ضد کر کے گرفتار کر چکا تھا ..اور پھر بار بار ..اسکے گالوں کو چھونا

...یہ سب عینہ کے لیے نیا تھا .. حسین تھا دلکش تھا کیا کیا نہیں تھا

عمر کے اس دور میں اسے ایک بے حد ہینڈسم .. شخص ملا تھا جس کا تصور بھی اسنے نہیں کیا تھا....

...وہ جانتی تھی اس وقت داود احمد کالج کی ہر لڑکی کا پہلا کرش تھا

مگر بعض اوقات وہ اس بات کو سوچ کر مغرور ہو جاتی کہ ..وہ اتنا سب میں پاپولر ..صرف اسکے پیچھے پاگل تھا..

اور دن گزرتے ساتھ اسکا دیوانہ پن مزید بڑھ رہا تھا ..کہ وہ اسے ایک پل کو بھی خود سے اگنور ہونے نہیں دیتا تھا...

..عینہ اٹھتے بیٹھتے... کھاتے پیتے غرض ہر وقت اس سے .. میسجیز... پر بات کرتی تھی

...گھر والوں نے نوٹ کیا تھا یہ نہیں کیا تھا وہ نہیں جانتی تھی

...بس وہ اس شخص کیطرف اپنے کھینچتے ہوئے دل کو روک نہیں پاتی تھی

...وہ کالج میں اینٹر ہوئ تو ..اسکے ..گفٹ کیے ہوئے ..بلیو ڈریس میں تھی

...جو بلکل پلین تھا... جبکہ اسکا دوپٹہ جو عینہ سے بمشکل ہی سمبھل رہا تھا ..ریڈ تھا

...اور ..شانے پر اسنے اپنا بیگ ڈالا ہوا تھا جبکہ بال کھلے تھے

اور ٹھیڑی مانگ نکال کر ..وہ ..کچھ کچھ لمبے ہوتے بالوں ..کو ایسے ہی چھوڑے .دلکش

...پرفیوم کی مہک میں رچی بسی

وہ ..اپنا اردو کا لیکچر لینے جا رہی تھی جبکہ گلے میں ..ایک گولڈ چین تھی... جو شاید ابھی

..داود کی نظر میں نہیں ائ تھی ..وہ اسے بہرام نے دی . تھی

اور ..میکپ ..میں اسنے صرف ..براون گلوز ..لگایا ہوا تھا ..وہ اسقدر حسین لگ رہی تھی

..کہ ..سب نے مڑ مڑ کر اسکو تکا تھا

...عینہ کا موبائل رینگ ہوا

اسکے لب مسکرائے ..اسکا میسج اگیا تھا ..مگر اسے تھوڑا افسوس ہوا ..وہ میسج اسکا نہیں تھا

اسکی دوست کا تھا ..مگر اسنے پڑھنا ضروری نہیں سمجھا اور ..داود کے نمبر پر ..ابھی وہ

.. میسج کرتی ..کہ ..بری طرح جھٹکا... لگا ..اور اسکی کلائ کھینچتی ..چلی گئ

وہ جانتی تھی وہ کس کا ہاتھ تھا ..پتہ نہیں اسے ڈر کیوں نہیں لگتا تھا ..ہر معملے میں بے باک تھا....

اپ" ..اسکے منہ سے بس اتنا نکلا ..وہ اسے کھینچ کر سٹور روم میں لے ایا..

کیا مارنا چاہتی ہو "..معمولی سے بل ڈالے ..وہ بولا... اور گھیری سانس بھری اسکی خوشبو وہ خود میں اتار کر بولا ..عینہ شرما سی گئ...

داود... بہت رش ہے باہر کوئ ا جائے گا... "عینہ نے ادھر ادھر دیکھا....

انے دو... "داود کو کہاں فرق پڑتا تھا ..اسنے عینہ کا ہاتھ تھاما جس میں دو تین رینگز تھیں ..داود ان رینگ کو دیکھتا ..رہا... عینہ داود کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی ..دونوں جانب خاموشی تھی....

کس کے ساتھ ائ ہو "اسنے پوچھا جبکہ اب ..نگاہ گلے میں موجود باریک سی چین پر تھی....

میں تو اکیلی اتی ہوں "..اسنے بتایا...

داود نے... اسکی باریک سی ..چین پر ..انگلی رکھی ..عینہ نے اسکی آنکھوں میں عجیب ..تاثر دیکھا ..یہ پہلی بار تھا ..وہ سمجھ نہیں پائ

داود کیا ہوا ہے... مجھ سے کوئ غلطی ہوگئ ہے کیا "وہ جھجھکتے ہوئے ..تھوڑی سی ... سہمی نظروں سے اسے دیکھنے لگی

یہ چین کس نے دی ہے "وہ ..بغیر مسکراے بولا... .عینہ اس سے ..تھوڑا سا ..ڈر رہی ... تھی

..مگر.اگنور کر کے .مدھم سا مسکرائ

...یہ ..یہ میرے ڈیڈ نے

یو نو ..وہ مجھے چڑیا کہتے ہیں... گولڈ سپیرو..." .وہ محبت سے چین... کو چھوتے ہوئے ...بولی... داود کی انگلی اب بھی چین پر تھی

...گولڈ سپیرو "اسنے دھرایا

نئس نیم"وہ عجیب سا مسکرایا... اور انگلی جو چین پر رکھی تھی ..وہ چین کے اندر ڈال کر اسنے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سونے کی قیمتی چین کو... پل میں ..ایک جھٹکے سے ...توڑ ڈالا

...چین عینہ کی گردن سے پھیسل کر... داود کے ہاتھ میں .اگئ

...عینہ کی ..بڑی بڑی آنکھیں ..ایکدم پھیلی

داود... نے ..بھنوؤں کو معملوی جنبش دی ..عینہ کو لگا اسکی دھڑکن کی رفتار ..مدھم پڑی ہو ..یہ چین اسکے لیے بہت قیمتی تھی بچپن سے اسکی گردن کی زینت تھی انسیت بھی ...بہت تھی

کیا ..مجھ سے زیادہ قیمتی ہے "اسکی دھڑکنیں وہ سن سکتا تھا ..مگر پھر بھی بے حسی ...سے بولا

...عینہ ..کی آنکھوں کی نمی واضح تھی

...نہ ..نہیں... ".وہ ہلکی سی مسکرائ

بس میں یہ ہی چاہتا ہوں تمھارے لیے ..ہر بات سے زیادہ

داود احمد قیمتی ہو..." .اسکی انکھ سے پھیسلتا انسو ..بڑی چاہت سے... .اپنے انگوٹھے .
...سے صاف کر کے ..وہ بولا ..اور اسکے گال پر چٹکی لی

...عینہ بھی مسکرائ... نظر ..اس چین پر تھی ..جسے داود اسکی ہتھیلی پر رکھ چکا تھا
..اب اسکی نظر ان رینگز پر گئ

...یہ میں ..میں اتار دیتی ہوں "اسنے جلدی سے ..کہا

...داود مسکرایا

....ڈر رہی ہو عینہ "وہ اسکے نزدیک ہوا... کے عینہ... دیوار کو لگی

...پھر نفی میں سر ہلایا

نہیں... بس... میں چاہتی ہو ں اپ غصہ نہ ہوں "وہ مدھم اواز میں بولتی اس وقت
داود کو کتنی پیاری لگ رہی تھی ..کوئ نہیں جانتا تھا

..تم میری عینہ ہو..." .اسنے پیار سے کہا... تو عینہ نے سر ہلایا

...اب جاوں" .عینہ نے پوچھا

ہمم جاو ..لیکچر لینے او ..گا ..اسکے بعد ..تمھارے ہاتھ سے لنچ کرو گا ..ڈن "اسنے ..ریلکس انداز میں کہا...

..ڈن "عینہ نے بھی کہا ..اور وہاں سے ..اٹھی ..داود وہیں کھڑا تھا

...جائیں بھی"وہ ہنسی... داود ایسے ہی دیکھتا رہا

..یار ..کھا جاو تم کو... "وہ ..خمار الود نظروں سے اسے دیکھنے لگا

..عینہ ..خفیف سی ہوئ ..اور داود ہنستا ہوا ..باہر نکل گیا

...اسکے ..نکلتے ہی ..عینہ کی مسکراہٹ جو اسکے سامنے تھی ..مدھم ہوتی چلی گئ

...اسنے اپنی ہتھیلی میں دبی چین کو دیکھا

....اسے بہت دکھ ہوا

...یہ چین اسے بہت پسند تھی

....کیا داود سے زیادہ

...اسکے دل نے پوچھا

.....

....سارا دن بہت اچھا گزرا تھا ..بہت خوش باش

...مگر دل کے کسی کونے میں بار بار چین کا خیال تھا

پھر بھی اسکا دن بہت اچھا تھا ..بار بار داود کا ..اسکو دیکھنا ..بار بار ..اسکی تعریف کرنا ..وہ آسمانوں پر اڑنے لگی تھی جیسے...

چھٹی کا وقت ہوا ..اسکا بلکل دل نہیں کیا وہ جائے مگر جانا تھا ..ابھی وہ ..داود کو میسج کا جواب دیتی ہی کہ اسے مین گیٹ سے مراد اندر اتا دیکھا....

...اسے حیرت ہوئ وہ بہت کم یہاں اتا تھا

.... میسیج کا جواب دیے بغیر وہ ..مراد کی جانب بڑھ گئ

...جبکہ مراد بھی اسے دیکھ چکا تھا

اسنے ہاتھ ہلایا .عینہ جلدی سے اس تک پہنچی یہ جانے بغیر ..وہ کتنی بری غلطی کر رہی ہے..

..بھیا اپ یہاں "اسنے ..پوچھا ..مراد نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا

..ہاں مجھے تم سے کسی کو ملوانا ہے سوچا ..تمھیں ..کالج سے پیک کر لو "وہ ..مسکرا کر بولا .تو عینہ کی آنکھیں گھمیں

ہمم کس سے ملوانا ہے بھئ"وہ ..مشکوک سی ہوئ جبکہ لبوں پر بڑی گھیری مسکراہٹ تھی..

..مراد دل کھول کر ہنس ا

...نہیں وہ وہ نہیں جو تم سمجھ رہی ہو

..تمھاری ..جیسی ہی چھوٹی سی ..بہن ہے میری

..اسکو حویلی لے کر جانا ..ہے ..باقی باتیں راستے میں بتاو گا ..ابھی او جلدی سے "اسنے
..کہا تو ..عینہ بھی ہنسی مگر تجسس بھی ہوا

..اوکے "وہ ..ابھی چلتی کہ اسکی کال انے لگی

..داود کا نام دیکھ کر ..اسنے کال پیک کی

...مراد اس سے دو قدم اگے تھا

.وہ وہیں رک گی

..جی"وہ .پیار سے بولی

...یہ کون ہے "سرد اواز ابھری

..عینہ ٹھٹک کر روک گئ

...وہ... ".ابھی وہ کچھ کہتی ہی کہ داود بول اٹھا

...روم میں او میرے "اسنے کہہ کر ..کال بند کر دی

..عینہ ..نے مراد کیطرف دیکھا ..جو اسی کیطرف دیکھ رہا تھا

..ٹھیک ہو ..عینہ "اسنے پوچھا

جی جی ..بھیا ..بس وہ میرا ..میں ..مجھے اپنی دوست کو ایک میسج دینا ہے کیا میں دے دوں "وہ معصومیت سے اپنی بھکلاہٹ چھپاتی بولی ..مراد نے ..زرا ..مشکوک ہو کر اسکو ..دیکھا ضرور کیونکہ اسکے چہرے کی ہوائیاں ار رہیں تھیں

"اوکے جاو ..اور جلدی انا میں ویٹ کر رہا ہوں

مراد کہہ کر وہاں سے مین گیٹ کی جانب چلا گیا جبکہ عینہ الٹے قدموں ..داود کے روم ...کیطرف بھاگی

وہ سٹاف... رومز کیطرف آئ تو وہاں کافی سناٹا تھا ..وہ چلتی گی اور داود کے روم کا دروازہ ...کھولا

...داود... سنگل بیڈ پر بیٹھا... تھا

جبکہ عینہ کو

..غصے سے گھور رہا تھا .

عینہ ..کا چہرہ پسینے سے بھر گیا تھا ..جبکہ بال بھی ..اب اسکی گردن سے چپکے تھے ..اور وہ کافی... بھکلای ہوئ لگ رہی تھی

..داود" .وہ اسکی جانب ائ ..کہ داود اٹھا..

اور ..اسکی ایک کلائ تھام ..کر ..اسنے ..دوسرے ہاتھ سے اسکی گردن ..تھام کر اسے ..دیوار پر لگا دیا

...آنکھوں میں جیسے خون اتر ایا تھا

..عینہ کا ..منہ کھل گیا ..جبکہ داود ..اسکے ہونٹوں کے قریب انے لگا

..عینہ کا دل ..چڑیا کی مانند پھڑپھڑا اٹھا

...نہ نہیں داود"وہ ..آنکھیں میچ کر بولی

...میں تو تم سے محبت کرتا ہوں... .دیوانہ ہوں تمھارا

...مگر تم کسی اور مرد سے کیسے بات کر سکتی ہو "..وہ پھنکارہ

...بھیا ہیں وہ میرے"وہ .. منمنائ

...داود ..کو لگا جیسے اسپر ٹھنڈا پانی ڈال دیا گیا ہو

..اسکی گرفت عینہ پر ڈھیلی ہوئ

..تو میسج پر بتا دیتی "وہ ..نارمی سے بولا ..عینہ اسکی جانب .دیکھنے لگی

....داود اسکی ..آنکھوں پر پھونک مار کر مسکرایا

"..وہ ..مجھے غصہ جلدی ا جاتا ہے عینہ ..میں اس چیز کو

..اپ نے مجھ پر بھروسہ نہیں کیا" .وہ... رونے لگی

...عینہ "داود کو خود پر ہی غصہ ایا

جانیں دیں داود مجھے... "اسنے اسکے ہاتھ ہٹائے

..داود نے اسکی کلای تھامنی چاہی مگر ..وہ... ہاتھ چھڑا کر ..باہر بھاگ گئ .

..عینہ رکو" ..وہ پیچھے سے بولا ..مگر عینہ بھاگتی چلی گئ

....داود کے غصے سے اسے ڈر لگنے لگا تھا

..اور چھوٹی چھوٹی بات پراسے غصہ اتا تھا

...اسے لگا وہ اسکے پیچھے ا رہا تھا

..مگر عینہ روکے بغیر مین گیٹ سے نکل گئ جبکہ داود نے ..ہاتھ پر مکہ مارا

...شیٹ شیٹ داود

...وہ ایک نازک سی لڑکی ہے"وہ خود سے باتیں کرنے لگا

...جبکہ عینہ وہاں سے جا چکی تھی

.....

..عینہ کو رونا تو بہت ایا ..وہ ایک حساس لڑکی تھی

...پہلی بار محبت کی بھٹی میں قدم رکھا تھا ..ابھی تو قدم جلنے تھے

..مراد نے عینہ کی جانب دیکھا

...تمھیں ہوا کیا ہے اچانک "اسنے پوچھا

..کچھ نہیں بھیا... وہ ..فریحہ ..پر غصہ اگیا تھا "اسنے کہا

..تو دفع کرو ایسی دوست کو "اسنے کہا .اور گاڑی چلا دی

..عینہ ہنس دی

..دفع نہیں کر سکتی "اسنے داود کو سوچ کر کہا

وہ سب اسکے لیے ..بہت کنسرن رکھتے تھے ..خاص کر بہرام مگر ..فلحال ..وہ... اپنے کچھ معملات میں مصروف تھا...

اچھا بھئ... اپنا موڈ تو ٹھیک کرو... چلو ائس کریم لے لیتے ہیں ..عینہ بھی خوش اور مجھے یقین ہے ..جس کے پاس میں تمھیں لے جا رہا ہوں وہ بھی خوش ہو جائے گی"اسنے ..کہا ..تو عینہ نے سر ہلایا

اف بھیا بتایئں تو .وہ ہے کون "اب وہ اسکے دماغ سے ..اپنی روتی صورت نکالنے کو جلدی ..سے بولی

...صبر ..سوئیٹی... صبر"مراد نے کہا تو ..عینہ نے منہ بنایا ..داود کی کالز ا رہیں تھیں

اسکادل کیا اٹھا لے ..مگر ..پھر اسنے فون سائلینٹ پر کیا ..اور ..مراد کی باتوں کا جواب ...دینے لگی

.....

...اسے خود پر جتنا بھی غصہ اتا کم تھا

...فل سپیڈ میں بائیک دوڑا کر وہ گھر پہنچا

..تو فیزا نے دروازہ کھولا

..افس نہیں گئ تم "داود نے اچانک ہی پوچھا تو فیزا نے نفی کی

..خیریت "داود ..ماتھے پر بل ڈالے پوچھ رہا تھا

..فیزا ..کو سب یاد انے لگا ..تو ..اسے غصہ سا اگیا

..کچھ نہیں ..ایسے ہی چھٹی کر لی .. تمھیں کھانا دو "اسنے پوچھا

..مما کہاں ہیں "داود نے ..ہاتھ دھوتے ہوئے پوچھا

مامی کی طبعیت ٹھیک نہیں ہے ..وہ لیٹی ہوئ ہیں "..فیزا نے جواب دیا اور کچن میں چلی گئ داود بار بار عینہ کو میسیج کر رہا تھا ..مگر وہ تھی ..کہ ایکدم ہی اپنا غصہ دیکھا رہی تھی ..وہ مدھم سا ہنسا...

...اور ..مما کے کمرے میں .اگیا

..کمرے میں اچھی خاصی گرمی تھی

..بندی ..شوہر کا کچھ کچھ خرچہ کرا لیتا ہے انسان "اسنے اے سی کھولتے ہوے کہا

"..اوہو داود رہنے دو... بل پہلے ہی زیادہ ایا ہے ..بس معاز اے گا تب چل جاے گا

...اچھا کتنا ایا ہے "اسکے اندر موجود شیطان نے پنگا لیا

...عابیر نفی میں سر ہلا کر رہ گئ

...بتا بھی دیں "وہ دانت نکالتے ہوئے پوچھنے لگا

...اتنا ضرور ہے کہ اپکے بابا... غصے میں ہیں "عابیر ہلکا سا مسکرائ

ان سے کہیں غصہ بندہ صحت دیکھ کر کرے اویں غصے کی شدت سے لڑک جائیں "وہ

..لاپرواہی سے بولا

...اللہ داود... "عابیر نے گھورا ..تو وہ ہنس دیا

بیماری میں بھی شوہر نہیں بھولا... "اسنے کہا ..تو ..عابیر خاموش رہی

اچھا .. بھئ ..یہ بیل میں بھر دوں گا ..اچھا ہے اپکے شوہر پر بھی تھوڑا بہت احسان ہو

...جائے گا "داود نے عینہ کو پھر سے میسج کرتے ہوے کہا

" شرم کریں اولاد ماں باپ کا احسان نہیں چکا سکتی

...ماں کا... ماں کا تو مر کر بھی نہیں اتار سکتا "اسنے کہا

..تو عابیر اسے دیکھ کر نڈھال سا سر ..تکیے پر رکھ گئ

...اسنے کبھی نہیں سوچ اتھا ..اسکی زندگی ایسی ہو گی

..پہلے ..اسکے ساتھ... حادثات ہوتے رہے جنھیں دھرا کر بھی یاد نہیں کرنا چاہتی تھی
..اور اب ..اسکی قیمتی اولاد ..کی اسکے اپنے ہی باپ سے نہیں بنتی

..مگر وہ جانتی تھی معاذ اسکے ساتھ نا انصافی کرتا ہے

..مام طبعیت خراب ہے ہم چلتے ہیں ..ڈاکٹر پر"وہ ایکدم اٹھ کر بولا

نہیں داود... میری فکر دور کر دیں پلیز... معاذ سے ٹھیک ہو جائیں "اسنے کہا ..تو داود
..تیوری چڑھاے ایک لمحے دیکھتا رہا

اچھا ..ٹھیک ہے ..اپ تو اٹھیں... پہلے ڈاکٹر کے پاس ..فیور ..تیز ہو رہا ہے"وہ بولا ..تو ..عابیر اٹھ گئ ..اور ..پندرہ منٹ میں ..وہ .ایک اچھے ہسپیٹل کے باہر تھے

داود... بلاوجہ یہاں لے ائے ہو ..وہاں محلے میں... بھی ڈاکٹر تو تھا ہی "وہ بولتی گئ داود ...ہنسنے لگا

" ڈارلنگ ہم امیر ہو گے تو ..پھر بھی محلے کے ڈاکٹر کے پاس جائیں گی

وہ دونوں باتیں کر رہے تھے... جبکہ ..عابیر ..کو ..ایک لمحے کے لیے جیسے برسو پرانی ..خوشبو اپنے اطراف میں محسوس ہوئ

...وہ خوشبو جو ایک وقت میں اسکے اردگرد رہتی تھی

...نہ محسوس انداز میں ..اسنے ارد گرد دیکھا

..اور ..اپنے پیچھے سے ..نکلتے ہوئے بہرام کو... وہ... آنکھیں پھیلاے دیکھنے لگی

..وہ پہلے سے زیادہ ..دلکش لگ رہا تھا ..جبکہ لبوں پر مسکان تھی ..اور اسکے ارد گرد گارڈز ..تھے اور کتنے ہی ڈاکٹرز ..اسکے سامنے کھڑے تھے

...اسنے اسکی جانب نہیں دیکھا تھا ..سب پیشنٹس وہیں رک گیے ..وہ شاید وہاں ڈونیشین کے لیے ایا تھا...

..عابیر نا محسوس طریقے سے ..داود کے پیچھے ہوتی چلی گئ

...دس از دا لائف"داود چمک بھری آنکھوں سے اسے دیکھنے لگا

..عابیر... داود کی بات سن کر سن کھڑی رہ گی

وہ نہیں جانتی تھی ..کہ اسکا بیٹا اس شخص کو پسند کرے گا... جس کے ساتھ وہ تعلق نہیں رکھنا چاہتی تھی..

..بہرام ..دس منٹ میں ہی وہاں سے چلا گیا ..جبکہ سب پھر سے ویسے ہی ہو گیے ..مگر چیمگویاں شروع ہو گئیں .تھیں اسکے متعلق...

..داود بھی مسلسل اسکے بارے میں بات کر رہا تھا

..داود "عابیر نے اسکو ٹوکا

...داود نے حیرت سے اسکیطرف دیکھا

ہم باہر چلتے ہیں "اسنے کہا تو ..وہ ..اسے باہر لے ایا پوچھنے کے باوجود عابیر نے اسے ...کچھ نہیں بتایا ..اور ..بغیر دوائ لیے ..وہ اسے اسکی ضد پر گھر لے ایا

.....

عینہ... کبھی مراد کی جانب تو کبھی اس لڑکی کی جانب دیکھ رہی تھی ..جس کی حالت کافی بری تھی

بھیا یہ "عینہ... فق چہرے کے ساتھ مراد کو دیکھ رہی تھی جس کا چہرہ بری طرح سرخ ..تھا

جبکہ مشل ..ساکت بیٹھی تھی ..اسکے وجود میں زرا بھی جنبش نہیں تھی

...مشل نے انکھ اٹھا ..کر مراد کی جانب دیکھا

..اسکے گرد ..پیسے پڑے تھے... مراد... کا خون ..کھول اٹھا

اسنے بنا کچھ سوچے بہرام کو کال ملا دی... اور ..اسے فورا اڈریس سمجھا کر ..وہ چہرے پر ہاتھ پھیر کر رہ گیا...

اس وقت اگر سارگل اسکے سامنے ہوتا تو وہ ضرور اسکا حشر بگاڑ دیتا...

عینہ... مراد کو باہر جاتا دیکھ ..عینہ ہمت کر کے اس لڑکی کیطرف بڑھی...

اور اسکے شانے پر ہاتھ رکھا...

یہ ..سب تمھارے ساتھ کس نے کیا"وہ ..نم آنکھوں سے پوچھنے لگی..

سارگل ..خان نے "مشل کی جانب سے سپاٹ جواب ایا..

جبکہ عینہ کا ..ہاتھ اسکے پہلو میں گیر گیا...

.....

اسے یقین ہی نہیں ایا... کہ اسنے اسکے بھائ کا نام لیا ہے اسک ابھائ جو ..اس سے ..کتنی محبت رکھتا تھا ..اسے کیسے ہتھیلی کا چھالہ بنا کر رکھتا تھا ..وہ اتنا سفاک ہو سکتا ہے ...اس سے بھی چھوٹی لڑکی کے ساتھ ..اتنا ظلم

..عینہ... کی آنکھیں ..بھیگ گئیں... .جبکہ مشل... نے اب ان پیسوں کیطرف دیکھا مراد بھی وہیں کھڑا تھا ..وہ بہرام ..کے سامنے لائے بغیر ایک لفظ بھی بولنا نہیں چاہتا تھا ...وہ چاہتا تھا ..یہ سب اسی طرح بہرام دیکھے

...یہ قیمت تھی میری"پیسوں کو چھوتے ہوے مشل مدہم اواز میں بولی

...مراد نے گھیرہ سانس لیا جبکہ عینہ تو رونے لگی تھی

..تبھی مراد کے سیل پر بہرام کی کال انے لگی

...مراد وہاں سے پلٹ گیا

... مشل ..بھی عینہ کے رونے پر رونے لگی تھی

....اپنی قسمت پر بھی رونا ا رہا تھا

..."تم مت رو "عینہ نے ..اسکے شانے پر ہاتھ رکھا

میں لاوارث تھی... .میں لاوارث ہوں کیوں ..اسنے مجھے میری نظروں میں گیرہ دیا "وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی جبکہ ..تب تک مراد بہرام .. بھی پہنچ گئے تھے بہرام... نے تیوری ..چڑھا کر ..مراد کی جانب دیکھا

..."کیا ہے یہ سب"سخت اواز میں بولا

..."عینہ عینہ جان اٹھو یہاں سے... .کیوں رو رہی ہو تم"بہرام فورا بیٹی کے نزدیک گیا

جبکہ مشل کی حالت دیکھ کر سمجھ تو سب ا رہا تھا ..مگر وہ پہچان نہ سکا ..کہ ماجرا کیا ہے ...اور... مراد نے کیوں بلایا ہے

ڈیڈ... ڈیڈ ..لالا ..نے ..لالا نے ..وہ تو بہت چھوٹی سی ہے "عینہ ..بری طرح رونے ....لگی ..جبکہ بہرام کے سینے سے لگ گی

..بہرام نے مراد کی جانب دیکھا ..اسکا دماغ غصے سے پھٹنے لگا

..کچھ بکو گے تم زبان سے "وہ چیخا

سارگل نے مشل کے ساتھ زیادتی کی ہے..." .مراد... بولا تو... بہرام کی گرفت عینہ پر ڈھیلی پڑ گئ..

...فضول بکواس مت کرو"وہ دھاڑا... مشل سہمی ..جبکہ عینہ .. مشل کے پاس چلی گئ

اسے معلوم نہیں مشل سے ..شدید انسیت ہو رہی تھی اور اسکی تکلیف بھی محسوس ہو رہی تھی...

...کہ اسکے ساتھ کتنا غلط ہوا وہ بھی اسکے بھائ نے

یہ بکواس نہیں ہے... ".مراد بھی آنکھیں نکال .کر بولا ..اور پھر ..رفتہ رفتہ اسے سب بتاتا چلا گیا...

...جبکہ بہرام ..بس ایک لمحے کے لیے ..فق ہوا تھا

اسے وہ دن یاد ائے جب وہ بھی

... شبنم کے ساتھ ..

....مگر کبھی اسنے کسی پر زبردستی نہیں کی تھی

...اور اس طرح اسکے سامنے ایا تھا

..بہرام نے مشل کی جانب دیکھا ..اسکے گرد ہزار ہزار کے نوٹ بکھرے ہوئے تھے

...جبکہ وہ اسکی بیٹی کے سینے سے چیپکی ہوئ تھی

بہرام دو قدم بڑھا ..کر .. مشل کی جانب چلا گیا ..جبکہ مراد کو ہاتھ اٹھا ..کر اسنے سارگل کو بولنا ے کا کہا...

.. مشل .. خوف سے ..بہرام کی جانب دیکھ رہی تھی

بہرام کو ..اسکے چہرے اور گردن پر ..نشان ..صاف بتا رہے تھے کہ یہ تماشہ نہیں ہے یہ سب حقیقت ہے...

...کس نے کیا ہے یہ سب تمھارے ساتھ... "وہ سرد لہجے میں بولا

...ڈیڈ میں نے بتایا تو ہے

عینہ... چڑیا... اپ دو منٹ خاموش رہو... "اسنے پیار سے بیٹی کو ٹوکا ..تو وہ خاموش ہو ...گئ جبکہ مشل کا ہاتھ تھام رکھا تھا

..س... سارگل نے... "مشل بمشکل بولی

کیسے جانتی ہو تم اسے... "بہرام نے تیوری چڑھا کر پوچھا ا ..تو مشل اسے سب بتاتی چلی ...گئ

..بہرام .نے مٹھیاں بھینچ ..لیں

..کب مر رہا ہے وہ یہاں "وہ غضب ناک ہوا... مراد نے اسکی جانب دیکھا

...وہ فون نہیں اٹھا رہا "مراد نے کہا ..تو بہرام نے ..اپنے سیل سے اسے کال کی

..اور ایک منٹ میں کال ریسیو کر لی گئ

....یس ڈیڈ"وہ ..چھک کر بولا

....کہاں ہو "بہرام سے غصہ ضبط کرنا بہت مشکل ہو گیا

کوٹ سے نکل رہا ہوں "..سارگل کو اسکے لہجے کی سختی محسوس تو ہوئ مگر ..اگنور کر کے بولا...

"سرد سے لہجے میں پوچھا" ..جیت گئے

"اسنے مسکرا کر سوال کیا" ..ہار سکتا ہوں؟

"اسنے کہا اور فون بند کر دیا ..سارگل" ..ہممم گڈ ..زرا اپنے افس ..پہنچو ..میں نے ملنا ہے ..فون کو دیکھتا رہا

"اسکے دماغ میں کلک ہوا" ..کہیں

"وہ خود کو کوستا ..کوٹ سے بھاگتا ہوا نکلا تھا" ...اوہ نو ..نو نو ..شیٹ...

بہرام ..نے چہرے پر ہاتھ پھیرہ... اور پھر سے مشل کو دیکھا ..اور اسکے سر پر ہاتھ رکھا...

....اب تمھیں رونے کی ضرورت نہیں

تمھارے .. مجرم... کا میں گلہ دبا دوں گا... " سختی سے کہتے ہی ..وہ اٹھ گیا ..جبکہ مراد کے ..دل کو سکون ملا وہ جانتا تھا ..بہرام ہی وہ شخص ہے جس سے سارگل کو ڈر لگتا تھا ...ورنہ... وہ کسی کے قابو انے کی چیز نہیں تھی

.. مشل اور عینہ اب بھی رو رہیں تھیں

پندرہ منٹ کے اندر اندر .. سارگل ..اپنے افس کے باہر تھا ..باہر مراد اور بہرام کی گاڑی ...دیکھ کر انھونی کا احساس اسے ہو گیا

تم نہیں بچتی مجھ سے مشل "وہ .. کچکچا کر بولا ..اور جلدی سے اندر داخل ہوا ..اور اسکی توقع کے عین مطابق تھا .سب سیڑھیوں پر ہی مراد اسے دیکھا ..جس نے اس سے منہ ...موڑ لیا

اسکے دل کو کچھ ہوا... بچپن سے وہ دونوں ایک دوسرے کے لیے ہمیشہ کھڑے رہتے ...تھے

جبکہ اسکے قدم بھاری ہونے لگے ..کیونکہ اوپر اپنا باپ اسے نظر ا رہا تھا ..جو صوفے پر بیٹھا تھا...

وہ اوپر ایا ..اور عینہ کو مشل کے ساتھ دیکھ کر اسکا دماغ اوٹ ہوا

ہنی... ہٹو یہاں سے "وہ .دھاڑا ..جبکہ بہرام نے

... ...بیچ میں ہی اسکا ..منہ جکڑ لیا .

..سارگل نے باپ کی جانب دیکھا

کیوں کیوں اٹھے ..تمھارا مکافات تو تمھاری بہن کے سامنے ائے گا ..پھر ..تمھارے کیے گئے گناہ کے ساتھ وہ پہلے ہی بیٹھ جائے ..سارگل خان... اتنا کمزور نفس تھا تمھارا "وہ ...دھاڑا ..اور کھینچ کر ..اسکے منہ پر تھپڑ مارا ..تھپڑ اتنا تیز تھا

..کہ سارگل کا ہونٹ پھٹ گیا

...سارگل کی نگاہ مشل پر تھی دانت پر دانت رکھے وہ بس مشل کو دیکھ رہا تھا

..جبکہ مشل جو اسکے دیکھنے سے ڈر لگنے لگا

....عینہ نے بھی اس سے منہ پھیر لیا

...سارگل منہ سے ایک لفظ نہیں بولا ..جبکہ ..بہرام اسکے منہ پر پے در پے تھپڑ مار رہا تھا

اگر میری بیٹی کے ساتھ کچھ ہوا ..سارگل خان تو ..میں بھول جاو گا میری اولاد ہو

...تم"اسنے اسے دھکا ..دیا

سارگل دیوار سے جا ٹکرایا اور زمین پر بیٹھتا چلا گیا ..بلیک پینٹ کوٹ میں ..اور ..سرخی

...میں نیلاہٹ لیے ..چہرے پر ..خون کے قطرے لیے بیٹھا ..مشل کو دیکھ رہا تھا

....کیا دیکھ رہے ہو ادھر ..اسکے ساتھ زیادتی کر کے تمھیں زرا بھی شرم نہیں ائ

ہاں زرا بھی پیسے دے کر ..کیا ثابت کر رہے تھے"بہرام نے اسکا گریبان جکڑا ..سارگل

..پھر بھی کچھ نہیں بولا

تایا سائیں... اسکو مارنے سے بہتر ہے اپ سزا سنائیں "..مراد نے کہا ..سارگل اب

..بھی مشل کو گھور رہا تھا

...بلاو اسکی ماں کو ایک نظر وہ بھی اپنے ہونہار بیٹے کے کرتوت دیکھ لے

..تبھی سزا ..منتخب کروں گا "بہرام ناگواری سے بولا ..جبکہ مراد نے بہرام کیطرف دیکھا

...کون نہیں جانتا تھا .وہ ارمیش کے لیے کتنا حساس تھا

...میں نے کہا بلاو... "بہرام چیخا

...مراد نے بہرام کا بازو پکڑا جو دو تھپڑ مزید ..سارگل کو رخ چکا تھا

تایا سائیں... انٹی ..بہت ڈس ہارٹ ہوں گی ..اسنے سب کو ڈس ہارٹ کیا ہے... مگر سب سے زیادہ مشل کو تکلیف دی ہے ..اپ ..کوئ مثبت فیصلہ کریں "مراد جو کہنا چاہ رہا تھا بہرام سمیت سب سمجھ رہے تھے سارگل نے منہ سے ایک لفظ نہیں نکالا ..ہونٹوں سے پھوٹتی خون کی لکیر....

...اب اسکی وائٹ شرٹ ..پر جا رہی تھی

...جبکہ نگاہ اب بھی عینہ میں چھپی مشل پر تھی

شادی کرے گا... یہ ابھی اور اسی وقت..." بہرام نے کہا تو اب پہلی بار .. سارگل نے باپ کیطرف دیکھا...

مدھم سا مسکرایا

نہ ممکن "..اسنے اتنا کہا ..اور کھڑا ہو گیا ..اسنے بتانا ضروری نہیں سمجھا کہ .. مشل اسکے نکاح میں ہے...

کیا بکواس کر رہے ہو تم "وہ ..چیخا ..جبکہ چہرہ شدید سرخ تھا...

یہ ہی کہ میں شادی نہیں کروں گا "اسنے پھر سے کہا..

سارگل ..ہوش میں تو ہو ".مراد چنگھاڑا...

جبکہ سارگل بغیر کسی کیطرف دیکھے وہاں سے نکل گیا...

.....

بہرام شدید غصے میں تھا... وہ مشل کو حویلی میں لے ائے تھے

جبکہ بہرام نے پہلی بار ..ارمیش کو تانا مارا تھا ..ارمیش تو خود ساکت رہ گئ تھی بہرام کو سمجھ نہیں ایا اپنا غصہ کس طرح ختم کرے جبکہ معاویہ اور احمر دونوں اسے کنٹرول کرنا چاہ رہے تھے...

مجھے پہلی بار افسوس ہو رہا ہے اس عورت کی تربیت پر"بہرام نے ارمیش کو گھورا....

جبکہ ارمیش اب رونے لگی تھی ..عینہ بھی وہیں کھڑی تھی ..اسے بھی رونا .ارہا تھا..

بکواس کرنا بند کرو "معاویہ نے اب کے غصے سے کہا...

یہ وہی سب ہے جو تم نے کیا دوسروں کے ساتھ "وہ بولا تو بہرام نے اسے جھٹکا..

کیا کیا ہے میں نے... کیا میں نے کبھی اتنی چھوٹی لڑکی کو زیادتی کا شکار بنایا ہے... کیا میں نے کبھی کسی کی مرضی کے بغیر اس سے زبردستی کی... اور جو تم بات کر رہے ہو وہ میری غلطی تھی جس پر مجھے پشتاوا ہے... مگر... وہ ..اسے پشتاوا ہے ..کوئ.

وہ اس سے شادی کرنے کے لیے تیار نہیں ہے"وہ غصے سے چیخ رہا تھا... جبکہ... عینہ وہاں سے باہر نکل گئ...

..اسے بہت رونا .ارہا تھا تبھی اسکا موبائل بلینک ہوا ..داود کا نمبر دیکھ کر اسنے کال اٹھا لی ..اور رونے لگی

...عینہ "داود کی پریشان اواز ابھری

...رو کیوں رہی ہو" ..اسنے اسکی خاموشی پر پھر سے سوال کیا

...عینہ اسے سب بتاتی گی

..حیرت تو اسے تب ہوئ جب اسے داود کے ہنسنے کی اواز ائ

...اپ اپ ہنس رہے ہیں داود"اسے برا لگا

یار کوئ محبت وحبت کا کیس ہو گا... تم ایسے ہی اپنے قیمتی انسو ضائع کر رہی ہو... "وہ ...ریلکس سا بولا ..اسنے فون اٹھایا تھا... اس سے بڑی بات تو کوئ نہیں تھی

داود... .وہ میرے لالا ہیں اور ..انانھیں محبت نہیں ہے مشل سے ..وہ تو "وہ رک گئ

..شرم سی ائ

..کیا وہ تو "داود نے مسکراہٹ روکی

...وہ تو وہ ..نہ "وہ جھنجھلائ

اچھا یار کیا وہ تو وہ تو لگا رکھا ہے... کوئ اور بات کرو "داود نے اکتا کر کہا ..تو عینہ نے منہ

...بنایا

اپ کتنے مین ہیں میں رو رہی تھی "وہ بولی جبکہ وہ یہ بھی بھول چکی تھی کہ وہ اس سے

ناراض ہے

...داود ہنسا

..یو نو عینہ

.وہ بولا تو عینہ..مسکرائ

..اور اچانک اسے اپنی ناراضگی یاد اگئ

...میں اپ سے ناراض تھی"عینہ نے ..زرا گھور کر کہا

..مگر مجھے لگا ..اب تم مان گئ ہو..." اسنے کہا ..تو عینہ خاموش ہو گئ

عینہ بور کر رہی ہو... بس چھوڑو ناراضگی... باتیں کرو

مجھ سے "اسنے کہا تو عینہ ..نے ایک نظر موبائل کیطرف دیکھا... وہ ایسا ہی تھا ..وہ

...ان چند دنوں میں یہ بات جان گئ تھی

... تبھی وہ اسکی مرضی کے مطابق ..باتیں کرنے لگی

.....

عینہ سے بات کرنے کے بعد وہ

مسکرا رہا تھا .. سیل اف کر کے وہ پلٹا کہ معاذ کو پیچھے پایا ..اسنے ایک نظر باپ کو دیکھا

...کون ہے یہ لڑکی "وہ سختی سے پوچھنے لگا

..عینہ "وہ بغیر جھجھکے جواب دکر وہاں سے ہٹنے لگا کہ ..معاذ نے اسکا شانہ تھامہ

جب میں کہہ چکا ہوں کہ تمھاری شادی فیزا سے ہوگی تو تمھیں یہ بات سمجھ کیوں نہیں اتی "

..معاذ غصے سے بولا

"اور جب میں کہہ چکا ہوں کہ میں ایسا کچھ نہیں کروں گا تو اپکی سمجھ میں کیوں نہیں اتا

...وہ بھی دو بادو بولا

...کہ معاز کا ہاتھ اٹھ گیا

..زہر لگتے ہو تم مجھے زبان چلاتے ہوے "یہ پہلی بار تھا جو اسنے اسپر ہاتھ اٹھایا ..داود ...ھونک اسکی صورت دیکھنے لگا

فیزا کے علاوہ کسی کو سوچنا بھی مت"وہ اسے وارن کر کے ابھی جاتا ہی داود کے بولنے ...پر پلٹا

اگر میں اپکی بات اپنی اس زندگی میں مان لوں تو ..اپ کہنا کہ کوئ اپ کے جیسا ہی اپ "...نے پیدا کیا تھا

...سپاٹ انداز میں بولا

دکھ تو یہ ہی ہے "اسنے ..کہا اور چلا گیا... جبکہ داود اسکے ان لفظوں پر... بس اپنے باپ ...کی پشت دیکھ کر رہ گیا

.....ائ ہیٹ یو"اسنے اپنی کتابیں دور اچھالتے ہوے تپ کر کہا .....

....حویلی کا ماحول کافی سخت تھا

....جبکہ سارگل تین دن سے حویلی نہیں ایا تھا

بہرام... نے خاموشی اڑھ لی تھی جبکہ بلاوجہ ارمیش سے ناراض تھا ..ارمیش خود غم زدہ تھی ..وہ سارگل سے یہ عمل کبھی ایکسپیکٹ نہیں کر سکتی تھی جبکہ عینہ بھی بھائ ...کے عمل سے کافی رنجیدہ تھی مگر وہ ہر ممکن طریقے سے مشل کا خیال رکھ رہی تھی

جبکہ کوئ اور بھی تھا جو مشل کا بہت دل سے خیال رکھ رہا تھا

...اور وہ تھی حور جو... مشل کی ایک ماں کیطرح دیکھ بھال کر رہی تھی

...جبکہ مشل ان سب لوگوں میں اکر... .شرمندگی کا شکار تھی

وہ سب کو بتا سکتی تھی کہ وہ اسکے نکاح میں ہے مگر نا جانے کیوں حمت ہی نہیں بنتی ...تھی

خاموشی کا قفل ڈالے ..وہ بس اپنی ماں کو مس کرتی تھی

ارمیش ..نے حور کو اور عینہ کو مشل کے پاس دیکھا ..اور ..وہاں سے ہٹ کر بہرام کے ....پاس اگئ ..وہ اس سے ناراض تھا ..ارمیش کو بلکل اچھا نہیں لگ رہا تھا

اسنے کبھی .. بھی بہرام کا غصہ یہ ناراضگی نہیں دیکھی تھی ..وہ اس کی بہت کئیر کرتا تھا...

پہلے تو ..اسکا رویہ... کھل کر سامنے نہیں .اتا تھا ..مگر سارگل کے ہونے کے بعد... وہ بہت بدل گیا تھا ..خوش رہنے لگا تھا...

اور ..اسکا ہر انداز ارمیش پر فدا ہونے والا ہوتا تھا...

اور اب اسکی ناراضگی سے ارمیش کی جان پر بن ائ تھی ..وہ ..روم کا دروازہ بند کر کے اسکے پاس ائ ..جو... بیڈ پر... کرون سے ٹیک لگائے ..لیٹا ہوا تھا... جبکہ ہاتھ میں ایک بک تھی اسنے ارمیش کیطرف نہیں دیکھا ..ارمیش کو رونا ایا...

وہ اسکے پاس جا کر بیٹھ گئ...

سر جھکا ہوا تھا ..بہرام نے اسکی جانب دیکھا...

بہرام اس سب میں میرا قصور بتائیں... اپ کیوں میرے ساتھ اسطرح کر رہے ہیں اسنے بلاخر بات خودی شروع کی"...

..ارمیش میں تمھیں الزام نہیں دے رہا

بس مجھے غصہ ہے... اور... داجی اج زندہ ہوتے تو تمھیں بتاتے ..بہرام خان جب جب ناراض ہوتا... ہے ..تو اسے صرف ایک شخص منا سکتا ہے ..اور وہ ..جانتی ہو کون ...ہے..." اسنے بک سائیڈ پر رکھ کر ارمیش کے گال پر ہاتھ رکھا

...ارمیش نے اسکی آنکھوں میں دیکھا ..جو نم تھیں ..اسنے پہلی بار اسے ..روتے دیکھا تھا ...منہ پر جبکہ کوئ تاثر نہیں تھا

..اور انکھ سے ایک انسو گیر گیا

..ارمیش نے اثبات میں سر ہلایا

...جانتی ہوں... .وہ داجی کے سوا کوئ نہیں..." .اسنے بھی بہرام کے گال پر ہاتھ رکھا

بہت مس کر رہا ہوں میں انھیں... اج مجھے اندازا ہو رہا ..کسی انسان کو ..کسی انسان سے قریب نہیں ہونا چاہیے..." گھیرہ سانس لیتا... وہ ہتھیلی سے انسو پونچھتا... دور ہو ...گیا

...ارمیش ..کو بے چینی سی ہوئ

..بہرام... "اسنے پکارہ

...جبکہ بہرام نے اسکی جانب دیکھا

....سارگل ..سے میں بات... کرو گی

..اسکی غلطی ہے

"..م مگر... وہ ہماری اولاد ہے... .ہم

...بہرام کے گھورنے پر وہ جو اٹک اٹک کر بول رہی تھی رک گئ

...پھر ..ماتھے پر بل ڈال کر ..اسکی جانب دیکھنے لگی

...اپ مجھے گھور کر ڈرائیں مت

کالام میں کون نہیں ہے جو یہ بات نہیں جانتا ..کہ "..وہ پھر رک گئ ..کیونکہ اب

..بہرام ..اسے مزید گھور رہا تھا

...ہاں کہ میں کتنا بڑا لوفر تھا ..رائٹ ..تو ..ارمیش بی بی ..مجھے اپنی غلطیوں پر پشتاوا ہے

....جبکہ اس نا نجھار کو پشتاوے نام کی کوئ چیز نہیں

...اگر اسکی آنکھوں میں ندامت ہوتی تو ..ضرور مجھے اپنی اولاد سے زیادہ قیمتی کچھ نہیں

مگر دیکھو اس بچی کو ..ہماری عینہ سے بھی چھوٹی ہے کیا یہ زیادتی ڈیزرو کرتی تھی"اسنے

...کہا ..تو ارمیش ..نے شرمندگی سے سر نفی میں ہلایا

اب خوامخواہ رونے کی ضرورت نہیں... اینڈ سوری میں نے سب کے سامنے .تمھیں ڈانٹا

تھا ..مگر یہ بات اپنے دماغ سے نکال دو تمھارے بیٹے کو کوئ رعایت ملے گی... "اسنے

...وارن کیا ..اور... اٹھ کر واشروم میں چلا گیا جبکہ ارمیش تمھارے بیٹے

..اس لفظ پر منہ بنا گئ

"..اولاد غلطی کرے تو .وہ ساری کی ساری بیوی کی ہو گئ

..اسنے سوچا ..اور .مغرب کی نماز کے لیے وہ بھی اٹھ گئ

...مگر سارگل کا خیال ..دماغ میں مسلسل تھا

...تین دن سے آنکھوں سے دور تھا ..یاد شدید ا رہی تھی

.....

اپ چپ چپ ہیں بہت دنوں سے خیریت "..داود ..نے کھیرہ اٹھا کر منہ میں ڈالا ..وہ ..ابھی چھت پر سے اترا تھا

جبکہ ..اسنے ایک سرد نظر اپنے باپ پر بھی ڈالی ...جو مین گیٹ سے ..اپنی چھوٹی سی ...گاڑی ..اندر ..لا رہا تھا

...نہیں میں کیوں چپ ہوں گی "عابیر مسکرائ

...اچھا مجھے لگا "اسنے پھر سے کھیرہ اٹھایا

داود ..عینہ کون ہے "عابیر نے پوچھا ..تو داود... ڈھیٹائ سے مسکرایا

اپکی بہو ..مائے لیڈی... "اسنے .پیار سے کہا ..تو عابیر نے چھری پلیٹ میں رکھی

..

..مگر اپ جانتے ہیں ..فیزا کے لیے

..یار .مما اپ تو اس قسم کی باتیں نہ کریں "داود چیڑہ

داود گھر کی بچی کو .. غیر کے ہاتھ میں دے دیں" ..عابیر کی بات پر داود نے سر تھام لیا

...میں کیا کروں اس بارے میں یہ بتائیں اپ

...بلکہ مجھے تو لگ رہا ہے... کہ یہ بات اب تول پکڑ رہی ہے

..اپنے کریر سے پہلے ہی مجھے شادی کر لینی چاہیے "اسکی بات پر عابیر نے داود کا ہاتھ پکڑا
..جس میں سختی تھی

"...اپکے بابا کبھی نہیں مانیں گے ..اور نہایت الٹے طریقے سے بات کرتے ہیں اپ
...عابیر نے گھورا تو .وہ کچھ نہیں بولا

میں فیزا سے شادی نہیں کروں گا ..اور نہ میں اسے خوش رکھ سکتا ..ٹرائے ٹو انڈرسٹینڈ مام ..میرے لیے یہ ممکن نہیں ..عینہ کے علاوہ کوئ نہیں .ہو سکتی... پلیز بات سمجھیں "وہ منت پر اترا ..کہ بھگا کر تو شادی نہیں کرنی تھی رشتہ لے کر جاتے ..ماں ..باپ

...عابیر نے بیٹے کی آنکھوں میں دیکھا

...وہ داود جو .. کبھی کسی .کے سامنے اپنی بات نہ دھرائے وہ .منت کر رہا تھا

..بیٹے کی آنکھوں میں ادھرا پن تو وہ کبھی نہیں دیکھنا چاہتی تھی تبھی رام ہو گئ

..میں کرتی ہوں معاذ سے بات... "اسنے کہا تو داود نے ایک دم ..اسکو گلے سے لگا لیا

....عابیر ہنس دی ..جبکہ معاز فریش ہو کر اگیا

داود احمد ..لاڈ اٹھائیں کسی کے ضرور کوئ بڑی ہی بات منوانی ہو گی "اسنے ہمیشہ کیطرح سرد اواز میں کہا...

...داود ..کی مسکراہٹ سمیٹی

....عابیر نے اسکا ہاتھ دبا کر بولنے سے روکا

..معاز بیٹا ہے ہمارا ..اپنی بات بھی منوائے گا

...لاڈ بھی اٹھائے گا "..عابیر نے مسکرا کر کہا

..تو معاز نے پانی کا گلاس سایئڈ پر رکھ کر اسکی جانب دیکھ کر سر ہلایا

..روشنی اور فیزا .. بھی وہیں اگئیں تھی

ہاں کیوں نہیں ایسی اولاد ..ہے خیر سے ...جو دلوں میں ڈھنڈک نہیں ڈال سکتی ..بس کانٹے کیطرح چبھنا کام ہے "داود نے ضبط سے ماں کیطرف دیکھا...

...مامو میں

"وہ داود سے شادی... نہیں

فیزا بیٹا ..اپ جاو یہاں سے... اور اپکو تسلی ہونی چاہیے اپ کے لیے میں کبھی غلط فیصلہ نہیں لوں گا "معملات تو وہ کافی دنوں سے دیکھ رہی تھی .. تبھی اسنے داود کی

مشکل اسان کرنا چاہی ..کہ وہ خودکب اس سر پھیرے سے شادی کرنا چاہتی تجی لیکن ..معاز نے اسکو ٹوکا ..تو وہ اور روشنی وہاں سے اٹھ گئے

...معاز کیوں زبردستی کر رہے ہو بچوں پر "عابیر نے کہا تو معاز نے نفی کی

...عابیر میرا فیصلہ اخری ہے... "اسنے ہتمی لہجے میں کہا

... کبھی اولاد نہیں بنا یہ میرا باپ بن کر بس سر پر ناچا ہے

....محلے میں نکلو... تو ایک ایک ادمی اسکی شکایتوں کا امبار لیے ہوے ہے

گھر پر ..باپ کے ساتھ دو بول بول کر یہ خوش نہیں ..اب کسی اوارہ غیر لڑکی کو سر پر لا ...کر بیٹھا دے

بس... "اسکی دھاڑ پر ..معاز .روکا ..عابیر جبکہ اسکے کھڑے ہونے پر خود بھی کھڑی ہو ..گئ

....کیوں ہیں اپ میرے باپ... "اسکا لہجہ بھیگا تھا

..بس ایک سوال ..معاز کے تن بدن میں چنگاریاں بھر گیا

بتاتا ہوں کیوں ہوں میں تمھارا باپ "اسنے اپنے پاوں کی چپل نکالی ..اور داود... کے ...شانے پربری طرح ماری

....معاذ"عابیر چیخی

ہاں بتائیں مجھے بچپن سے اپکا یہ ہی رویہ دیکھا ہے ..اور اج بھی اپ میری پسند کے ....خلاف ہیں" ..وہ بولا ..بڑی بڑی آنکھیں سرخ ہو رہیں تھیں

ہاں ہوں گا تمھاری پسند کے خلاف کیوں کہ ..میں تمھارے لیے فیزا کو پہلے ہی پسند کر چکا "ہوں مگر نہیں تمھیں یہ بات سمجھ نہیں اے گی الٹا تم میرا خون پینے کو ہو گے ہو پیدا معاز ..نے ایک لمحے میں اسے ..بری طرح جوتی سے مارا تھا ..جبکہ عابیر کو داود خود پیچھے ....کر چکا تھا

تو ٹھیک ہے ..ضد کا جواب ضد ہی ہے ..عینہ کے علاوہ کوئ میری بیوی نہیں بنے گی... اپکی بھانجی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا "داود بھی چیخا مگر معاز کا ہاتھ نہیں روکا...

معاز... نے دانت بھینچ کر اسکیطرف دیکھا...

میں بھی دیکھ لوں گا تمھارے جیسے نکارہ انسان کو کون بیٹی دے گا... ".معاز انگلی اٹھا کر کہتا... .کمرے میں چلا گیا..

فیزا کو بری طرح رونا .ارہا تھا ..جبکہ عابیر نے داود کو چھت پر جاتے دیکھا....

سر تھام کر وہ وہیں بیٹھ کر رونے لگی.....

معاز کا دل داود کیطرف سے اس حد تک سخت تھا ..اسے بلکل اندازا نہیں تھا...

.....

کیا کرتی وہ... .بامجبوری اسے دوبارہ گھر سے نکلنا ..پڑا ..اسی جگہ ..جہاں وہ کبھی جانا پسند نہ کرے ..کیا ماموکو اسکی عزت کا خیال نہیں تھا....

...اپنے بیٹے کے منہ سے بار بار انکار سننے کے بعد بھی انکی ایک ہی رٹ تھی

...وہ کافی دلبرداشتہ ہو رہی تھی جبکہ ساری رات سو بھی نہیں سکی

...اور بغیر کسی کی جانب دیکھے وہ صبح گھر سے نکل گئ

..افس میں داخل ہوئ ..اور 8 فلور پر اپنی سیٹ پر جا کر بیٹھ گئ

...وہ خاموشی سے کمپیوٹر کی بند سکرین کو دیکھ رہی تھی

...جبکہ انکھ میں بار بار نمی جمع ہو رہی تھی

..اسنے انسو صاف کیے... اور سر اٹھایا ..تو اپنے سامنے ..مراد کو پایا

....مراد اسے سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا

...اسکے انسو بھی دیکھ چکا تھا

میں اپکا شیڈیول چیک کر کے... اپ کو اگاہ کرتی ہوں سر"اسنے مدھم اواز میں کہا ..جب گھر میں اسکی کوئ عزت نہیں تھی تو باہر والوں سے ..کیا ..اکڑ دیکھا کر ثابت کرتی .. تبھی ...اپنی انا ..اپنی سیلف ریسپیکٹ ..کو جوتے تلے رکھ کر اسنے کہا

..مراد اسکی جانب یوں ہی دیکھتا رہا ..جبکہ فیزا نے توجہ نہیں دی اور .نوت پیڈ اٹھا کر وہ ..اج کی ڈیٹ کا شیڈول دیکھنے لگی کہ اسے اچانک مراد کی کافی کا خیال ایا ..اور ..وہ ..مراد کو دیکھے بغیر... کافی لینے چلی گئ

..جبکہ مراد ..ماتھے پر بل ڈالے ..اپنے افس میں اگیا

..اسنے اس لڑکی کو .ایسے نہیں پایا تھا جتنا وہ اج ٹوٹی بکھری سی لگ رہی تھی

...اخر کیا وجہ ہو سکتی ہے ..وہ دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر سوچنے لگا

..دس منٹ میں فیزا ..اسکے سامنے کافی کپ رکھ رہی تھی

سر ..اج رات ..ایک پارٹی ہے ..بیزنیس پارٹی اس کا اٹینڈ کرنا بہت ضروری ہے ..ہمدانی ...لیدرز کے ساتھ "اسنے کہا

..مراد نے ..فیزا کی جانب دیکھا

اور اس پارٹی میں اپ میرے ساتھ چل رہی ہیں "..اسنے جان بوجھ کر ایسی بات کی کہ

...وہ ..اپنی اصلیت پر اترے مگر فیزا نے انکھ اٹھا کر اسکی طرف نہیں دیکھا

..وہ اپنی عزت نفس مار کر یہاں ائ تھی

..بار بار آنکھیں بھر رہیں تھیں

..جی بہتر سر "اسنے کہا ..تو مراد جو پہلے ریلکس ہو کر بیٹھا تھا ایکدم سیدھا ہوا

...وٹ ہیپینڈ مس فیزا "بلاخر اسنے پوچھا

..فیزا نے اسکی جانب دیکھا

...کچھ بھی نہیں" .اسکا دل کیا پھوٹ پھوٹ کر رو دے ..مگر اس انسان کے سامنے
... کبھی نہیں ..وہ اچھا انسان نہیں تھا وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکی تھی

...پھر اپ... غلبا یہ افس چھوڑ چکیں تھیں

..فیزا نے سرخ ..انسو بھری آنکھوں سے مراد کیطرف دیکھا

...نہیں میرا مطلب یہ نہیں کہ میں اپ پر ٹونٹ کر رہا ہوں کہ اپ دوبارہ یہاں اگئ

سر ..گیارہ بجے ..رضا گیلانی اپ سے ملنے آئیں گے... اسکے علاوہ اج کے دن اپکا کوئ اہم کام نہیں..." .اسنے بھیگی اواز میں کہا ..اور وہاں سے نکلنے لگی ..مراد ..نے اسکا ہاتھ تھام لیا...

...فیزا نے حیرت سے مڑ کر دیکھا

...انکھ سے انسو اسی وقت ٹوٹ کر گالوں پر بکھر رہا تھا

"..اپ ہر بار غلط کیوں سمجھتی ہیں

...ہاتھ چھوڑیں سر میرا"فیزا نے کہا ..تو اسکے لہجے میں سختی تھی

..مراد نے اسکا ہاتھ چھوڑ دیا ..جبکہ فیزا بغیر کچھ کہے باہر نکل گئ

....مراد نے دانت بھینچے

.....

وہ کلاس لے کر باہر نکلا... تو عینہ نے اسکی جانب دیکھا .وہ اسکیطرف نہیں دیکھ رہا تھا.. مسکرایا بھی نہیں تھا کیا ہوا تھا..اسکی آنکھوں میں عجیب سی بات تھی...

عینہ کو شدید بے چینی سی ہوئ..

یہ کیسی بات تھی کہ... وہ... خوش نہیں تھا جبکہ وہ موجود تھی..

لوگوں کی نظروں سے بچ کر... وہ ..سٹاف رومز کی جانب چل دی ..چھٹی ہونے میں ابھی ایک گھنٹہ تھا...

شکر تھا..اس طرف کوئ نہیں تھا... وہ داود کے روم میں .اگئ.

وہ روم میں نہیں تھا..مگر وہ جانتی تھی وہ جلد یہیں ائے گا...

اور اسکا انتظار تمام ہوا .جب وہ دس منٹ میں روم میں داخل ہوا...

....عینہ کو بیڈ پر دیکھ کر ..وہ چونکا نہیں... اسکے ساتھ جا کر بیٹھ گیا

..داود "عینہ نے ..اسکو پکارہ

...نکاح کرو گی... مجھ سے "وہ بولا عینہ کی آنکھیں پھیلیں جبکہ ..اسکا منہ بھی کھل گیا

...د ..داود .. کیسی بات کر رہیں ہیں... "وہ سمجھ نہیں سکی

....نکاح کرو گی "اسنے پھر اسکی جانب دیکھا

مرہم چاہتا تم سے... .نکاح کر لو مجھ سے .. مجبور ہوں میں تمھاری محبت میں " ..سرخ گیلی آنکھوں سے وہ مضطرب لگ رہا تھا....

...جبکہ لہجے کی کڑک... بلکل مدعوم تھی

....داود میں... مجھے ڈر لگ رہا ہے "عینہ کو رونا ایا

...داود... چند لمحے اسکی طرف دیکھتا رہا ..نظریں عجیب تھیں... بہت ٹوٹی سی

...عینہ نے بے بسی سے اسکی جانب دیکھا

..جبکہ داود نے گھیرہ سانس لیا

...جاو "وہ اہستگی سے بولا

...داود"وہ رونے لگی

....جاو عینہ میں خود کو سمبھال لوں... پھر تم سے بات کروں گا" ..اسنے پیار سے کہا

مگر اپ ..اپ ایسے کیوں ہو رہے ہیں ..مجھے .. مجھ سے بات کریں ..نکاح .میں ..ہم کیسے "اپنے گھر والوں کو بتایے بغیر

...عینہ..." .داود نے ..اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھام لیا

....میں تمھیں فورس نہیں کر رہا

..مگر میں اکیلا رہنا چاہتا ہوں... .جب میں ٹھیک ہو جاو گا تم سے ہی تو بات کرو گا

....اسنے پیار سے اسکا گال تھپتھپایا"

عینہ اسکیطرف دیکھتی رہی ..اور کچھ دیر میں اٹھی جبکہ داود سر ہاتھوں میں تھامے بیٹھا تھا...

عینہ اس سے پہلے نکلتی... کہ اسکی نگاہ... داود کے کالر ..کے نیچے پڑی ..جہاں سرخ نشان تھا

..یہ کیا ہوا داود "وہ ایک دم اسکے پاس جا کر بیٹھی

..عینہ... میں اس وقت بلکل ٹھیک کنڈیشن میں نہیں ہوں ..میں نہیں چاہتا تم پر چیخو ...پلیز جاو " ..اب کی بار وہ زرا سختی سے بولا

...عینہ ..کے انسو ..اسکے سر پر گیرتے رہے وہ یوں ہی سر جھکائے بیٹھا رہا

...جب .وہ کچھ نہیں بولا تو عینہ ..بھاگتی ہوی وہاں سے نکل گئ

.....

...حویلی میں رات اتر ائ تھی

...سارگل نے... لون میں جیمپ لگائ ..اور

اندر کی جانب چلنے لگا ..ادھی رات کا سما تھا ..حویلی کے مردان خانے میں یہ زنان خانے میں بھی کوئ نہیں تھا...

...تبھی اسکے پیچھے... منیب کا بیٹا اکھڑا ہوا

..اسنے اسکی جانب دیکھا

..سر یہ کمرہ ہے "اسنے بتایا ..تو سارگل نے سر ہلایا

جاو تم "اسنے کہا ..تو وہ وہاں سے چلا گیا جبکہ سارگل کے ہاتھ میں ایک چابی بھی تھما گیا ...جو یقیناً اسی کمرے کی تھی

اسنے ..گھیرہ سانس لیا ..اور... چہرے پر باندھا رومال کمرے میں داخل ہوتے ہی کھول دیا...

..بیڈ پر کوئ وجود سکڑا سیمٹا لیٹا ..تھا ..جبکہ کمرے میں پوری روشنی تھی

چونٹی میں دم ہے نہیں اور ..پنگا اس نے سارگل خان سے لیا ہے"اسنے کڑے تیوروں میں گھورا...

...اور کمرے کی ساری لائٹیں بند کر دیں

...اب اسکے قدم رفتہ رفتہ بیڈ کی جانب بڑھ رہے تھے

.....

...اسے نیندوں میں محسوس ہوا ..کہ اسپر ..جیسے وزن سا ہو

..اسنے ہلنا چاہا مگر وہ ہل نہیں سکی

"اوپن یور ائز ڈالنگ

..مدھم اواز کانوں میں پڑی ..جبکہ اسے کسی کے نرم ہونٹ بھی کانوں پر محسوس ہوے

....وہ یہ اواز پہچانتی تھی ..ہزار آوازوں میں بھی پہچان سکتی تھی

....س .سارگل "اسنے ایکدم آنکھیں کھولیں

کمرے میں اندھیرا تھا جبکہ ..اب اسے کسی کے ہنسنے کی اواز ائ ..وہ یہ ہنسی بھی خوب

...جانتی تھی... اور پھر اسے خود سے وہ وزن دور ہوتا محسوس ہوا

....اور ایک کلک کے ساتھ کمرے کی لائٹ چلی ..اور کمرے میں روشنی پھیل گئ

..اس سے پہلے وہ چیخ مار کر اٹھتی... .اسنے محسوس کیا اسکے ہاتھ پاوں بندھے ہوئے ہیں

جبکہ وہ وائٹ رف سی شرٹ ..اوربلیک پینٹ میں ..بڑھی ہوئ بریڈز کے ساتھ... طنزیا

....مسکرا رہا تھا

....کھولیں مجھے "وہ خود کو چھڑانیں کی کوشش کرتی بولی

....کیوں... عزت لوٹی تھی میں نے تمھاری

اور جو عزت لوٹتے ہیں... وہ کہاں بے چارے بے کسوں مظلوموں کی فریاد سنتے ہیں... ".اسنے شانے اچکائے... .اور اسکے وجود کی جانب دیکھا... جو دوپٹے کے بغیر تھا.. مشل اسکی آنکھوں کی حرکت سے ہی زمین میں گڑنے والی ہو رہی تھی...

"مشل کو اپنی بے بسی پر رونا ہی تو ایا... چھوڑ دیں مجھے پلیز کیوں میرے پیچھے پڑ گئے ہیں

...آآ...ابھی .رونا نہیں بیبی ..ساری رات پڑی ہے اچھے سے رولاوں گا... .ابھی رو کر انسو ضایع مت کرو... "سارگل اسکے چہرے کی جانب دیکھنے لگا ..پنک لب... پتے کی مانند پھڑ پھڑا رہے تھے....

.....اسنے ..چند لمحے یہ منظر دیکھا ..اور پھر اچانک ہی وہ جھکا

....اسکے عمل .میں شدت تھی .. مشل کا دم گھوٹنے لگا

..جبکہ سارگل اسکے معمولی سے احتجاج کی پرواہ کیے بغیر اپنی مرضی سے جو چاہتا تھا کرتا رہا ..اور جب وہ پیچھے ہٹا... تو

...نڈھال سی مشل کی صورت دیکھ کر ہنسا

مجھے یقین ہے تم نے گھر میں ہمارے نکاح کے بارے میں کسی کو کچھ نہیں بتایا رائٹ"اسکے چہرے پر جھکے ہی ..وہ نرم اواز میں بولا جبکہ انگلی نے اسکے چہرے کے ہر نقش کو چھوا تھا....

....جلدی بتاو "..مشل کے چپ رہنے پر اسنے ماتھے پر بل ڈال کر پوچھا

..مشل نے بہتے انسو میں اثبات میں سر ہلایا

ویلڈن... اور تم بتاو گی بھی نہیں ..اگر تم نے بتانے کی زرا بھی کوشش کی... تو ..تم مجھے جانتی نہیں...."..وہ آنکھیں نکال کر اسکو وارن کرنے لگا....

..مشل سہمی سہمی نظروں سے اسکی جانب دیکھتی رہی

صرف تمھاری وجہ سے میرے ماں باپ مجھ سے خفا ہیں ..پوری حویلی میں میری عزت دو کڑی کی کر دی ..میرا باپ مجھے مار رہا تھا... .اور تم... تمھیں کیا لگتا ہے ..میں تمھیں اتنے سکون کی سانسیں بھرنے دوں گا مشل بیبی میری بات نہ مان کر اپنے پاوں پر

کلہاڑی ماری ہے ..تم نے... .اچھا ہے میری عزت دو کڑی کی کی ہے نہ تم نے ..اب میں انھیں لوگوں میں تمھاری عزت بھی دو کڑی کی کر دوں گا... .جب... تم ..میرے بچے کی ماں بنو گی ..مگر جب سارگل خان حویلی ایا ہی نہیں تو یہ بچہ کس کا ..چیختی رہنا ..پھر دیتی رہنا صفائیاں... "اسنے سفاکیت سے ..کہا... .اور ...اسکے ہونک چہرے کیطرف دیکھا...

جبکہ اپنے وجود پر اسکے ہاتھ کی حرکت ..اسکی باتوں سے مشل کے لیے بے ضرر ہو گئ...

نہیں اپ میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے... "مشل مدھم اواز میں بولی..

کیوں تمھارے عشق میں دیوانہ ہوں کیا" ..وہ ہنسا ..جبکہ مشل کی گردن میں پھنسے بال ہٹا کر... اسکا اگلا ڈارگٹ... یہ تھا ..مشل بقائدہ اواز سے رو رہی تھی..

میں میں سب کو بتا دوں گی ..کل ہی بتا دوں گی اپ... اپ کے ناپاک ارادے "وہ روتی ہوئ بولی...

اچھا ..بتا دینا "اسنے لاپرواہی سے کہا ..اور ایک پل کے لیے دور ہوا...

...جبکہ مشل نے آنکھیں بھینچ لیں کاش وہ کبھی بھی یہ منظر نہ دیکھے

سارگل کا کوئ عمل نہ پا کر اسنے انکھیوں کھول دیں تو اسے شرٹ لیس پایا ..اسکی شرٹ ...اسکے دوپٹے کے ساتھ زمین پر پڑی تھی

سارگل پلیز پلیز ایسے مت کریں میرے ساتھ... میں سب کو ہمارے نکاح کے بارے میں بتا دوں گی پھر سب ٹھیک ہو جائے گا..."وہ بولی جبکہ سارگل

....کوئ رد عمل دیے بغیر ..اپنی من مانیاں کرنے لگا ..

.... مشل کی جان پر بن ائ تھی

اسنے ایسا نہیں سوچا تھا ایک جاں پناہ ملی تھی اس میں بھی ..اسکے ہی شوہر کا یہ عمل ..اسے کس حد تک رسوا کر سکتا ہے ..وہ یہ سمجھ نہیں رہا تھا

مدہوش تھا وہ

..سارگل... "مشل بری طرح رونے لگی ....

...جی جان سارگل... بھول جائیں یہ بات کہ ..سارگل خان شادی نہیں کرے گا شادی بھی کرے گا ..اور من پسند بیوی بھی لائے گا "..وہ

..اسکے کانوں میں زہر انڈیلنے لگا

....م... میں کون ہوں پھر... "وہ بولی تو سارگل ہنسا

میرا فیورٹ کھلونا "اسنے کہا... اور مشل کے انسو ..کی پرواہ کیا بغیر وہ اسپر اچانک ہی شدت سے حاوی ہو گیا ..کہ وہ دم بھی نہ مار سکی...

.....

.... صبح اسکی انکھ کھلی تو ..اج کہانی کا رخ زرا مختلف تھا

اج سارگل جاگ رہا تھا ..وہ صوفے پر بیٹھا تھا جبکہ سر... اسنے صوفے کی پشت سے ٹکایا ہوا تھا...

...مشل اپنی جگہ سے اٹھی

....اسے عجیب سا لگا

اج سے تین چار دن پہلے جب وہ شخص اسکے قریب ایا تھا..تو اگلی صبح اسکے لیے تکلیف دہ تھی..مگر گزری رات نے اسپر ایسا کوئ تاثر نہیں چھوڑا جس سے اسے تکلیف ہو....

....وہ حیران سی ہوئ کہ اسے سارگل کو اپنے سامنے دیکھ کر کیوں اچھا لگ رہا تھا

اسنے آنکھیں جھکا دی شرم سی ائ..جھجک محسوس ہوئ... مگر اسکے ارادے جیسے ہی یاد ائے..اسے کافی برا لگا

کتنا اچھا ہو..کہ اپ بس میرے ہو کر رہیں..."اسنے سارگل کی بند آنکھوں کی جانب دیکھتے ہوئے سوچا....

....مگر وہ شادی کرے گا وہ کہہ چکا تھا

....اسکا دل جو کسی کلی کی مانند کھلا تھا مرجھا گیا

سارگل کو شاید خود پر نظروں کی تپش محسوس ہو چکی تھی تبھی اسنے سر اٹھا کر انکھیں کھولیں..

"..اسنے اچانک ہی سختی سے سوال کیا ....کیا دیکھ رہی ہو

...مشل نے نفی میں سر ہلایا ..اور اٹھ کر واشروم میں بند ہوگئ

..سارگل کو تپ ہی چڑھی

یہ لڑکی جو ..کچھ نہیں وہ گھر والوں کے نزدیک کتنی ولیو رکھتی تھی کہ... اس گھر میں ...ازادی سے رہ رہی تھی جبکہ وہ ...جو اس گھر کا بیٹا ہے ..وہ چوروں کیطرح چھپا ہوا تھا

اسنے غصے سے دروازے کی جانب دیکھا... جہاں سے دس منٹ میں مشل فریش ہو کر نکلی تھی..

وہ نکھری نکھری ..صاف ستھرے کپڑوں میں بہت پیاری لگ رہی تھی مگر سارگل کو اس وقت ایک انکھ بھی نہ بھائ...

تمھاری وجہ سے میں اپنے گھر والوں سے چھپا بیٹھا ہوں اور تم کتنے مزے میں ہو

..."براووو..." وہ چیڑ کر بولا

تو اپ ..بتا دیں اپ یہاں ہیں... اگر اپ نہیں بتا رہے ..میں بتا دیتی ہوں "مشل کو اسکا چھپنا سمجھ نہیں ایا .. تبھی باہر نکلنے لگی کہ سارگل نے جھپٹ کر اسکو اپنی جانب کھینچا..

....اے بیوقوف اتما

میرا باپ مجھے مار دینا چاہتا ہے اور تم ..جا کر سب کو یہ بتاو گی کہ جس کی تمھیں تلاش ہے وہ شہکار تو میرے کمرے میں ہے فولش "وہ مزید چڑ گیا...

مشل دن دھاڑے اسکی اتنی قربت میں .. سمٹ سی گئ اور دور ہو گئ..

میری اماں کہتی تھیں چوری نہیں کرتے "مشل نے کچھ جھجکتے ہوئے کہا...

تو میں نے کیا چرایا ہے تمھارا"سارگل نے ..انکھ اٹھا کر اسکی جانب دیکھا..

وہ اپ یہاں چوری سے بیٹھے ہیں "اسنے... جیسے اطلاع دی ..سارگل کا دل کیا ..تالیاں بجالیے..

..واہ کیا دماغ پایا ..تھا

..بیٹے یہ میرا گھر ہے "..اسنے کچھ اکڑ کر کہا

...مشل نے منہ بنایا

"میں اپکی بیٹی نہیں ہوں

واہ مطلب کی بات میں بس عقل استعمال کی یے ویسے اتنی دیر سے میرا بھیجا کھا رہی ہو..."وہ گھور کر بولا... تو مشل خاموش ہو گئ...

..ناشتہ نہیں کیا میں نے ..مما کو نہیں دیکھا... واٹ ربش... ".اسنے جھنجھلا کر ..سر دونوں ہاتھوں میں گیرا لیا...

...مشل نے دیکھا ..وہ اکیلا رہنے والا انسان نہیں تھا... .لوگوں کے درمیان خوش رہتا تھا

..مگر اسنے غلط کیا تھا

اچھا ہو رہا ہے پھر اسکے ساتھ "..اسنے دل میں سوچا... زبان سے کہتی تو ..ضرور وہ شوٹ ...کر دیتا

میں انٹی کو بلا لاتی ہوں اپ کیوں چھپ رہیں ہیں سب سے... .میں ان سے بات کرتیں "...ہوں... .وہ

...مشل چپ سی ہوگئ ..اسنے گھورا ہی ایسے تھا

....میں ..میں پاگل ہوں ..میں پاگل تھا... "وہ ضبط سے بولا

..مشل کو خاک بھی سمجھ نہ ائ

...ایسے نہیں کہتے خود کو "وہ سر جھکائے مدھم اواز میں بولی

..تیری "ایکدم وہ ..اسپر جھپٹتا ..مشل ..دوڑ کر اس سے دور ہوئ

اب یہ زبان چلی تو نکال دوں گا باہر... سمجھی..." وہ چلایا... مشل کا دل زوروں سے کانوں میں بجنے لگا..

...وہ بلکل اچھا نہیں تھا..یہ بات طے تھی

....مما کو بلا کر لاو... انکے بغیر نہیں رہ سکتا میں..." اسنے کہا..تو مشل نے سر .ہلایا

...اور ابھی وہ جاتی کہ سارگل کے پھر سے پکارنے پر رک گئ

اب پورے گھر والوں میں ڈھنڈورا مت پیٹنا صرف مما کو اپنے روم میں بلاو..بس..اس سے زیادہ ایک لفظ بھی ایکسٹرا مت کہنا"..اسنے سختی سے وارن... کیا...

... مشل نے سر ہلایا اور باہر نکل گئ

...یہ ضرورت سے زیادہ ہی..چھوٹی ہے

....یہ کم عقل" اسنے ایک لمحے کو سوچا... اور خود کو..لعنت ملامت کی

تقریبا... ادھے گھنٹے بعد وہ کمرے میں ائ تو اکیلی تھی جبکہ سارگل مما کو دیکھنے کے لیے اپنی جگہ سے اٹھا تو اسے اکیلی کو دیکھ کر ..اسنے ماتھے پر بل چڑھائے...

وہ ..انٹی... روم سے باہر نہیں آئیں تھیں شاید... تو وہ مجھے ملی نہیں... "اسنے شرمندگی سے کہا..

تو منیب کو کہنا تھا نہ "وہ چلایا...

م ..منیب کون ہے "اسنے ..پوچھا تو ..سارگل کا دل کیا اپنے بال نوچ لے..

یہ... یہ اچھا طریقہ تھا... مجھ سے بدلہ لینے کا "اسنے... چیڑ کر کہا ..اور کمرے سے باہر نکل گیا... .جبکہ مشل پیچھے ..منہ بنانے لگی... تبھی وہاں حور اگئ ..جس کو دیکھ کر مشل مسکرائ...

اج تو میری بیٹی خوش دکھ رہی ہے "اسنے ..کہا ..اور مشل کے سر پر پیار کیا....

مشل کچھ شرما سی گئ...

انٹی ..یہ منیب کون ہے "اسنے پوچھا تو ..حور نے اسکی جانب دیکھا.

.وہ بہرام بھائ کا ملازم ہے جس کو کام ہوتا ہے وہ پہلے منیب کو ہی کہتا ہے ..خیر

مشل ایک بات کہو ..اگر تمھیں برا لگے تو بے شک ..تم میرے منہ پر کہہ دینا..." حور ...نے ..کہا تو ..مشل چونک کر اسکی جانب دیکھنے لگی

....اگر تمھیں برا نہ لگے تو... تو کیا تم مجھے ..میرا مطلب ..میں ..میری کوئ اولاد نہیں

...حیدر کو کبھی میں نے یہ خوشی نہیں دی

....میں نے... اتنے لوگوں کی راہ میں بیج بوے ..کہ اج... میری اپنی زمین بنجر ..رہ گئ

ک ..کیا تم... مجھے... ایک ماں کی حثیت ..سے قبول کرو گی ..اگر تم مجھے انٹی نہیں مما کہو ..اور حیدر کو بابا ..دیکھو اگر تمھیں برا لگے تو میں تمھیں فورس نہیں کروں گی..." .وہ کہہ ...کر چپ ہو گئ جبکہ مشل کی آنکھوں میں انسو تیر گئے

میں اپنی ماں کو تو نہیں بھول سکتی "..اسنے معصومیت سے کہا ..تو حور... مدھم سا ..مسکرائ ..عزیت سے بھرپور مسکراہٹ تھی

کل سے وہ حیدر سے اسی موضوع پر بات کر رہی تھی کہ ..وہ اور حیدر مشل کو اڈوپٹ کر ....لیں جبکہ حیدر اسے اسکی بیوقوفی سمجھ رہا تھا

..اور اس وقت اسے محسوس ہو گیا کہ یہ اسکی بیوقوفی ہی تھی

...وہ مشل کے سر پر ہاتھ رکھ کر اٹھی

...وقت سے پہلے ہی وہ کافی بوڑھی دیکھنے لگی تھی

... جیسا تم چاہو"اسنے کہا اور اس سے پہلے وہ باہر نکلتی

...کہ مشل نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا

....مگر میں نے باپ کی شفقت کبھی محسوس نہیں کی "..اسنے کہا ..تو حور... مسکرا دی

..تشکر سے اسکی آنکھوں سے لاتعداد انسو گیر گئے

بس اب فکر مت کرنا ..تمھارے ماں باپ موجود ہیں یہاں ..سارگل کو اسکے انجام تک ...پہنچایا جایے گا "..اسکی پیشانی چوم کر اسنے کہا ..تو مشل... مسکرا نہ سکی

.....

تم... تم یہاں کیا کر رہے ہو "سارگل کو ارمیش کے گلے لگے دیکھ ..بہرام دور سے ہی چیخا تھا....

داود نے فوک سائیڈ پر رکھ کر سر اٹھایا تو... سامنے عینہ کو دیکھ کر... .اسکے چہرے کے تاثرات میں معمولی سی بھی تبدیلی نہیں ائ....

.....وہ عینہ کو دیکھ رہا تھا جبکہ عینہ اسکی جانب

چند لمحے مزید گزرے ..اور ..داود نے پھر سے اپنے کھانے پر توجہ کر لی ..وہ اسی اطمینان سے کھانا کھا رہا تھا...

عینہ نے بھی انسو صاف کیے ..اور... اپنے کانپتے قدموں کو اسکی جانب اٹھایا...

کتنا دور دور لگا ..وہ اسے پہلے سے جیسے بلکل الگ....

اسکے چہرے پر... سیدھے گال کیطرف ایک نشان بھی دیکھا...

وہ جیسے چوٹ کا تھا ..مگر اسکی شخصیت... اسکی وجاہت کے اگے ..کچھ بھی نہیں تھا..

فلحال عینہ کو تو ..اپنے اپ ..بس ایسا ہی لگا کہ وہ داود کے قدموں میں خود کو وار دے مٹ جائے اسکے لیے...

اسنے کانپتی انگلیوں سے چئیر کھینچی....

اور اسکے سامنے بیٹھ گئ..

...داود نے ایک بار پھر اسکی جانب دیکھا

..... خوبصورت آنکھوں کے گرد ہلکے اور اترا اترا چہرہ اور اسپر ..لگاتار بہتے انسو

...داود نے سائیڈ سے ٹشو اٹھا کر اسکی جانب بڑھا دیا

مگر کھانا کھانا نہیں روکا ..وہ اسی اطمینان سے کھانا کھاتا رہا... جبکہ ایک دو بار ارد گرد بھی نظر گھمائ...

...عینہ اسکی بے گانگی... پر مزید بکھر رہی تھی

اسے بلکل سمجھ نہیں ایا...کہ وہ کیا کرے ..کیا بات شروع کرے ..کیا یہ بتائے کہ اسکے بغیر گزرے یہ دن... اسے روز... عزیت دیتے تھے..

....اسکے دو سال پہلے بھیجے گئے میسیجیز ..وہ دن میں ہزار بار پڑھ کر مسکراتی تھی

...داود کھانا ..کھا چکا تھا

...ویٹر ایا... تو داود نے... اپنے ہوٹل ہونے کے باوجود اسکو بل پے کیا

....ویٹر نے حیرت سے عینہ کو دیکھا

اور ..وہاں سے چلا گیا ..جبکہ داود نے چیئر پیچھے ..کی... .دو قدم چلا... اور اسکے نزدیک ا گیا....

..عینہ چہرہ اٹھائے اسکی جانب دیلھنے لگی

.... بھیگے گال ..کانپتے ہونٹ ..بے ترتیب بالوں کی لٹیں

...داود ..نے ٹشو بکس سے... ٹشو ..نکالا

...اور ..عینہ کے ..گال پر پھیلی نمی ..کو اس سے صاف کیا

....عینہ ..کا دل اچھل کر مانو حلق میں اگیا

..اسکے لیے یہ سب غیر متوقع ہی تو تھا

..داود ..داود احمد ایسا تو بلکل نہیں تھا

اسکے اندر چلتا ہر اموشن اسکے چہرے پر نظر اتا تھا ..مگر یہاں تو وہ ..گاگلز سے آنکھیں ڈھانپے...

اسکے گال کی نمی ..صاف کر کے ..ایک قدم دور ہوا ..اور

...اسی ٹشو سے ..اپنے ہونٹ صاف کیے .

اسنے ٹشو

...ڈسبین میں اچھال دیا .

اور ..اپنی پینٹ کی پاکٹ میں ہاتھ ڈالے ..وہ وہاں سے

...مڑ کر باہر کی جانب چل دیا .

...عینہ کو چند منٹ لگے ..سب سمجھنے میں آنکھیں ایک بار پھیر بھیگیں

...اور وہ اسکے پیچھے دوڑی

..وہ نہیں جانتی تھی ..لوگ اسے دیکھ رہیں ہیں

..کون نہیں تھا ...جو بہرا .خان کو نہیں جانتا تھا

..کون نہیں تھا ...جو عینہ بہرام خان کو نہیں جانتا تھا

..مگر اسے کسی کی پرواہ نہ تھی

....وہ بڑی ساری گاڑی میں بیٹھ رہا تھا

..اور اس سے پہلے وہ دروازہ بند کرتا ..عینہ نے دروازہ پکڑ لیا

..پلیز نہیں... "وہ لمبے لمبے سانس لیتی

..التجا کرنے لگی

....داود نے اسے سنجیدگی سے ~ور سے اسکی جانب دیکھا

...پلیز اب مجھے چھوڑ کر مت جائیں "عینہ ایک بار پھر سسکنے لگی

..."بیٹھو" ..داود نے ایک لفظی جواب دیا

وہ اپنا بیگ اپنا موبائل ..سب ..اسے نہیں پتہ تھا ..کہاں چھوڑ ائ .. تھی... بس داود ..نے کہہ دیا وہ

...سب چیز پس پشت ڈالے ..اسکے ساتھ گاڑی میں سوار ہو گئ

داود ..نے آنکھوں پر سے گاگلز نہیں اتارے ..وہ .ڈرائیو کر رہا تھا ..جبکہ عینہ اسے دیکھ ..کر جیسے آنکھوں کو سکون بخش رہی تھی

...وہ کتنا بدل گیا تھا

..جیسے گلیشیر بن گیا ہو ..سرد سا جس کے ایموشنز سمجھ نہیں اتے ہوں

..وہ مسلسل اسکی طرف دیکھ رہی تھی

کہ جھٹکے سے گاڑی روکی ..اور عینہ کا سر ڈش بورڈ پر پڑا... کیونکہ اسنے سیٹ بیلٹ نہیں ..باندھی تھی

...اہ "سر پر ہاتھ رکھے... اسنے تکلیف کو دبایا ..جبکہ داود دروازہ کھول کر باہر نکل گیا تھا

...اسنے اپنے سر کو چھوڑا اور ..اسکے پیچھے نکلی... تو وہ شاندار گھر... دیکھ کر حیران رہ گئ

گارڈن کے ایک طرف ..کافی بڑی گلاس وال تھی... جس کے ..گلاس ڈور ..داود نے ...اوپن کیے ..وہ اسکاروم تھا

..وہ حیران ہی تو رہ گئ

کیونکہ اندر... داخل ہوتے ہی... سیٹینگ روم تھا ..جبکہ ..خوبصورت پردے ہٹاتے ہی بیڈ ....روم نظر ایا

..اسنے لائٹس اون کر دی

تمھیں ڈر نہیں لگ رہا ..ایک اجنبی کے ساتھ ..اسکے کمرے میں کھڑی ہو"عینہ پلٹی ..وہ ...چئیر پر بیٹھا ..اسی کی جانب دیکھ رہا تھا

...اپ اجنبی نہیں ہیں "عینہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ..اسکے پاس اگئ

...داود ..نے مسکرا کر ..سر ہلایا

...اپ اجنبی نہیں ہیں "عینہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ..اسکے پاس اگئ

...داود ..نے مسکرا کر ..سر ہلایا

..داود..." .وہ جھجکی ..اسکے انداز ..عینہ کو اسکے روعب میں ڈال رہے تھے

داود اپ ..اپ ناراض ہیں

میں... م میں جانتی ہو ..وہ سب میں ..ڈیڈ نے "عینہ اپنی ہی بے ربط بات سے .
...الجھتی رو دی

...جبکہ روتے روتے ..وہ اسکے قدموں میں بیٹھ گئ

..داود جو ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھا تھا

...ٹانگیں سیدھی کر کے ..اسکے چہرے کیطرف جھکا .اور اسکی بھیگی پلکیں دیکھنے لگا

You don't look like my taste

اسنے ..عینہ کے چہرے پر پھونک ماری... عینہ انسو صاف کرتی ..اسکی صورت دیکھنے لگی..

...داود نے مسکرا کر ..ہاتھ میں پھینی ریسٹ واچ میں ٹائم دیکھا

...گویا کہ وہ بہت مصروف ہو ..اور عینہ اسکا صرف وقت زایعہ کر رہی ہو

...عینہ ..اسکے اس عمل پر خفت زدہ سی ہو گئ

...جبکہ انسو بھی صاف کیے

م... مجھے بھوک لگی ہے "اسنے کچھ توقف کے بعد ..کہا... ہزار سوال تھے .دل میں اسکی عمارت اسکی شان و شوکت کو دیکھ کر ..اسکی شخصیت کی تبدیلی کو دیکھ کر ..اسکا اسکے ساتھ اتنا نارمل ہونے کو لے کر ..دو سال ..اسنے یہ نہیں سوچا تھا کہ جب وہ واپس لوٹے گا تو ..ایسا ہو گا...

....وہ جانتی تھی ..وہ یقیناً غصے سے اسکی گردن دبا دے گا

...مگر یہ داود... .اسکی سوچ سے بلکل برعکس تھا

....داود نے کوئی جواب نہیں دیا

....کل .رات ..8 بجے... ساتھ ڈنر کریں گے

...میرے روم میں... "وہ اٹھتے ہوئے بولا

...عینہ بھی اٹھی ..ہونٹ کاٹنے لگی

...جبکہ سر جھکا سا لیا

...وہ بہت بڑا لگ رہا تھا... جس کے اگے عینہ کو مودب ہونا ہی تھا

...داود نے ..عینہ کو ہونٹ کاٹتے دیکھا

...تو اچانک... .عینہ کی کمر میں ہاتھ ڈال کر ..اسکو... اپنے نزدیک کر لیا

...عینہ کی آنکھیں پھٹ سی گئیں

....دل کی دھڑکنیں ..کانوں میں سنائی دینے لگیں

....داود نے ..انگوٹھے کی مدد سے ..اسکا ہونٹ ..اسکے دانتوں سے ازاد کیا

ابھی انھیں ازاد ہی رہنے دو... جلد یہ صرف میری غلامی میں آئیں گے..." .انگوٹھے کی حرکت... اسکے لبوں پر کرتے ہوے ..وہ سنجیدگی سے بولتا ..اسے اتنی ہی تیزی سے خود سے جدا کر گیا..کہ عینہ خقد کو سمبھال نہ سکی اور زمین پر گیری...

داود کے لب مسکراے...

وہ یوں ہی ..اسکودیکھتا رہا....

عینہ کو اسکی بے گانگی کاٹنے لگی...

وہ بدلہ لیتا اس سے مگر... ایس کیوں ہو گیا تھا...

وہ رونے لگی...

باہر جا کر رونا... "اسنے ..کڑک سی اواز میں کہا ..عینہ نے سر گھمایا..

وہ مسکرا رہا تھا....

یعنی وہ شخص جو ایک لمہہ بھی اسے خود سے دور نہ کرے وہ ااسے نکال رہا تھا....

عینہ کو اج سے پہلی کبھی اپنی بے عزتی کا احساس نہیں ہوا... ہمیشہ وہ ہی اسکو بے عزت کرتا تھا...

وہ باہر نکلنے لگی...

رات اٹھ بجے... "گھمبیر مدھم سی اواز... اسکے کانوں میں سنائ دی...

اسکے ہاتھ پاوں پھولنے لگے...

وہ وہ داود نہیں تھا....

وہ وہاں سے ..بھاگ گئ... جبکہ داود نے اسکو لون سے ..بھاگتے ہوئے تسلی سے دیکھا تھا...

پھر سر جھٹک کر ..اپنی میٹینگ ..کے لیے نکل گیا..

.....

..اسکا ریزلٹ اگیا تھا... ایف ایس سی میں ٹاپ کرنے والی وہ پہلی سٹوڈنٹ تھی

..سب سے پہلے ..وہ اپنی ماں کی تصویر کے پاس ائ

..جس کو وہ اج تک انصاف نہیں دلا سکی .. تھی

اسنے بھیگی آنکھوں اور مسکراتے لبوں سے ..ماں کی تصویر کو چوما ..اور پھر .. حور کو کال ملائ...

..تبھی زرینہ بھی اگئ

..زرینہ انٹی ..میری فرسٹ پوزیشن ائ ہے" ..اسنے خوش ہوتے ہوئے بتایا

..زرینہ اسکی میڈ تھی جو ہر وقت اسکے ساتھ رہتی تھی

..."ماشاءاللہ ماشاءاللہ... زرینہ نے اسکے سر پر پیار دیا

مجھے لگتا ہے ..یہ خبر اپکو حور بیبی کو ..وہیں جا کر دینی چاہیے ..اپ دو سال سے حویلی نہیں گئیں .. حور بیبی حیدر سائیں بہرام سائیں ..سب اپ سے ملنے اتے ہیں ..اس بار اپکو جانا چاہیے"

...اسنے کہا تو مشل ..کی مسکراہٹ مدھم ہو گئ

... نہیں زرینہ انٹی

"..میں ادھر ہی ٹھیک ہو ..جب سے یہاں ائ ہو... کم از کم اپنا اپ... بوجھ نہیں لگتا ..اسنے مدھم اواز میں کہا تو زرینہ نے... اسکے شانے پر ہاتھ رکھا

...اپ کچھ نہ سوچیں ..بس حور بیبی اور حیدر سائیں کی خوشی دیکھیں

...وہ بہت خوش ہو گئیں "اسنے کہا تو وہ زرینہ کی جانب دیکھنے لگی

اور پھر تھوڑی بہت محنت کے بعد... زرینہ کی بات ..پہلی بار ہی

... صیحی مشل نے مان لی

زرینہ خوش ہو کر پیکینگ کرنے لگی... جبکہ مشل بھی ..کچھ ہی دیر میں اسکی ہیلپ ..کرنے لگی ..اور تقریبا دو گھنٹے بعد وہ ڈرائیور کے ساتھ جو ..اسکے پاس ہی ہر وقت رہتا تھا ....حویلی کے لیے نکل گئ

..اسے بہت خوشی ہو تہی تھی

اسنے ہاتھ میں ریزلٹ سختی سے پکڑ رکھا تھا... راستہ ..گزر رہا تھا ..وہی راستے ..دوبارہ نظر ا ...رہے تھے

اور پھر مزید کچھ گھنٹوں میں اسکی گاری حویلی اکر رکی ..تو ..اسکی خوشی پر جیسے اوس سی ...پڑی

سارگل کی گاڑی بھی پارکینگ میں کھڑی تھی ..مگر ..کوی بھی رد عمل دیے بغیر وہ اندر کی ...جانب بڑھی

تو لاونج میں ہی سب موجود تھے حور اور حیدر اسکو اندر اتا دیکھ ..خوشی سے اپنی جگہ سے ...اٹھے ..جبکہ باقی سب بھی ..وہاں ایشا ..اور صارم کی شادی کی تاریخ رکھی جا رہی تھی

..اور جیسے خوشی دوبالی ہو گئ

بابا میں نے ٹاپ کیا ہے ایف ایس سی میں فرسٹ پوزیشن فرسٹ گریڈ"وہ حیدر کو دیکھ کر ..بولی... سفید چہرے پر خوشی کی سرخی ایس الگا ..جیسے ..دودھ میں چیری گھول دی ہو جبکہ شورٹ کرتا اور جینز میں مفلر ڈالے وہ ..معصوم سی مشل سے بلکل مختلف لگ رہی ..تھی

...واہ بھئ "حیدر نے ..اسکے سر پر پیار دیا

..اور ..وہ خوشی سے سب کو اپنا ریزلٹ دیکھنے لگی

بہت خوب بیٹا "بہرام نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا... اور اپنی جیب سے ..چند نوٹ نکال کر ..اسکی ہتھیلی پر رکھے "مشل ..ہنس دی

...نہیں اسکی تو ضرورت نہی "اسنے کہا تو... بہرام نے نفی کی

بیٹا جی پوری فیملی کے نکامے بچوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے اپ نے .. تحفی کیا سلیبریشن بنتی ..ہے کیوں حیدر "وہ بولا تو حیدر نے سر اثبات میں ہلایا

اور سلیبریشن تو اس بات پر بھی بنتی ہے کہ میری بیٹی دو سال بعد دوبارہ حویلی ائ ہے ..کتنا مس کیا تھا میں نے تمھیں "حور نے .. مشل کو سینے سے لگایا ..

...تو سب نے اقرار کیا

..تبھی اندر عینہ داخل ہوئ ..وہ مشل کو حیرت سے دیکھنے لگی

..مشل نے اگے بڑھ کر عینہ کو گلے سے لگا لیا

...اور اسے اپنا ریزلٹ دیکھایا

..عینہ .. مسکرا دی

...اسے خوشی ہوئ کہ مشل دوبارہ .. حویلی اگئ تھی

...اوکے تو کل رات میری طرف سے سب کو دعوت ..اور

..کل ہی ڈیٹ بھی اناونس کر دیں گے "حیدر نے کہا تو .. سب نے حامی بھر لی

جبکہ عینہ کے کانوں میں اواز گونجی

...کل رات "اسکا دل بیٹھ ہی گیا

.....

.وہ کمرے میں ائ تو زرینہ اسکے ساتھ تھی

اپ ارام کریں یہ میں لگا لوں گی"اسنے کہا ..تو زرینہ اسکے سر پر ہاتھ پھیرتی ..وہاں سے چلی گئ ..جبکہ وہ اس بات پر خوش تھی کہ اسکا اس سے سامنا نہیں ہوا... اور ریزلٹ کی خوشی تو اسکے انگ انگ سے چھلک رہی تھی اسنے مفلر گلے سے نکالا اور ..اپنے کپڑے کبرڈ ...میں لگانے لگی

...ابھی دو سوٹ ہی رکھے تھے کہ ..اسے احساس ہوا جیسے اسکے پیچھے کوئ اکھڑا ہوا ہو

..مشل... کے گرد مخصوص کلون کی سمیل پھیلنے لگی

...اسنے جیسے تھوک نگلا جس سے بچنے پر وہ خوش تھی ..وہ اسکے پیچھے کھڑا تھا

مشل پلٹی نہیں .. تبھی اسے ..اپنی کمر پر ..ہاتھ رینگتے محسوس ہوے ..اسکی دھڑکنیں اتھل پتھل ہو گیئں...

مجھے گلے نہیں لگاو گی "اسکے بالوں میں سے کیچر نکال کر ..سارگل نے ..اسکے بال ..ایک شالڈر پر ..سرکا دیے...

.وہ ایک بار پھر اسے ڈرا رہا تھا خود سے

...مگر وہ بھول گیا تھا ..دو سال کا عرصہ بیچ میں حائل ہے

.. مشل ..نے اسکے ہاتھ جھٹکے ..اور کبرڈ کا دروازہ بند کر کے ..مڑی

...ہمم بیوٹیفل "سارگل نے ڈھائٹ سے کہا ..اسکی برڈز بھڑ گیئں تھیں

کیوں آیئں ہیں میرے روم میں "مشل نے غصے سے کہا ..تو سارگل نے ..ائ برو اچکائ..

...میری بیوی کا کمرہ ہے کیا پرعبلم ہے "وہ ڈھٹائ سے کہتا

..بیڈ پر لیٹ گیا

"...کون سی بیوی ..شادی کرنے والے تھے اپ تو دوسری

جان سارگل ..غصہ کیوں ہو رہی ہے .ایکچلی میں نے اپنا ارادہ بدل لیا ..ہے... سوچ رہا ...ہوں ..اسبے مثال خوبصوتی کو ..اپنی دولہن بنے دیکھو... "وہ مشل کے قریب انے لگا

..جبکہ مشل نے پاس سے فروٹ نائف اٹھا لی

....اینف سارگل خان... مزید ایک قدم بھی نہیں

اپکے موڈ پر نہیں چلنا مجھے... .اور نہ میں نے اپنا موڈ بدلا ہے... اپکی دولہن بننے کی مجھے ..کوئ خواہش نہیں... "وہ آنکھیں نکال کر بولی سارگل کے ماتھے پر بل سے ڈل گئے

کیوں مشل بیبی پڑھتے پڑھتے کسی ..اوازہ سے دل لگا بیٹھی ہو "..سارگل نے دانت پیس ..کر اسکی جانب دیکھا

..اب وہ اسے کیا بتاتا ..کہ دو سال میں ..اسکے دل کو... اسنے خوابوں میں ا اکر کس طرح اپنے حق میں اتار کر اپنی محبت میں گرفتار کیا تھا ..اور اب تو سارگل کو اسکو دیکھ ے کے بعد بس یہ دل تھا کہ وہ اٹھا کر اسے اپنے کمرے میں لے جائے..

..مگر یہاں تو کہانی ہی الگ تھی

..مشل نے اسکی جانب دیکھا

...ہاں... پسند ہے مجھے کالج میں ایک لڑکا" ..وہ کہہ گئ

..سارگل نے غصے سے اسکیطرف دیکھا

..جانتی ہو اپنے شوہر کے سامنے کھڑی ہو... "وہ غضب ناک ہوا

..اچھا "مشل ہنسی

..جس وقت مجھ پر پیسے پھینک کر وہاں سے بھاگنے کے لیے کہا تھا ..تب نہیں پتہ تھا ...کہ شوہر ہیں اپ میرے "اسنے .. بھی آنکھیں نکالیں

...تبھی دروازہ بجا

..دونوں نے دروازے کی جانب دیکھا

...مشل چندہ دروازہ کھولو "حور کی اواز پر مشل اس جانب بڑھی

تبھی سارگل نے اسے دبوچ لیا... اور... اسکی اوز بند کرنے کو ..اسکے لبوں پر قفل ڈال دیا...

..کافی جنونی انداز میں... جبکہ باہر حور دروازہ بجا رہی تھی

..وہ اپنی من مانی کر کے اگلے ہی لمحے ہٹا

...تمھیں تو زمین میں گاڑ دوں گا میرے علاوہ کسی اور کے بارے میں سوچا بھی تو

تمھارے گرد صرف سارگل خان ہے... اور بس "اپنی حاکمیت ظاہر کرتا ..وہ پیچھلی کھڑکی سے لون میں اتر گیا ..جبکہ مشل نے ..دانت بھینچ کر ..اسکیطرف دیکھا...

ہر بار نہیں "اسنے سوچا

...اور دروازہ کھول دیا .

. .....

....بیل بجی ..وہ جاگ رہی تھی

...اسنے فون اٹھایا ..دل کو جیسے معلوم تھا ..کہ یہ وہی ہو گا

..کہاں ہو "فون اٹھاتے ہی اسکی اواز ائ

...ک... کمرے میں "عینہ نے جواب دیا

..داود نے سگار کا دھواں ارد گرد اڑا دیا

میرے پاس او تمھیں دیکھنے کا دل کر رہا ہے "اسنے... کہا تو عینہ کے ہاتھ سے موبائل چھوٹتے چھوٹتے بچا...

..م... میں اس ..اس وقت "اسنے گھڑی دیکھی... رات کے 3 بج رہے تھے

..ڈرائیور باہر کھڑا ہے

..دس منٹ ہیں تمھارے پاس"اسنے کہا..تو عینہ ..کے ہاتھ پاوں کانپ اٹھے جبکہ اسنے ...فون بند کر دیا

..وہ بلکنی میں ائ تو اسے ہارن کی اواز سنائ دی

...بہت تیز تھا..کوئ بھی اٹھ سکتا تھا..یہ تو شکر تھا کہ ..چوکیدار بھی انگ رہا تھا

...جاو کے نہیں "..وہ ناخن کاٹنے لگی

کنفیوز سی ہو کر... ،اسی اسنہ میں دوسرا ہارن بجا..اور بس عینہ گھبرا کر باہر کی جانب ...بھاگ اٹھی

...اس وقت اسے یہ ہارن روکوانا تھا..خوف بھی تھا... دل میں

...مگر..وہ چپکے سے..باہر نکل گئ..سامنے کے گیٹ کے بجائے پچھلے دروازے سے

...ڈرائیور نے اسکو دیکھا..اور اسکے لیے دروازہ کھولا

..اسے عجیب شرمندگی ہوئ

...مگر وہ شخص اسے کوئ موقع ہی نہیں دے رہا

ادھے گھنٹے میں وہ اسکے کمرے کے سامنے کھڑی تھی باہر سے ہی وہ اسے... نظر ا رہا تھا...

..وہ سگار پی رہا تھا ..عینہ کو دھچکا لگا ..جبکہ کمرے میں معمولی اندھیرہ تھا

...عینہ کو یہاں ا کر... ایکدم جیسے اپنی غلطی کا احساس سا ہوا

اسے اتنی رات گئے نہیں انا چاہیے تھا

...وہ پلٹتی اس سے پہلے ہی داود کے ہاتھ کی گرفت میں اگئ

...داود نے ایک جھٹکے سے اسے اندر کھینچ کر ..گلاس ڈور بند کر دیا

...عینہ کی سانس اتھل پتھل ہو گئ

د ..داود "داود... اسکے چہرے ..پر ..اپنی انگلی سے سطر کھینچتا ..جیسے اسے اپنے قابو میں ...کر گیا

نکاح کرو گی مجھ سے "اسنے سوال کیا ..چہرہ اسکے چہرے کے نزدیک لے ایا ..جبکہ انگلی ..کی حرکت عینہ کے لبوں پر تھی

...عینہ کی سانس اٹک گئ... اسنے بے بسی سے داود کیطرف دیکھا

..نکاح ..کرو گی "دوسری بار سوال ہوا... جبکہ انگلی کی حرکت ..اب اسکی پلکوں پر تھی

..کہو ہاں "اسنے اسکے کان میں کہا

...عینہ... نہ جانے کیوں اسے انکار نہیں کر سکی

....اور اسنے اثبات میں سر ہلا دیا

..داود مسکرا کر پیچھے ہٹا

..اور دو قدم چل کر دوبارہ سگار کو لبوں سے لگا لیا

...سوچ لو "..اسنے ..گھیری نظروں سے عینہ کو دیکھا

..عینہ بھی اسی کیطرف دیکھنے لگی

نہ جانے کیوں اسے جیسے داود کا یہ ایک امتحان لگا ..جیسے وہ اگر اس میں پاس ہو گئ تو پچھلی غلطیوں کے گناہ دھل جائیں گے..

..س ..سوچ لیا "عینہ نے جواب دیا

..داود نے مسکرا کر سر ہلایا

...اور فون اٹھایا

..کوئ زبردستی نہیں ہے "اسنے پھر سے کہا

..چاہو تو جا سکتی ہو "عینہ اسکے نزدیک ائ

ایسے کیوں کہہ رہے ہیں "اسنے پوچھا ..تو ..داود کی آنکھیں اسکی آنکھوں میں گڑ گئیں کچھ جتاتی ہوئیں ..سی..

..عینہ نے آنکھیں پھیر لیں

..داود نے ہارون کو کال کی

...وہ تو اسکی بات پر حونک ہوا

..مگر ..جو اسنے کہا ..اسنے 10 منٹ میں سارے انتظام کر لیے

"مگر داود کے کان میں گھس کر ایک بار پوچھا ضرور کون ہے یہ ..کیاکر رہے ہو

...بہرام خان کی بیٹی "داود ..ہنسا... ہارون... .نے ایک پل کے لیے آنکھیں کھولیں

...اور ..بس وہ اسکے اگے ..تالیاں بجاتا ..وہاں سے چلا گیا

..عینہ یہ سب ..نہ سمجھی سے دیکھ رہی تھی

....کیا ہوا"داود نے ..اسکے گال پر ہاتھ رکھا

..عینہ نے ..اسکا ہاتھ پکڑ لیا

...اسے سمجھ نہیں ایا کیا کہے

..ڈر لگ رہا ہے "داود نے ..پوچھا ..تو وہ سر اثبات میں ہلا گئ

...جبکہ آنکھیں بھی بھیگ گئیں

..تو چلی جاو" ..اسنے ..راستہ چھوڑا

..عینہ کو وہ اس وقت بہت ظالم لگا

.....عینہ نے نفی کی تو وہ مسکرا دیا

.....اور 15 منٹ صرف 15 منٹ میں وہ اسکے تمام جمہ حقوق کا مختیار بن گیا تھا

وہ خاموشی سے بیٹھا تھا جبکہ عینہ کی آنکھیں بھیگتی جا رہیں تھیں سب لوگ وہاں سے جا چکے تھے .. تبھی ایک ملازم ایا..

میڈیم کو انکے گھر چھوڑ دو "اسنے حکم دیا ..اور وہاں سے اٹھ کر ..وہ بیڈ روم کی جانب چلا گیا..جبکہ عینہ... ادھے پورشن میں گیرے پردوں کو دیکھنے لگی.....

.....

سر اگر اپ کو برا نہ لگے تو ایک بات کرنا چاہتا ہوں "وہ تقریبا روز ہی معاز کے پاس اتا تھا ..عابیر بھی وہیں بیٹھی تھی ..جبکہ معاز جو کافی کمزور ہو گیا تھا... اسنے اسکی جانب دیکھا..

ہاں بیٹا بولو "اسنے کہا... وہ انکا محسن تھا ان مشکل حالت میں ایک بیٹے کی طرح اسنے انکی مدد کی تھی شاید دل میں گلٹ تھا کہ کہیں نہ کہیں اسکا ہاتھ بھی تھا ..داود کے گمشدہ ہونے میں جبکہ بڑی وجہ فیزا تھی..

فیزا دروازے کے باہر کھڑی ..اسکی بات سن رہی تھی...

سر ..میں فیزا سے شادی کرنا چاہتا ہوں "مراد نے بنا لگی لپیٹی کے بات شروع کی... تو ایک پل کو معاز اور عابیر ایک دوسرے کو دیکھ کر رہ گئے معاز کی یہ بہت خواہش تھی کہ فیزا اور داود کی شادی کر دی جائے اور فیزا اسکی آنکھوں کے سامنے رہے مگر ..شاید یہ

خواہش پوری نہیں ہو سکتی تھی ..اور کب تک ..کب تک وہ بچی ان دونوں کا بوجھ اٹھاتی..

بیٹے یہ باتیں اسطرح تو نہیں ہوتیں... والدین آئیں اپکے ..تو پھر فیزا کی رضامندی کے بعد ہی میں کوئ فیصلہ کروں گا "معاز نے ہلکی پھلکا سی اپنی امادگی کا اظہار کر دیا..

جبکہ مراد کو تو جیسے ہفت کلیم ہاتھ لگ گیا ہو ..اسکے چہرے پر خوشی دیکھنے لائق تھی

کیوں نہیں سر ..کل ہی میں اپنے پیرنٹس کو بھیج .دو گا "اسنے کہا ..جبکہ عابیر بھی مسکرا دی...

حالات ..وقت ..سب میں ڈھلاو لے ایا تھا ..اب کہاں وہ انا باقی تھی ..یہ ضد ..اب بس خوشیوں کی منتظر تھیں آنکھیں اور مراد ان دونوں کو ہی پسند تھا ..فیزا کے لیے بھی اچھا لگا ..مگر فیزا کی مرضی کے بغیر وہ کچھ نہیں کرنا چاہتے تھے..

کچھ دیر بیٹھ کر ان کے ساتھ گپ شپ لگا کر وہ وہاں سے اٹھا تو بے حد خوش تھا..

فیزا ..اسے برانڈے میں ہی دیکھ گئ وہ کھا جانے والی نظروں سے مراد کو دیکھ رہی تھی...

...غالبا اپ کوئ اعتراض نہیں کریں گیں "اسنے مسکرا کر کہا

اعتراض ہی اعتراض ہی مراد صاحب اپکو کیا لگ رہا ہے یہ مہربانیوں کی قیمت میں ہوں گی تو بھول ہے اپکی "اس نے غصے سے کہا..مراد ایک پل کو حیران ہوا جبکہ اگلے ہی لمحے ..اسنے غصے سے اسکا بازو پکڑ کر اپنے قریب کیا

پاگل ہوگئ ہو میری محبت کو قیمت سمجھ رہی ہو..دماغ ٹھکانے ہے یہ لگا دوں میری نرمی کا ناجائز فائدہ اٹھا لیا ہے تم نے "وہ اپنی اصلیت پر اترا..فیزا ایکدم اس سے خوفزدہ ...ہوئ تھی

...اپنے دماغ میں بیٹھا لو اج نہیں تو کل تمھیں مسیز مراد ہی بننا ہے

سیدھی طرح بن جاو ٹھیک ہو گا..ورنہ..الٹے طریقے شاید تمھیں پسند نہ آئیں "غرا کر بولتا وہ اسکے پاس سے نکل گیا..کل کیا بھیجنا تھا اسنے اج ہی مما بابا کو بھیجنے کا فیصلہ کر لیا ...تھا

..حویلی ادھے گھنٹے کی ڈرائیو کر کے... پھنچا ..تو وہاں فنکشنز کی تیاریاں شروع تھیں اج مشل کے انے کی خوشی میں جہاں دعوت تھی وہیں صارم اور ایشا کی ڈیٹ فیکس کی جانی تھی وہ جانتا تھا ..ایشا کی شادی کی وجہ سے اسکے ماں باپ مصروف ہوں گے مگر اسکا کام بھی قیمتی تھا اور اچھا ہی تھا اسکی شادی بھی جلد از جلد ہو جاے....

..تاکہ وہ اس لڑکی کا دماغ ٹھیک سے ٹھکانے لگائے

..معاویہ کے روم کا دروازہ بجا کر ..وہ روکا اور اجازت ملنے پر اندر داخل ہوا

تو ..معاویہ فون پر بات کر رہا تھا جبکہ انوشے ..اج کے فنکشن کے لیے ڈریس نکال رہی تھی..

..او بیٹا بیٹھو"انوشے نے کہا تو وہ بیٹھ گیا...

..معاویہ کے فارغ ہوتے ہی اسنے ..اسکو ساری بات بتا دی

..فیزا... یعنی معاز کی بھانجی اس سے شادی کرنا چاہتے ہو تم "معاویہ کو حیرت ہوئ

..جی ہاں" .مراد نے کہا

وہ کبھی نہیں مانیں گے بیٹا جی جو تم لوگوں نے انکے بیٹے کے ساتھ کیا .اور جو کچھ ہو چکا ہے دو سال پہلے ..وہ بلکل حامی نہیں بھریں گے . بھول جاو"معاویہ چونکہ کچھ نہیں جانتا تھا تبھی خود ہی اعتراض کرتا بولا...

انھیں کوئ پروبلم نہیں ہے اپ پلیز اج ہی چلے جائیے "مراد نے کہا .تو معاویہ سمیت انوشے نے بھی دیکھا...

تم اتنے یقین سے کیسے کہہ سکتے ہو "معاویہ نے الجھ کر پوچھا... تووہ رفتہ رفتہ انھیں سب بتاتا چلا گیا...

دونوں ہی خانوش ہو گئے..

میں بس یہ جاننا چاہتا ہوں اپ لوگوں کو تو کوئ ایشو نہیں ہے کہ تایا سائیں... کی وجہ سے ..کوئ ..فیزا کے خلاف ہو "..اسنے یہ بات پوچھنا بھی ضروری سمجھی..

نہیں بیٹا .وہ تو معصوم لڑکی ہے اسکا کیا قصور ہے ان سب میں .یہ تو بڑوں کی اپسی جنگیں ہیں...

اور جب انھوں نے اپنا دل بڑا کیا ہے تو ہمیں کیا مسلہ ہے اچھا ہے دونوں فیملیز کے اپسی تعلقات بھی اچھے ہو جائیں گے "انوشے نے کہا تو مراد مسکرا دیا..

تھنکیو مما "اسنے ماں کو پیار کیا ..جبکہ معاویہ پرسوچ نظروں سے بیٹے کو دیکھ رہا تھا..

زیادہ مت سوچیں بس ..دولہن بنا کر اسے یہاں لے آئیں باقی سب کام میرے ہیں اسنے کہا تو ..معاویہ ..نے .. مسکرا کر اسکیطرف دیکھا"..

بہت دولہا بننے کا شوق چڑھ رہا ہے "وہ ہنسا..

افکورس تیس کا ہو گیا ہوں بھئ "مراد سمیت انوشے بھی ہنسی

.....

مراد کی ضد پر معاویہ اور انوشے سب کو بتا کر... مراد کا رشتہ لینے چلے گئے جبکہ انکے ساتھ ارمیش بھی گئ تھی...

...بہرام نے اسے نہیں روکا تھا

شاید اسی طرح وہ اس سے راضی ہو جائے کیونکہ پچھلے دو سالوں میں ارمیش وہ ارمیش لگتی ہی نہیں تھی...

فیزا کے لیے یہ سب حیرت انگیز تھا..ابھی کچھ دیر پہلے وہ گیا تھا اور فورا ہی اسنے ..سب کو بھیج دیا....

...معاز تو تزبزب کا شکار تھا

تم ٹھیرو میں پوچھتی ہوں ..بچی کی رائے کے بغیر ہم کوئ فیصلہ نہیں کر سکتے "عابیر نے کہا تو معاویہ نے سر ہلایا..

...عابیر اتنی اچھی...کیسے ہو سکتی ہے ..اسنے ایک منٹ کو سوچا

....اور پھر مسکرا دیا

....سب بدل جاتا ہے وقت کے ساتھ سب

فیزا بیٹا... .تم سب جان تو گئ ہو ..بتاو تم کیا چاہتی ہو ..کوئ زور زبردستی نہیں ہے بیٹا .....جو تم فیصلہ کرو گی وہی ہو گا... مگر ایک بات یاد رکھنا بچے

تم زمہ داری ہو ہماری... اور مجھے اور تمھارے مامو دونوں کو ہی مراد پسند ہے... .اچھا .....لڑکا ہے

.....ضرور وہ تمھیں خوش رکھے گا

اور تمھاری زمہ داری سے ہم سکبدوش ہوں... جلد از جلد اس سے بڑھ کر اور کیا بات ہو گی... داود ..تو نہ جانے کہاں چھپ گیا ہے... .اسکا انتظار... بے کار ہے" ..وہ خاموش ہوئ تو فیزا نے اسکی نم آنکھیں دیکھیں... .وہ بہت مظبوط عورت تھیں اسے .....اج محسوس ہوا

.....اور نہ جانے کیسے... .شاید ان انسو کی لاج رکھ لی اسنے ..اپنی حامی دے دی

اور اسکے بعد عابیر کی آنکھوں کی خوشی دیکھ کر ..اسکے لب بھی مسکرائے ..ان دو سالوں ..میں شاید پہلی بار اسنے اسے اتنا خوش دیکھا تھا

ماشاءاللہ ماشاءاللہ... اللہ مبارک کرے" ..اسکو پیار کر کے... وہ باہر نکل گئ جبکہ روشی بھی خوشی سے اچھلتی باہر چلی گئ ..اور فیزا ایکدم بیڈ پر گیری ..آنکھوں کے اگے ..مراد اور لیلا کا منظر گھما....

معاف تو میں کبھی نہیں کروں گی تمھیں "اسنے دانت کچکاتے ہوئے سوچا.....

.....

بہت خوب بیٹے بہت خوب .. منگنی شادی سب کرا لوں ایک میں لٹکا ہوا ہوں دو سال کا شادی شدہ پلس ابھی تک کوارہ "..مراد کی خوشی کی انتہا نہیں تھی جب سے اسکو پتہ چلا فیزا نے حامی بھر دی ہے جبکہ سارگل پکا چیڑہ بیٹھا تھا...

خیر ..کوارا کہنا خود کو... نہیں فضول بات ہے جس مقصد کے لیے تم نے شادی کی تھی وہ تو پورا کر ہی لیا تھا ڈھٹائ سے "..مراد نے گھور کر اسکو دیکھا

اچھا بھئ بیوی تھی میری میں نے کچھ بھی کیا .اب جب میں رخصتی چاہتا ہوں تو اس ..میں اکڑنے والی کوئ بات ہے بھلہ "سارگل نے کہا تو مراد نے تالی بجائ

مگر تم اکڑو تو کچھ نہیں مقابل نے انکار کیا تو انا پر لگ رہی ہے کمال ..ڈھائ سال تم "نے اس معصوم لڑکی کا خون پیا ہے

جھوٹ ہے سراسر اگر اتنا ہی پیا ہوتا تو دو تین چنو منو کھیل رہے ہوتے بھائ کے ....گرد"اسنے دانت نکال کر کہا تو ..مراد نے اسکی کمر پر مکہ مارا

...بیہودگی کے ریکارڈ توڑ دو تم "مراد چیڑا

...اب اس میں بیہودگی کہاں سے اگئ "سارگل نے کمر سہلاتے ہویے کہا

....مراد اسکو گھورتا رہا

ایسے نہیں چلے گا تمھاری شادی ہو گی تو میری بھی ہو گی ورنہ اس منحوس صارم کی بھی ..نہیں ہونے دو گا"سارگل نے اٹھتے ہویے دھمکی دی

..اس میں میرا کیا قصور ہے "وہ پیچھے ہی ا دھمکا

تو تو اپنا منہ بند رکھ ..زہر لگ رہا ہے شرم نہیں ایے گی بڑے بھائ کنوارے بیٹھیں خود ..گھوڑی چڑھے گا" ..سارگل نے تپ کر اسکی گردن دبوچی

بھائ میرا نام اس کنوارے پن سے نکالو... ڈیٹ فیکس ہو گی میری بھی اج" ..مراد ..ہاتھ جھاڑتا... اٹھا تو صارم بھی جان بچا کر اس سے نکلا

اللہ کرے .. تم دونوں کے گھوڑے کی ٹانگیں ٹوٹ جائیں مولوی بیمار پڑ جائے ..کالام میں سیلاب ا جایے... منحوسو بخشوں گا نہیں "اسکے چلانے کا کوئ بھی اثر لیے بغیر وہ دونوں ....اندر چلے گئے جبکہ وہ .. مشل کی گردن دبا دینا چاہتا تھا

اسنے بہرام کو زبردستی حیدر کے پاس رخصتی کی بات کرنے کے لیے بھیجا تھا ..مگر مشل نے صاف انکار کر دیا تھا کہ وہ رخصتی نہیں چاہتی .. تبھی سارگل کی جان پر بن رہی .... تھی... اور سب نے مشل کی بات کو پوری پوری اہمیت بھی دی تھی

.....

وقت گزر رہا تھا... شام ہونے کو ائ تھی بڑی حویلی سج اٹھی تھی... سب تیار ہو ہو کر لون میں جا رہے تھے...

فنکشن کمبائین تھا کیونکہ گھر گھر کے لوگ تھے...

مشل نے وائٹ شورٹ فراک اور وائٹ ہی پلازو پہنا ہوا تھا جبکہ اسکا نازک سراپا سفید کمدار لباس میں سارگل پر تو ظلم ہی کر رہا تھا اور خود بھی وائٹ کرتا شلوار میں ملبوس تھا.. اور مشل کے گرد ایک سو ایک گارڈ دیکھ کر وہ کڑھنے کے سوا کچھ نہیں کر سکتا تھا...

جبکہ مراد جو براون کرتا شلوار میں ملبوس تھا ..بے چینی سے فیزا کا انتظار کر رہا تھا کیونکہ معاویہ ان سب کو اج کی دعوت میں مدعو کر کے ایا تھا... مگر افسوس کی بات تھی کہ فیزا کے علاوہ سب ائے تھے...

اور ان سب کو ارمیش بے حد پروٹوکول دیے رہی تھی ..بہرام ارمیش کو خوش دیکھ کر خوش تھا نہ ہی اسنے عابیر کو دیکھ کر کوئ ریسپونس دیا تھا نہ ہی عابیر کی جانب سے .کوئ ریسپونس ایا تھا ..دونوں کی لیے ایک دوسرے کا ہونا یہ نہ ہونا برابر تھا....

صارم جبکہ ہواوں میں اڑ رہا تھا کیونکہ ایشا اوریج کلر کے ڈریس میں بے حد پیاری لگ رہی تھی اور جلد ہی انکی شادی کی ڈیٹ کے ساتھ مراد کی شادی کی ڈیٹ بھی اناونس ہونی تھی...

مگر ان سب میں کوئ تھا ..جو سیاہ گولڈن کام کے لباس میں سب سے الگ تھلگ کھڑی تھی....

کیونکہ جس تیزی سے گھڑی کی سوئ اٹھ کے ہندسے کیطرف جا رہی تھی عینہ کی جان پر بن رہی تھی...

کھلی پریشان پریشان سی زلفیں جبکہ لائٹ بوجھل بوجھل سا میکپ اور اسپر بس براون لیپسٹک ..وہ پوری محفل کی جان بنی کھڑی تھی مگر سب سے الگ ..ہاتھ میں موبائل تھامے... بے حد کنفیوز...

ہیلو "پیچھے سے اتی اواز پر وہ پلٹی ..سامنے بلیک ہی ڈنر ڈریس میں کوئ کھڑا تھا وہ اسے نہیں جانتی تھی..

...ہیلو "اسنے اہستگی سے کہا

...میرا نام مہد ہے... "اسنے ہاتھ اگے بڑھایا

..مگر عینہ اسکا ہاتھ نہیں تھام سکی انکی کلاس میں یہ عام بات تھی مگر ..اسے ایسا لگا داود دیکھ رہا ہو اور اگر اسے پتہ چل گیا ..تو وہ ضرور یہ تو اسے مار دے گا ..یہ اس سے دور ...چلا جایے گا جو وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی

..اسنے بس سر ہلا دیا ..مہد نے مسکرا کر ہاتھ ہٹا لیا

اپ کچھ پریشان سی لگ رہیں ہیں "اسنے کہا تو عینہ کا دل کیا رو دے ..پہلے وہ پریشان ... تھی اور اوپر سے ..یہ ادمی بلاوجہ اس سے باتیں کر رہا تھا

ج ..جی نہیں میں ..بس میری طبعیت نہیں ٹھیک "عینہ نے کہا ..اور اپنی جانب اتے ...بہرام کو دیکھا

..عین اپ ملی ہو مہد سے "بہرام نے مسکرا کر عینہ کو اپنے حصار میں لیا

...جی ڈیڈ"عینہ نے اثبات میں سر ہلایا

...مہد مسکرا دیا

بھئ میری چڑیا کی کچھ طبعیت نہیں ٹھیک .. تبھی گم سم سی ہے ورنہ سب سے زیادہ چہکتی ہے "بہرام نے .. مسکرا کر مہد سے کہا .. تو وہ ہنس دیا...

" جی انھوں نے ابھی بتایا ہے کہ انکی طبعیت نہیں ٹھیک

عینہ کو یہ سب باتیں بے کار لگ رہیں تھیں وہ موبایل کو گھور رہی تھی .. اور اچانک ہی موبائل بجا... تو نمبر ان نون تھا...

...وہ اچھل اٹھی

وہ جانتی تھی وہ کون ہے اور اسنے شکر ادا کیا کہ .. جس نمبر پر اسنے اسکا نام سیو کیا تھا اس سے کال نہیں تھی...

یہ کوی اور نمبر تھا اگر وہ ہوتا تو لازمی بہرام دیکھ لیتا کیونکہ وہ اسے اپنے حصار میں لیے کھڑا تھا..

..ایکسکیوز می"وہ مدھم اواز میں بولی تو دونوں نے سر ہلایا اور وہاں سے چلے گئے

جبکہ عینہ سے کال ہی نہیں پیک ہو رہی تھی وہ کتنا ڈر گئ تھی اس سے ..وہ حویلی کے اندر اپنے روم میں اگئ...

..کال دوبارہ ائ ..تو اسنے کال پیک کی

ڈنر از ریڈی عینہ ڈالنگ...

شادی کے بعد کا پہلا ڈنر ..اور اپکا شوہر بے تابی سے اپکا انتظار کر رہا ہے"وہ گھمبیر اوز میں بولتا ..عینہ کے وجود میں سنسنی دوڑا گیا...

عینہ ناخون کاٹنے لگی...

..وہ بری طرح گھبرائ تھی یہاں تو فنکشن تھا ..اور وہ کیسے کیسے جایے گی

..د ..داود "اسکا لہجہ بھیگا

نو ..کوئ بھانہ نہیں ..ابھی اور اسی وقت میرے پاس او..."حکم دیا...

..داود گھر میں فنکشن ہے... مراد لالا اور صارم لالا کی ڈیٹ فیکس ہے ..م ..میں کیسے ...میں ..کل ..ا جاوگی" ..اسنے اہستگی سے ..کہا... جبکہ... پیچھے سے گھیرہ سانس لیا گیا

..اوکے میں اتا ہوں "بس اتنا کہا گیا

نہیں نہی داود اپ یہاں ا گئے تو قیامت ا جایے گی ..پلیز اپ ایسا مت کریں "وہ ایکدم ..کھڑی ہو گئ

دوسری طرف داود نے سگار لبوں میں لے کر گھیرہ کش بھرا تھا... جبکہ لب مسکرائے تھے

...پھر تم ا جاو "وہ نارملی بولا

...عینہ کی سسکیاں وہ سن رہا تھا

...مگر کچھ نہیں بولا

میں ..کیسں ..کیسے "اسنے موبائل کان سے ہٹایا ..اور انسو صاف کیے ..کال بند ہو گئ ...تھی

..وہ یہاں ا جاتا اور یہ بات کہ وہ اسکے نکاح میں ہے ..ایک بڑا طوفان لے اتی

..اسے خود ہی کچھ کرنا تھا ..وہ اٹھی ..اور دوڑتی ہوئ نیچے ائ

..تو اسے ایشا نظر ائ ...جو اسے ہی ڈھونڈ رہی تھی

عینہ کہاں چلی گئ ہو یار ڈیٹ ان ناونس ہو رہی ہے اور تمھاری کوئ خبر نہیں "ایشا نے ..کہا ..تو عینہ نے ..ایشا کو پیچھے کیطرف کھینچا

ایشا میری بات سنو میں پچھلے دروازے سے ..اپنی گاڑی میں جا رہیں ہوں کہیں ..میں جلد اوگی

تم بس یہاں سمبھال لینا سب کچھ بھی کچھ بھی کہہ کر ..میں میں اتی ہوں "اسنے کہا . ..ایشا کا تو منہ کھل گیا

یہ کیا بولے جا رہی ہو کہاں .جا رہی ہو اس وقت "..وہ اسکے پیچھے ای... جبکہ عینہ نے ..سرخ آنکھیں اسکیطرف اٹھائ

داود کے پاس "ایشا ایکدم دور ہوئ

....داود "بے ساختہ اسکے منہ سے نکلا

..ہاں مگر تم کسی کو نہیں بتاو گی "اسنے اسے تنبھی کی

" ...مگر عینہ

...وہ کچھ کہتی کہ عینہ باہر نکل گئ

.....

...وہ نہیں جانتی تھی وہ کس جگہ پر رہتا ہے

تبھی گاڑی میں بیٹھ کر وہ بری طرح رو دی ..ڈر لگ رہا تھا ..اسکا دل پتے کیطرح کانپ رہا تھا..

...مگر خود ہی اپنے انسو صاف کیے

..تبھی اسکا فون بجا

...اب بھی نمبر مختلف تھا

..اسنے کال پیک کی

تمھاری گاڑی کے پیچھے میرا ڈرائیور ہے اسکی گاڑی میں بیٹھ جاو"بس اتنا کہا اور فون بند کر دیا...

....عینہ خاموشی سے گاڑی سے اتر گئ

..اور پیچھے اسکی گاڑی میں بیٹھ گئ

...دس منٹ میں وہ اسکے کمرے کے سامنے کھڑی تھی

...گلاس وال سے اندر کا نظارہ دیکھ رہا تھا

اندر کنڈلز اور گلاب کے پھولوں سے عجب ماحول دیا ہوا تھا ..کہ عینہ کا اپنی ٹانگوں پر کھڑا ہونا مشکل ہو گیا ..جبکہ وہ خود ..نائٹ گاون میں چیئر پر بیٹھا جھول رہا تھا ..سگار بھی ..ساتھ ساتھ جاری تھی

...داود نے اسکیطرف چہرہ موڑا

...اسکی آنکھیں سرخ تھیں اسے دور سے ہی لگا

..جبکہ اچانک ہی کمرے میں تمام روشنیاں بوجھ گئیں

...داود گم ہو گیا تھا ..اندھیرہ ہو گیا تھا چارو طرف

...وہ دروازہ بجانے لگی

...دروازہ کھلا ..اور کسی نے اسے اندر کھینچ لیا

داود"عینہ نے اس اندھیرے میں اسکی شناخت کرنا چاہی... اور پھر مدھم سی ..دو تین کنڈلز جلنے لگیں جس سے ..اسے داود کا چہرہ دھنلا سا دیکھا جو اسکے چہرے کے بے حد قریب تھا...

....داود... .مج ..مجھے ڈر لگ رہا

...عینہ کے لفظ ..چن لیے گئے تھے

...مزید وہ بول نہیں سکی

...شیشے کی گلاس وال سے ..لگی ..وہ مقابل کے جنون کو سہہ رہی تھی

...پھولوں کی مہک نے جیسے نئے سیرے سے انکا احاطہ کر لیا تھا

...کمرے میں خاموشی کا دورانیا بڑھنے لگا

..جبکہ عینہ کے لیے یہ لمحات ..خوف کے زیر اثر تھے

...وہ اپنی مرضی سے اس سے دور ہوا

....ویلکم ٹو مائے وارلڈ"مدھم اوز میں کہہ کر اسنے انگوٹھے کی مدد سے عینہ کے رخسار کو چھوا

...عینہ بڑی بڑی آنکھوں اے اسکی صورت تکنے لگی

....مگر بولی کچھ نہیں... تبھی داود نے ..جھک کر اسے... اپنے بازوں میں بھر لیا

...عینہ ..کا وجود کانپ رہا تھا ..داود مسکرا دیا

...عینہ نے... ہونٹوں کو دانتوں تلے دبا لیا

جبکہ داود نے اسے ..گول میز کے گرد پڑی ..کرسی پر بیٹھایا ..اور ایک بار پھر معمولی... سا ..اسپر حملہ کیا ..جس پر وہ سٹپٹائ

...کہا تھا نہ یہ میرے غلام ہیں "اسنے ..کہا تو عینہ کا چہرہ سرخ ہو گیا

جبکہ وہ اسکے سامنے بیٹھنے کے بجائے ..بلکل اسکے ساتھ بیٹھ گیا ..چئیر کھینچ کر ایسے ...کے ..عینہ ..خود میں سمیٹنے لگی

د... داود "عینہ نے فوک کیطرف دیکھتے ہوئے سوال کیا ..جس میں چکن کا پیس پھنسا ...تھا اور داود اسکے منہ میں ڈال رہا تھا

...یس بیوٹی "عینہ نے لقمہ لیا... اور اسی فوک سے داود نے بھی کھایا

اسکی توجہ پلیٹ کیطرف تھی

اپ ..اپکو مجھ پر غصہ نہیں اتا"اسنے کچھ جھجھکتے ہوے پوچھا اور فوک کا لقمہ لیا

...میرا غصہ برداشت کر لوگی عینہ"داود نے سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھا

....عینہ کو اسکی آنکھوں سے شرمندگی ہوئ

..اور اسنے نفی میں سر ہلا دیا

..پہلے اسے اسکا یہ سرد انداز نہیں برداشت ہو رہا تھا ..کجا کہ غصہ

..داود مسکرا دیا

...پھر پوچھ کیوں رہی ہو "اسنے پھر سے لقمہ اسکے منہ میں دیا

اپ ..اپ نارمل نہیں لگ ..لگتے "اسنے اپنے ہاتھوں سے ایک پیس اٹھا کر داود کے ..منہ میں ڈالا... تو داود نے ..اسکی نازک انگلیوں کو دانتوں تلے دبا لیا

...اہ "عینہ سسکی

....وہ مسکرایا... پھر چھوڑ دیا

..ابنارمل کہہ رہی ہو "وہ سنجیدہ ہوا

ن ..نہیں "عینہ نے فورا نفی کی

تم بھی تو ویسی نہیں ہو ..یہ گلے میں چین ..یہ ہاتھوں میں بریسلٹ ..یقیناً والد صاحب کا انعام ہے "اسنے معمولی سی نظر اسکی گردن پر ڈال کر اسکے منہ میں بائٹ دی ..اور ..خود کھانے لگا

..عینہ کو وہ دن یاد ایا جب اسنے اسکی چین توڑ دی تھی

ی ..یہ ڈیڈ نے ..بی ..ایس سی کے ریزلٹ ..پر د..دی تھی "اسنے بتایا ..تو داود نے سر ...ہلایا ..کہا کچھ نہیں

م... میں اتار دیتی ہوں "اسنے کہا تو ..داود نے کوئ ایکشن نہیں لیا ..عینہ نے چپ ....چاپ وہ چین اور بریسلیٹ اتار دیا

...داود اسے لقمے دیتا رہا

...وہ کھاتی رہی اسکیطرف دیکھتی رہی

وہ حد سے زیادہ ہینڈسم ہو گیا تھا ..کہ نظر ٹک سی جاتی تھی

..کیا ..دیکھ رہی ہو "داود نے نگاہ اٹھائ جبکہ عینہ نے گھبراہ کر گیراہ لی

...ک ..کچھ نہیں "اسنے فورا نفی کی

...داود مسکرایا ..اور فوک چھوڑ دیا

عینہ نے فوک کی جانب دیکھا ..اسے بھوک لگی تھی ..کیونکہ وہ اسی پریشانی میں صبح سے ...کچھ نہیں کھا پائ تھی مگر حمت نہ ہوئ مزید کہنے کی

..باتیں کرو "اسنے ..اسکے بلکل نزدیک ہو کر... گردن میں اپنا چہرہ کر کے مدھم اواز میں کہا

..عینہ... کے لیے یہ لمہات نا قابل برداشت ہوئے

..کیا ہوا "داود نے تیوری ڈالی

..ک ..کچھ نہیں ..وہ میں کچھ سوچ رہی تھی بس "عینہ نے کہا ..داود سیدھا ہو گیا

..کیا "سوال کیا اور خود ہی بائٹ لی

..عینہ نے ایک نظر دیکھ کر سر جھکا لیا

اپ... اپ داود اپ ..اپنا غصہ نکال لیں مگر ایسے مت ہوں "اسنے کہا تو آنکھیں گیلی ہو گئیں جبکہ... اسکا ہاتھ بھی پکڑا..

....اچھا "وہ ہنسا

..چلو پھر "وہ اٹھا... ٹیبل کی کینڈل بجھائ

....عینہ کی آنکھیں کھولیں

...جو اسے سمجھ ا رہ اتھا کیا وہ ہونے والا تھا

داود نے اسکی جانب ہاتھ بڑھایا ..لب مسکرا رہے تھے... عینہ نے کانپتا ہاتھ اسکے ہاتھ ...میں رکھ دیا

اگلے دن کی صبح... اج کی رات کے راز چھپائے ہوئے ہوگی... "اسنے گھمبیر اواز میں کہا... اور عینہ کو بیڈ پر لیٹایا ..جبکہ... وہاں کی کینڈلز سب بجھ گییں تھیں... داود نے ..پردے گیراہ کر کمرے میں مزید اندھیرہ کیا

داود مجھے ڈر لگ رہا ہے ..پلیز یہ سب "..اسنے اٹھنا چاہا... داود نے ..ہاتھ پکڑ لیا جبکہ خود ..بیڈ پر گیرہ

..کہا نہ اس رات کے راز ..اگلی صبح بھول جانا "اسنے اسے اپنی جانب کھینچتے ہوے کہا

..عینہ سسکنے لگی

..داود کے سینے پر سر رکھے ..وہ سسک رہی تھی

....داود نے کوئ پیش قدمی نہیں کی

..عینہ نے سر اٹھایا

..داود آنکھیں بند کیے لیٹا تھا

...اپ... اپ ..مجھے ڈرا رہے تھے نہ بس "اسنے انسو صاف کرتے ہویے کہا

...میں اپنے قول سے نہیں پھیرتا... "وہ ایکدم اٹھا... اور عینہ ..کو پیچھے گیرہ دیا

...جبکہ وہ اسے مکمل اپنے قبضے میں کر چکا تھا ..کہ عینہ کی دم مارنے کی ہمت نہ ہوئ

...داود کی سرگوشیاں اسے اپنے کانوں میں سنائ دے رہیں تھیں

جبکہ اسکا ہر عمل ..عینہ کو دنیا سے بہت دور لیتا جا رہا تھا ..کہ وہ سب... پس پشت ....ڈال رہی تھی

..رات کی تنہائی ..اسپر مسکرائ تھی

....جبکہ... اسکی محبت بھی

....گزرتے ..لمہوں کو ..اور اسکے سوے ہوئے وجود کو دیکھ کر

...وہ سویا نہیں تھا

..اسکا سر ..سینے پر رکھے... وہ اگلی ادھی رات بھی جاگتا رہا

.جبکہ عینہ بے ہوش سو چکی تھی

کچھ دیر ..بعد اسنے سگار کو ..ایش ٹرے میں مسلہ اور اسکا وجود بانہوں میں بھر کر ..اسنے ..گاڑی میں ڈالا ..اور حویلی کی جانب نکل گیا

.....

وہ دانت بھینچے ..حویلی کے باہر گاڑی میں بیٹھا تھا جبکہ عینہ کا سر ڈھلکا ہوا تھا ..بہت ...سہولت سے اسنے اسے لیٹایا تھا کہ وہ اٹھ نہ سکے

....مگر وہ یوں ہی گاڑی روکے کھڑا تھا ..کہ صبح کی کرنیں اسمان پر پھیلنے لگیں

...سیاہی سے نکلتی نیلاہٹ داود نے اپنی آنکھوں سے پہلی بار دیکھی

...تبھی عینہ کے وجود میں حرکت ہوئ... اور اسنے سر ہلا کر

چہرہ موڑا... اور خود سمیت داود کو گاڑی میں اور پھر حویلی کے باہر دیکھ کر... اسکے جیسے ...قدموں تلے زمین نکلی تھی

...وہ جھٹکا کھا کر اٹھی

...داود نے اسے سرخ نظروں سے دیکھا

اتنی ارام دہ نیند اچھی نہیں ہوتی..." .وہ سٹیرنگ کو سختی سے تھامے اسکی جانب دیکھ رہا تھا...

...عینہ کے دل کی دھڑکنیں کسی انہونی کا احساس دلا رہی تھی

....اسے... داود کی آنکھیں جیسے جتا رہیں تھیں

....اسکی آنکھیں پل میں بھیگتی چلیں گئیں

کیا وہ اسے بدنام کر دے گا... ہاں وہ بدلا لے گا بلکل اسی طرح بدلہ لے گا اسنے بھی تو بھرے مجمعے میں اسکا ساتھ چھوڑا تھا...

..اب وہ بھی اس سے بدلہ لے گا

عینہ کی سرخ آنکھوں میں داود نے اپنی آنکھیں گاڑیں ہوئیں تھیں دونوں ہی ساتھ گزارے حسین پل جیسے فراموش کر چکے تھے ..باقی تو بس بدلہ رہ گیا تھا...

داود نے اسکا ہاتھ غصے سے جکڑا ..کہ عینہ سسک اٹھی....

چلی جاو "اسنے کچھ دیر بعد اسکو چھوڑ دیا جبکہ گاڑی سٹارٹ کر لی..

عینہ نے حیرت سے اسکیطرف دیلھا ..جبکہ اسے اپنی سوچ پر شرمندگی تو ہوئ الگ بات تھی ..ایک بار پھر اسنے اسے ..بے اعتباری تھما دی تھی..

د ..داود "اسنے بات کرنا چاہی..

میں نے کہا جاو .. صبح ہو جائے گی کبھی یہ تمھاری آنکھوں کی زبان حقیقت کا روپ نہ دھار لے "وہ سختی سے آنکھیں نکال کر بولا... تو عینہ رونے لگی....

اسے نہیں سمجھ ا رہی تھی داود... اسے ایک لمحے میں پریشان کرتا تھا ..پھر ..اسکا ساتھ دیتا تھا...

مگر عینہ کے اندر کا خوف اسکا ساتھ نہیں چھوڑ رہا تھا..

وہ خاموشی سے گاڑی سے نکلی ..اور جس طرح ..پچھلے دروازے سے ائ تھی اسی طرح ..اندر چلی گئ

یہاں تک کے داود دور کھڑا اسے دیکھتا رہا ..اور پھر ..تیزی سے گاڑی گھما کر ریورس کر لی...

.....

حویلی میں دھوم دھام سے جیسے شادی کی تیاریاں شروع ہو گئیں تھیں کون نہیں تھا ..جو اپنے کام میں پانی تیاری میں مگن نہیں تھا...

..جبکہ بس ایک سارگل تھا... جو کرھ رہا تھا

اج وہ لیٹ اٹھا تھا... سنڈے کے باعث کام پر بھی نہیں جانا تھا تبھی سب گھر پر تھے...

اسنے ناشتہ کیا... تو ٹیبل پر قسمت سے اس وقت کوئ نہیں تھا ..وہ اٹھنے لگا تھا کہ سامنے سے مشل ائ...

وہ شاید خود بھی دیر سے اٹھی تھی ..اور ارد گرد بھی کوئ نہیں تھا... مگر سامنے سارگل کو دیکھ کر

وہ دوبارہ کمرے میں جاتی کہ سارگل نے اسکو ایک لمحے میں جکڑا اور ..اسی کے کمرے .. ...میں لے گیا

...جبکہ مشل نے خود پر افسوس کیا

...اچھی بھلی وہ اس سے بچی ہوئ تھی اور اج وہ اسکی گرفت میں اگئ

یہ جو تم کر رہی ہو .. تمھیں کیا لگ رہا ہے تمھاری میں چلنے دو گا "اسنے مشل کا ہاتھ سختی ..سے پکڑا

چاہتے کیا ہیں اپ مجھ سے "مشل نے اس سے اسکا ہاتھ چھڑانا چاہا مگر افسوس کے وہ ...چھڑا نہیں سکی

..میں چاہتا ہوں تم عزت سے ..شادی کے لیے ہاں کر دو "سارگل نے سنجیدگی سے کہا ..تو مشل نے جھٹکے سے اس سے اپنا ہاتھ چھڑایا

مجھے لگتا ہے میں روبوٹ ہوں اپ نے جو کہہ دیا میں نے وہ کر دیا ..تو یہ بھول ہے اپکی ..اپ نے ایک معصوم کے جزبات کو اپنی ہوس کا نشانہ بنایا تھا اور اج بھی صرف اپ کے اندر کی ہوس اپکو مجبور کر رہی ہے اور میں بلکل بھی اب وہ نہیں کرو گی کیونکہ "میں کمزور نہیں ہوں

...وہ چلائ

اور پھر نہ جانے کیسے سارگل کا ہاتھ اٹھا ..اور مشل کے گال پر نشان چھوڑ گیا... کیا ...فضول ڈرامہ لگایا ہوا ہے تم نے ہوس ہوس ہوس..." وہ دھاڑا

....مشل نے بھیگی نظریں اٹھائ

..بیوی ہو تم میری

" ہوس ہوتی تو تم سے نکاح کر کے یہ ٹنٹا نہ پالتا .. سمجھی

...اسنے اسے دھکا دیا ..مشل ایک قدم دور ہوئ

سارگل اسکو چند لمحے گھورتا رہا

..مشل سر جھکائے کھڑی رہی

...سارگل کو اسکا چپ رہنا عجیب سا لگا

...اب بولتی کیوں نہیں ہو "اسنے اسکا ہاتھ پکڑا

...مشل نے ایک جھٹکے سے ہاتھ چھڑایا

...کیونکہ ایک مرد نے اپنی طاقت کا استعمال کر کے میرا منہ بند کرا دیا ہے سارگل خان

...اب میں بول کر کیا کرو "اسنے زخمی نظروں سے اسکی جانب دیکھ کر کہا

..سارگل نے ..ماتھے پر ہاتھ پھیرہ

...میری بات سنو "اسنے دوبارہ اسکا ہاتھ پکڑا

...پلیز اپ جائیں یہاں سے "اسنے انسو صاف کر کے کہا

...سارگل کو خود پر شدید غصہ ایا

...اسے رام کرنے کے بجائے... اسنے اسے خود سے مزید بدزن کر دیا

جائیں یہاں سے ورنہ میں بابا کو بلا لوں گی سارگل خان"وہ اسے دھکا دیتی بولی... تو

...سارگل نے ..اسکی جانب دیکھا

..چہرے پر اسکے نشان دیکھ کر اسے... خود پر غصہ ا رہا تھا

..اور پھر وہ کمرے سے باہر نکل گیا

"...سب بگڑتا جا رہا تھا سب

...اسنے سوچا..اور..غصے سے ہتھیلی پر ہاتھ مار کر وہ ..باہر نکل گیا

.....

...مگر قسمت شاید اچھی نہیں تھی

...وہ بری طرح بہرام سے ٹکرایا

کہاں سے ا رہے ہو "اسنے ایک نظر مشل کے کمرے کیطرف دیکھا اور دوسری نظر سارگل پر ڈالی...

کہیں نہیں "سارگل نے نفی میں سر ہلایا اور گزرنے لگا کہ بہرام نے اسکا شانہ تھامہ...

چلو میرے ساتھ"گھور کر کہتے ہوئے وہ اسے مشل کے روم کیطرف لے گیا..

جبکہ سارگل نے بالوں میں ہاتھ پھیرہ اسکا بس نہیں چلا کہ کسی طرح اندر سے مشل کو غائب کر دے..

بہرام نے دروازہ بجایا..تو اندر سے کوی جواب نہیں ایا

اسنے ہلکا سا دروازہ کھولا...

سارگل نے دانت بھینچے...

وہ صوفے پر گھٹنوں میں سر دیے بیٹھی تھی...

جبکہ اسکی سسکیاں پورے کمرے میں گونج رہیں تھیں تھیں..

..سارگل پیچھے کھڑا تھا ..جبکہ بہرام اندر داخل ہوا اور ..اسنے مشل کے سر پر ہاتھ رکھا

...مشل نے سر اٹھایا

تو اسکے چہرے پر انگلیوں کے نشان دیکھ کر بہرام کا خون کھول اٹھا ..اسنے پلٹ کر ..سارگل کی جانب دیکھا

..سارگل نے سر جھکا لیا

کیا ہوا ہے بیٹا ..کس نے مارا ہے"جان تو وہ گیا تھا مگر مشل کے مبہ سے سننا چاہتا ..تھا

"ڈیڈ کچھ نہیں ہو ا بس

...شیٹ اپ"بہرام دھاڑا

..مشل اپ کو سارگل نے مارا ہے "بہرام نے سنجیدگی سے پوچھا ..مشل نے کچھ نہیں ...کہا

...اسے مزید رونا ا رہا تھا

...بہرام نے مٹھیاں بھینچی وہ ایک جھٹکے سے پلٹا ..اور کھینچ کر تھپڑ سارگل کے منہ پر مارا ...کہ وہ دو قدم دور ہوا

تمھاری ہمت کیسے ہوئ مشل پر ہاتھ اٹھانے کی "وہ چلایا... مشل نے اچانک منہ پر ہاتھ رکھا یہ سب اسکے لیے بے یقینی لیے ہوے تھا..

سارگل کا چہرہ سرخ ہو گیا..

لگا اب تھپڑ تمھیں اب ائ سمجھ کہ اسکی تکلیف کیا ہوتی ہے .. عورت پر ہاتھ اٹھا کر ثابت کیا کر رہے تھے تم "اسنے اسکا گریبان پکڑا سارگل کچھ نہیں بولا ..جبکہ مشل چاہ کر بھی نہرام کو روک نہیں پائ وہ خود میں اتنی ہمت نہیں پا رہی تھی..

ایک بات یاد رکھو سارگل خان اتنی طاقت دیکھانی ہے تو مجھ پر دیکھاو دیکھ لیتا ہوں میں تم کیا چیز ہو... غلطی پر غلطی کیے جا رہے ہو اور یہ سمجھ لیا تم نے کہ میں بے بس ہو

..گیا ..اولاد کو پوچھ نہیں سکتا"اسکے چلانے سے رفتہ رفتہ سب وہاں اکھٹے ہونے لگے تھے

...یہ تماشہ سب کھڑے دیکھ رہے تھے

دفع ہو جاو یہاں سے "اسنے اسے دھکا دیا تو وہ چپ چاپ وہاں سے نکلتا چلا گیا جبکہ مراد

..اسکے پیچھے لپکا

" سارگل بات سنو

...بس "اسنے سرخ آنکھیں نکالیں

...میں کچھ دیر اکیلا رہنا چاہتا ہوں "اسنے کہا اور باہر نکل گیا

.....

غصہ حد سے زیادہ تھا خود پر سب پر

....وہ افس میں بیٹھا... فائلوں پر فائلیں پٹخ رہا تھا

...تبھی چوکیدار ایا... اور کسی کے انے کی اطلاع دی وہ ملنا تو کسی سے نہیں چاہتا تھا مگر

....بالوں میں ہاتھ پھیرتا... وہ سیدھا ہوا ..اور اندر داخل ہوتے ہارون کو دیکھا

...دونوں کی درمیان رسمی سی بات چیت ہوئ ..اور ہارون نے مدعا اسکے سامنے رکھا

...تم کیوں ہڑپنا چاہتے ہو اسکے ہوٹلز"سارگل نے اسکو گھور کر دیکھا

سنا ہے تم پیسوں کے لیے کوئ بھی کیس لڑتے ہو ..میں نے اسی لیے تمھاری طرف رکھ ..کیا

اگر تم نہیں کرنا چاہتے تو میں کسی اور کے پاس چلا جاتا ہوں ..اب سوال جواب تمھیں تو ..دینے نہیں یا میں "ہارون نے ٹکا سا جواب دیا ..تو سارگل نے تپ کر اسکیطرف دیکھا

"اچھا تو کتنے دینے والے ہو تم مجھے

...ایک کروڑ "ہارون نے اسکی آنکھوں میں دیکھا

...سارگل نے ایک پل کو بس اسکو حیرت سے دیکھا

...ٹھیک ہے ".اسنے بغیر سوچے سمجھے حامی بھر لی

...جبکہ ہارون مسکرایا تھا

..گڈ پھر جلد ملتے ہیں "وہ ہاتھ ملا کر اتھا سارگل نے بس سر ہلایا

...اور ہارون کو باہر جاتے ہویے دیکھا

ہو گیا کام "اسنے اطلاع دی

...گڈ "مقابل نے کہا اور فون بند کر دیا

.....

...وہ شاپینگ مال سے ابھی باہر نکلنے لگا تھا کہ ..کسی سے زور سے ٹکرایا

اسنے تیوری چڑھا کر دیکھا ..اور اپنے سامنے پرنسپل کو دیکھ کر اسکے ماتھے کے بل غائب

...ہوئے

...پرنسپل اسکی جانب دیکھ کر مسکرائے داود بھی مسکرا دیا

...بس رسمی سا

..کیسے ہو برخوردار "انھوں نے کہا تو ..داود نے سر ہلایا

میں ٹھیک اپ کیسے ہیں "اسنے پوچھا... اور ابھی وہ کوئ بات کرتے کے پیچھے سے چیخوپکار کی اوز سنائ دینے پر پرنسپل بھکلا کر پیچھے مڑے...

انھوں نے اپنی بیٹی کو زمین پر گیرتے دیکھا تو وہیں سب چھوڑ کر وہ اسکی جانب بھاگے... .داود بھی اس افراتفتی پر انکے پیچھے ہوا...

..حیا حیا بیٹا آنکھیں کھولو"وہ اسکے گالوں کو چھونے لگے

ای تھینک اپکو انھیں ہوسپٹل لے جانا چاہیے "داود نے کہا تو انھوں نے سر ہلایا جبکہ انکھ سے انسو لاتعداد بہہ رہے تھے...

...جب ان سے حیا کو اٹھایا نہیں گیا تو... داود نے

...انکو پیچھے کر کے

.....انکی بیٹی کو .بازو میں اٹھایا اور گاڑی میں ڈالا

...انکی نم سرخ آنکھوں سے انسو بہتے اسے بہت عجیب سے لگ رہے تھے

اپ فکر نہ کریں ہو سکتا ہے گرمی کی وجہ سے گھبراہٹ یہ بی پی لو ہو گیا ہو"داود نے کہا

...تو انھوں نے نفی میں سر ہلایا

..برین ٹیمر ہے اسکو "وہ مدھم اواز میں بولے

...داود شاکڈ سا انکیطرف دیکھنے لگا

..جبکہ ہوسپیٹل بھی اگیا تھا

..بلاشبہ وہ لڑکی کافی خوبصورت تھی

.....

تم مجھے بتانا پسند کرو گی کہ اتنی رات گئے ..داود کے پاس کی اکر نے گئ تھی اور داود داود کہاں میرا مطلب کیا ہو رہا ہے یہ سب "ایشا جھنجھلا سی گئ ..کسی طرح اسنے بات سمبھال لی تھی مگر سب ہی بہت غصہ ہوئے تھے بلکہ بہرام تو اسکے روم میں اسکی طبعیت ہوچھنے بھی جا رہا تھا ..کہ ایشا نے بہت مشکل سے روکا .اور صبح ہوتے ہی وہ اسکے روم میں تھی..

وہ... وہ میں ان سے ملی تھی "..اسنے بے تکا سا جواب دیا ..کیا وہ اسے بتا دیتی کہ اسنے نکاح کر لیا تھا...

اسے شرمندگی سی ہوئ...

عینہ بات کیا ہے "ایشا نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا..

تم کسی کو تو نہیں بتاو گی "اسنے گھبرا کر کہا..

"نہیں جلدی بتاو اب

"وہ داود میں نے داود سے ..ایشا میں نے نکاح ..نکاح کر لیا ہے

..کیا"وہ دو قدم دور ہوئ

...د ..داود سے "عینہ نے اسکی جانب دیکھا

..اسے شدید شرمندگی ہوی یہ بتاتے ہوئے

... تم پاگل ہوگئ ہو جانتی ہو یہ بات کیا طوفان لاے گی "ایشا نے اسے جھنجھوڑا

.... میں میں .. میں اسے نہیں کہو سکتی اب"عینہ رونے لگی تو .. ایشا نے سر تھام لیا

..ابھی وہ مزید بات کرتی کہ ارمیش کے پکارنے پر دونوں الرٹ سی ہو گیئں

"چلو .. دونوں شاپینگ کے لیے نکلنے لگے ہیں ہم فیزا کو بھی لینا ہے

ارمیش نے کہا تو وہ دونوں اتھ گیئں جبکہ ایشا نے عینہ کو گھور گھور کر ہی پریشان کر رکھا تھا..

.....

حویلی کی سجاوٹ دیکھنے لائق تھی... اج مراد اور صارم سمیت فیزا اور ایشا کو مہندی لگنی تھی....

تبھی ایک بھگدڑ مچی ہوئ تھی سب اپنے اپنے کاموں میں مگن تھے...

جبکہ عینہ مشل اور ایشا ایک کمرے میں تھیں..

نہ ایشا کو صارم دیکھ سکتا تھا نہ سارگل نے اس دن کے بعد مشل کو دیکھا تھا..

وہ دیکھنا بھی نہیں چاہتا تھا ..اسنے خاموشی کا لبادہ اڑھ لیا تھا..

فلحال وہ اس کیس میں الجھا ہوا تھا... ..یہ جانے بغیر کے کوئ بڑی سہولت سے اس کیس میں اسکو پھنسا رہا ہے.....

اس وقت بھی وہ فائل کو چیک کر رہا تھا ..جس میں لیگلی وہ تمام مارکیٹس کسی جمشید نامی ادمی کی تھیں جن پر ہارون قبضہ کرنا چاہتا تھا...

اور اسنے اپنے پیپرز بھی سارگل کے حوالے کر دے تھے ..جو کہ جالی تھے سارگل یہ بات جانتا تھا...

اور اب اسے کسی بھی طرح کورٹ میں یہ بات واضح کرنی تھی کہ یہ سب ہارون کی مارکٹس ہیں جس پر جمشید نامی ادمی نے قبضہ کیا ہوا ہے..

وہ یہ بھی جانتا تھا اس ادمی نے بھی کورٹ میں کیس دائر کیا ہوا تھا ..اب جیتا کون ہے یہ فیصلہ کل ہونا تھا...

.....

عینہ نے سیل فون اٹھایا...

تو اسکی کال ا رہی تھی نہ جانے وہ ان نون نمبر سے کیوں کرتا تھا مگر اسنے اسکے سارے نمبر سیو کیے ہویے تھے..

اسکی کال اٹینڈ کرتے ہویے ..اسکے لبوں پر بہت پیاری سی مسکراہٹ اگئ..

اسنے اپنے بھالو کو بانہوں میں بھرا اور کال پیک کی...

..کیسی ہو "سوال کیا گیا

...میں ٹھیک ہوں "وہ مسکرا کر بولی

...ملنے نہیں اوگی"اسنے پوچھا

...مگر گھر میں شادی ہے ..اور اب نکلنا رزق ہو گا "..عینہ کچھ پریشان سی ہوئ

..تو پھر"داود نے لاپرواہی سے کہا

..تو یہ کہ داود صاحب... اج ..نہیں مل سکتی میں اپ سے "وہ ہنس کر بولی

مگر عینہ میڈیم یہ تو نہ انصافی ہو جایے گی ..کون مجھے میری بیوی سے ملنے سے روک سکتا ہے تم نہ ائ تو میں ا جاو گا سیمپل "اسنے کہا

...داود اپ مجھے ڈراتے ہی "عینہ کی اواز مدھم ہوئ

....تم نے بھی تو مجھے ڈرایا تھا "اچانک ہی اسکے منہ سے نکلا ..عینہ خاموش ہو گئ

..دوسری جانب بھی خاموشی چھا گئ

"میں اپ سے

....کوائٹ" ..وہ گھمبیر لہجے میں بولا

..عینہ میں داود ہوں ..یہ بھولنا مت "..اسکا لہجہ بدلا بدلا سا تھا

..داود" ..اسے پریشانی نے اگھیرہ

..اپ یہاں نہیں آئیں گے نہ "وہ بھالو چھوڑ کر اٹھی

...داود ہنسا

...ہاں میں وہاں نہیں او گا... تم او گی نہ میرے پاس "وہ معصومیت سے بولا

..ج ..جی میں او گی "اسنے حامی بھری

..ٹھیک ہے پھر رات 9 بجے ملتے ہیں ڈنر ..ساتھ کریں گے "اسنے اطلاع دی

...مگر فنکشن "وہ ممنائ

... مجھ سے زیادہ اہم ہے "اسنے پوچھا... عینہ نے نفی کی

نہیں... "اواز مدھم تھی

...گڈ ڈالنگ... میں تمھارا انتظار کرو گا "کہہ کر اسنے فون بند کر دیا

..ابھی وہ پلٹا ہی تھا کہ اپنے پیچھے ہارون کو کھڑا پایا

....تم تو بہت شاطر نکلے... یار

اب کیا کرنے والے ہو اس لڑکی کے ساتھ... گھما کر گیرے گی ..بہرام خان کی سیاست

...جب یہ بات میڈیا پر اے گی کہ اسکی بیٹی ..چھپ چھپ کر

...شیٹ اپ "داود نے انگلی اٹھا کر اپنے اندر اٹھتے اشتعال کو روکا

..ہارون چپ ہو گیا

....وہ لڑکی تمھارا کنسرن نہیں ہے

وہ عینہ ہے داود کی عینہ... اور اسکی عزت... مجھے ..ہر چیز پر پیاری ہے... اگلی بار تمھارے منہ سے اسکا نام نہ سنو .ورنہ سب لحاظ بلائے طاق رکھ دوں گا "وہ سرد لہجے میں بولا تو ہارون نے ہاتھ اٹھے..

بھائ مجھے کیا پتہ تھا تمھارے ڈھیٹ دل میں اب بھی وہ پنجے گاڑے بیٹھی ہے... خیر یہ حیا نامی لڑکی کا کیا کیس ہے ..جب تم گھٹنوں گھٹنوں عینہ کے عشق میں ڈوبے پڑے ہو "ہارون نے پوچھا ..کیونکہ پچھلے دو دن سے وہ اس لڑکی کے پاس ہسپیٹل جا رہا تھا....

اج اس لڑکی کا نکاح ہے "داود نے سنجیدگی سے بتاتے ہوئے سگار سلگائ..

کیا عجیب شوشہ چھوڑا ہے ٹیومر ہے اس لڑکی کو... کون کر رہا ہے یہ نیکی ..اووو اب سمجھا".اسنے اسکی جانب ایسے دیکھا جیسے سب سمجھ گیا ہو....

کیا سمجھے "داود مسکرایا...

ماسٹر مائنڈ "..ہارون نے تالی بجائ..

...بلکل میں برداشت ہی نہیں کر پا رہا تمھیں کنوارا "داود ..نے دھواں اسکے منہ پر چھوڑا

...کیا بکواس ہے "ہارون اچھلا

...کیا مسلہ ہے... "داود نے تیوری چڑھائ

جس لڑکی کی دو دن کی گرنٹی نہیں تم اسکے پلے باندھ رہے ہو مجھے اور ویسے بھی میں شادی نہیں کرنا چاہتا ..تو میرے بھائ یہ باتیں اپنے دماغ سے نکل ددو "ہارون نے ..صاف انکار کیا

..مجھے اپنی گرنٹی دے رہے ہو تم کہ اگلے لمحے تم زندہ رہو گے

..... تمھارے ہزاروں کی تعداد میں دشمن ہیں ..پولیس تمھیں پروٹیکٹ نہیں کرتی

...مگر لگتا ہے تمھارے ایک لمحے کا بھی بھروسہ ہے "داود نے اسے حقیقت کا ائینہ دیکھایا

....ہارون غصے سے اسکی صورت تکنے لگا

..وہ بیمار ہے "اسنے جیسے اسکو بتانا ضروری سمجھا

...جانتا ہوں... تمھیں صرف نکاح کرنا ہے

...میں نے یہ نہیں کہا اسکے ساتھ اپنی ازدواجی زندگی گزار دو

"....جبکہ یہ نکاح میڈیا پر میرے نام سے ڈیسپوز ہو گا

..اسنے سہولت سے کہا

...مگر میں کروں ہی کیوں "ہارون کے پلے کچھ نہیں پڑ رہا تھا

..داود سنجیدگی سے اسکی جانب دیکھنے لگا

تم نے مجھے اپنے ساتھ رکھا تھا .. مجھ سے پوچھ کر رکھا تھا "داود نے اب کہ غصے سے پوچھا...

...کیا مصیبت ہے یار "ہارون چیڑہ

چلو... زیادہ نہ سوچو... پہلے ہی اتنے جرائم ہیں تمھارے سر ..کوئ ایک نیکی کا کام کر کے ..ثواب کماو "

...داود ہنسا

"تو ہارون نے گھورا... .زہر لگ رہے ہو اس وقت مجھے تم

...وہ کہہ کر پاوں پٹخ کر اسکے ساتھ باہر نکلا

.....

...مہندی کا فنکشن بہت بڑے پیمانے پر تھا

سب ہی اس فنکشن میں شامل تھے جبکہ یہاں سے فارغ ہو کر ..انھیں فیزا کیطرف جانا تھا....

مشل نے یلو کلر کا لہنگا جبکہ چھوٹی سی کرتی پہنی ہوئ تھی دوپٹہ ..اسنے ایک طرف ڈالا ہوا تھا ..اور وہ صارم اور مراد کے پاس کھڑی .. تھی...

...سارگل نے اسے دور سے دیکھا

...اور سنجیدگی سے وہ سٹیج پر ایا صارم اور مراد کا منہ میٹھا کرایا

سب اسکی سنجیدگی کو محسوس کر رہے تھے ..مگر مشل کی مرضی کے اگے کوئ کچھ نہیں کر سکتا تھا...

مشل اسکو دیکھے گی ..وہ صارم کی کسی بات پر

...مدھم سا مسکرایا

...اور پھر نیچے اتر گیا

..اسکی خاموشی اسے بلکل اچھی نہیں لگی

دل کیا جا کر اس سے بات کرے ..مگر دل کو سمبھال کر وہ یوں ہی کھری رہی ..جبکہ وہ بہرام کے ساتھ ساتھ ..سب سے ملتا ہوا پھیر رہا تھا...

عینہ نے گولڈن کامدار ڈریس پہنا تھا جو داود نے... اسکے پا سپارصل بھیجا تھا ..اور سب کے پوچھنے پر اسنے اون لائن اڈر کا بھانا بنا دیا..

...سوٹ کامدار تھا اور بے حد خوبسورت .جبکہ عینہ اس میں بے حد حسین لگ رہی تھی
..کہ مہد اسے دیکھتا ہی گیا

مما... اپکو اج تو بات کر لینی چاہیے اور کتنا دیر کریں گی"وہ بے چینی سے بولا تو وہ ہنسی... ہاں میں بھی سوچ رہی ہوں اج تو بات کر ہی لو ن چلو روکو تم "مہد کو کہہ کر ...وہ... ارمیش کے اپس اگئیں

..جبکہ مہد... عینہ کی جانب چلا گیا

اسے یقین تھا ..اسکے رشتے کے لیے حامی بھر لی جائے گی کیونکہ ..وہ کافی عرصے سے ...معاویہ کے ساتھ بیزنیس جر رہے تھے

...کیسی ہیں اپ اج تو اپکی طبعیت ٹھیک لگ رہی ہے "مہد کے بولنے پر وہ ایکدم ڈری

...جی "اسنے کہا

اپ بہت خوبصورت لگ رہیں ہی"مہد کی تعریف پر اسکا بس نہیں چلا وہ وہ فون کال بند ...کر دے جو چل رہی تھی ..یعنی داود یہ سب سن رہا تھا

..جی شکریہ "اسنے کہا اور موبائل دیکھنے لگی جس پر نمبر گیر رہے تھے

..اپ ..اتن اگبراتی کیوں ہیں "مہد ہنسا ..تو عینہ نے دیکھا کال بند ہو گئ

...اسنے مہد کیطرف دیکھا

پیز ایکسکیوز می"اسے اچانک غصہ ایا تھا ..اتنی مشکلوں سے وہ اسکے ساتھ ٹھیک ہو رہا تھا

...اور وہ ..لڑکا...پتہ نہیں کیوں .اگیا تھا

..اسے در بھی لگ رہا تھا

مہد نے مسکرا کر اسکی پشت دیکھی ..اور سامنے سے اتی اپنی ماں کو دیکھا جو مسکرا رہیں

..تھیں

وہ کہہ رہیں ہیں کہ کل اپ لوگ آئیں ہمارے گھر اور بہرام سے سہولت سے اس

...موضوع پر بات کریں "اپنی ماں کی بات سن کر مہد کی خوشی کی انتہا نہ رہی

..جبکہ عینہ... گھڑی میں وقت دیکھ رہی تھی

...یہاں کا فنکشن تو تمام ہوا ہی تھا ..اب فیزا کیطرف جانا تھا

..وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی کیا کرے

..ایشا سے بھی نہیں کر سکتی تھی جو کہ دولہن بنی بیٹھی تھی

..اور بس اسکے دماغ میں خود کو تکلیف دینے کے سوا کوئ بہانا نہیں ایا

...وہ سب گاڑیوں میں سوار ہو رہے تھے کہ

..عینہ جو کہ ہیل میں تھی اسنے جان بوجھ کر اپنے پاوں کو موڑا ..اور پھیدل کر گیری

...عینہ "ارمیش نے اسے تھاما

..اسے زیاسہ نہیں لگی تھی مگر درد ہو رہا تھا

..مگر چونکہ اسے ..بچنے کے لیے ڈرامہ کرنا تھا تبھی اسنے تکلیف کے اثار بڑھا لیے

مما بہت درد ہو رہا ہے لگتا ہے موچ .اگئ "وہ بولی تو ارمیش نے پریشانی سے اسکو دیکھا

..تب تک بہرام سارگل سب اسکے گرد جما ہ وگیے

..ہنی تم اندر چلو... "سارگل نے کہا تو اسے خوشی ہوئ ..اسکا کام اسان ہو گیا تھا

..میں روکتا ہوں تمھارے ساتھ"وہ بولا تو... عینہ کا رنگ اڑا

نہیں بھائ اپ جائیں ..میں ٹھیک ہو ..تھوڑی دیر ارام کروں گی پھر ٹھیک ہو جاو ...گی"اسنے کہا ..تو سارگل نے نفی کی اور زبردستی وہ اسکے ساتھ روکا

..جبکہ سب اسکو خیال رکھنے کا کہہ کر چلے گئے

...مراد بھی روکنا چاہتا تھا مگر ..سارگل نے اسے بھیج دیا

عینہ اپنے کمرے میں بیٹھی یہ سب سوچ رہی تھی سڑھے نو ہو گئے تھے اب تک کچھ ...نہیں ہوا تھا کوئ فون کال نہیں تھی

...اسکے دل میں دھکر پکڑ شروع ہو گئ

اور پھر بلاخر وہ اٹھی... کمرے سے باہر نکلنے ہی لگی تھی کہ سارگل کمرے میں ایا وہ ..جلدی سے بستر پر بیٹھ گئ

ہنی میں کچھ دیر تک اتا ہوں افس جا رہا ہوں اوکے پریشان مت ہونا... "اسنے کہا تو عینہ نے ہلکی سی سمائل دے کر .. سر ہلایا..

سارگل تو چلا گیا اب اسے جانا تھا..

وہ ہمیشہ کیطرح چور راستہ اختکار کر کے ..اپنی گاڑی میں ..دس منٹ میں اسکے کمرے کے سامنے تھی...

اب اسے راستوں کا اندازا ہو گیا تھا..

کمرے میں کوئ نہیں تھا...

اسنے دروازہ کھولنا چاہا کہ پیچھے سے ..اسکے ہاتھ پر اسکا ہاتھ رکھا گیا مگر یہ ہاتھ سختی سے رکھا گیا تھا ..عینہ نے پلٹ کر دیکھا...

وہ اسکے پیچھے کھڑا تھا..

دروازہ کھول کر وہ ..اندر داخل ہوا..

...عینہ بھی اندر داخل ہوئ

...داود... بیڈ والے پورشن میں جا کر لیٹ گیا

.اسکی طبعیت عینہ کو کچھ خراب سی لگی

..کیا ہوا ہے اپکو" .وہ اسکے پاس ائ

..اور بس داود نے ..ایک جھٹکے سے اسکو... دونوں بازوں سے پچڑ کر جھنجھوڑ دیا

...کون ہے یہ ...جو تمھاری تعریفیں کر رہا تھا اور تم سن رہی تھیں "وہ دھاڑا

عینہ کا رنگ فق ہو گیا... .یہ سب تیاری کس کے لیے تھی کون کہتا ہے تمھیں اتنا تیار ہو

....تم بتاو مجھے "اسنے ..غصے سے اسکے بال جکڑے

...عینہ کی ہچلی بندھ گئ

...داود نے اسے بیڈ پر پھینک دیا

...عینہ نے اٹھنا چاہا مگر داود نے اسے اٹھنے نہیں دیا

"میں وہ خود بات کرتے ہیں

وہ بولی

....کرتے ہیں "داود نے اسکا منہ جکڑا اج وہ پرانا داود لگ رہا تھا

...ک ..کرتا ہے "عینہ نے تصیحی کی

تم صرف داود کی ہو سمجھی تم... تمھیں پانے کے لیے بہت کچھ سہا ہے میں نے ..اگ لگا دوں گا میں ہر اس شخص کو جو تمھارے قریب بھی پھٹکا "وہ دھاڑا... تو عینہ ..رونے لگی.

..س ..سوری داود "اسنے ممنا کر کہا

...داود ..نے اسے چھوڑ دیا

...وہ اٹھ بیٹھی

....اسکی شکل دیکھنے لگی

...داود نے انکھ اتھا کر اسکی جانب دیکھا

...پلیز غصہ تھوک دیں "وہ مسکرائ

..داود ..نے پیچھے ٹیک لگا لی

ادھر او "اسنے اسے پاس بلایا... عینہ کا دل دھڑکا مگر وہ انکار نہی نہیں کر سکتی تھی

..وہ... تھرا سا اگے ہو کر اسکے نزدیک ہوئ

داود اسکے بالوں کو چھونے لگا... پھر اسکے جھمکوں کو چھیڑنے لگا... عینہ خاموش بیٹھی

...دل کی بے ترتیب دھڑکنیں سمبھال رہی تھی

...داود کی جسارتیں بھڑتی جا رہیں تھیں... وہ اسکے چہرے کے نزدیک اپنا چہرہ لے ایا

..ہم ..ہم کچھ اور... "عینہ کچھ دور ہوئ

..داود ہنسا

...جیسا کہ "اسنے ائ برو اچکائ

اپ اپ اپنے پیرنٹس سے نہیں ملیں گے ..کیا"اسنے سوال کیا جبکہ داود نے اسکے لبوں پر انگلی رکھ دی....

کل کا دن یقیناً بہت بڑا دن ہو گا عین... .بس اتنا سمجھ لو تم .میری زندگی ہو...

داود تمھارے بغیر نہیں رہ سکتا... مگر داود داود ہے ..یہ بھی مت بھولنا... "وہ پیار سے بول کر اسکے رخسار کو اپنے لبوں سے چھو گیا...

عینہ اپنی جگہ سے اٹھی..

میں جاو "اسنے پوچھا ..تو داود نے غور سے اسکیطرف دیکھا..

کیوں ..کیا کافی ہو گئ ..اس لڑکے کی تعریف جو شوہر کے پاس .اکر بدق رہی ہو "وہ سنجیدگی سے بولا تو ..عینہ اسکے پل میں بدلنے پر حیران رہ گئ..

داود ایسا تو نہیں ہے "اسنے کہا... تو داود نے ..اسکے بالوں کو مٹھی میں جکڑا ..اور اسکے نازک لبوں پر شدت سے قہر ڈھانے لگا...

کہ عینہ کی سانسیں اکھڑ گیئں...

..تادیر وہ اسے ہلکان کرتا رہا

بہت خوبصورت لگ رہی ہو "اسکے لبوں سے پھوٹتی خون کی لکیر کو انگوٹے سے صاف ..کرتا ..وہ بولا ..تو عینہ نے اپنے انسو صاف کیے

..اور مسکرا دی ..وہ اسے بلکل بھی خفا نہیں دیکھ سکتی تھی

.....

کیس وہ جیت گیا تھا .. مطمئین تھا ہاں اس میں صلاحیت تھی ..وہ غلط کو صیحی ثابت کر ...سکتا تھا

وہ اٹھا ..اور لنچ کرے کے لیے ..جہاں سب بیٹھے کل کے فنکشن کو ڈسکس کر رہے ...تھے ..کہ پاس ابھی جاتا ہی کہ ..کھٹاکھٹ ..پولیس کی نفری ..ہال میں بھر گئ

....یہ کیا حرکت ہے "معاویہ اور بہرام بیقوقت اٹھے

...جبکہ باقی سب بھی غصے سے اٹھے

...صارم نے سب خواتین کو دوسری طرف بیج دیا

..کس کی اجازت سے میرے گھر میں گھسے ہو "بہرام دھاڑا ..تو کمشنر ..اسکے سامنے ایا

...معافی چاہتا ہوں سر مگر اپکے بیٹے کے خلاف... وارنٹس ہیں

"...عدالت کی آنکھوں میں دھول جھوکی ہے اپ کے بیٹے نے

...کمیشنر صاحب نے ..سارگل کیطرف دیکھ کر کہا

..سارگل کے قدموں تلے جیسے زمین کھسکی تھی

..باہر سے شوروغل بڑھنے لگا

یہ میڈیا کو کس نے بلایا ہے "بہرام کچھ سمجھ نہیں پا رہا تھا... یہ سب ہو کیا رہا ہے ..اور
..میڈیا کو دیکھ کر ان سب کے رنگ اڑے تھے

..یہ بدنامی ان سب کے چہروں کو سرخ کر گئ

..کیا بکواس ہے سارگل یہ "میڈیا کے کیمرے... کھٹاکھٹ انکی تصویریں لے رہے تھے جبکہ مراد اور صارم انھیں نکالنا چاہ رہے تھے ایک افراتفری سی مچ گی تھی بہرام نے تبھی ...سارگل سے پوچھا

..سارگل کے لیے یہ لمحہ کسی عزاب سے کم نہیں تھا

..اسکی عزت اسکی ریپوٹیشن

" ایس اتو کبھی نہیں ہو اتھا کہ وہ کہیں چوک جائے پھر یہ سب

..وہ خود بھکلا چکا تھا

جبکہ بہرام... چاہ کر بھی اسکے ٹکڑے نہیں کر پایا ..سارگل کا جھکا سر ..اسکو برسوں کی ..عزت ..اسکے دادا کی عزت... کی دھجیاں اڑا چکا تھا

...کیا یہ سچ ہے اپ نے ایک کروڑ کھایا ہے "میڈیا انلے نزدیک انے لگا

...جبکہ ..بہرام پیچھے ہٹ گیا

..اارمیش مشل... سمیت عینہ بھی رونے لگی تھی

نہیں میرا بیٹا ایسا نہیں کر سکتا "..اسنے کہا اور باہر نکلنا چاہا ..نگر ..نین نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا...

..حویلی کی دھلیز پر پہلی بار پولیس چڑھی تھی

..جبکہ میڈیا انکی عزت اچھال رہا تھا

"..سر ہمیں سارگل خا.کو اریسٹ کرنا ہے

..کمیشنر نے کہا تو ..بہرام نے سارگل کی جانب دیکھا

...لے جاو "وہ ایک جلال کو خود میں دباتا بولا

..نہیں ڈیڈ"سارگل نے نفی کی ..جبکہ بہرام وہیں چھور کر اسے اندر چلا گیا

پولیس نے میڈیا کے سامنے... اسکے ہاتھ میں ہتھکڑیاں ڈالی ..سارگل کے چہرے کے ساتھ آنکھیں بھی خون چھلکا رہیں تھیں...

...تم فکر نہیں کرو میں دیکھ لوں گا سب "مراد اسکے ساتھ ساتھ ..پولیس وین میں بیٹھا

..انکے نکلتے ہی وہاں سے میڈیا .. بھی چلا گیا جبکہ

...اج کی ہوٹ نیوز

پولیٹیشن بہرام خان کا بیٹا سارگل خان جو کہ ایک بڑا وکیل ہے ..کروڑوں میں کھیلنے والا

" ...انسان ..رشوت لے کر ناجائز لوگوں کے حق پر ڈاکا ڈالنے والا ایک چور

..داود نے ٹی وی بند کر دیا

....ہارون کی جانب دیکھا

...چلو سٹیشن

..یارم کو کہہ دو ..اس کے ساتھ یہ ہیڈ لائن بھی چلے

.... مشہور بیزنیز مین... داود احمد

"..حیا التاف سے شادی کے بندھن میں بندھ .گئے

..اسنے کہا ..تو ہارون مسکرایا

.....

وہ گلے میں بندھی ٹائ کو ڈھیلا کرتے ہوئے پولیس سٹیشن میں داخل ہوا تو... انسپیکڑ ...اسکو دیکھ کر مسکرا کر اٹھا

...کیسے ہیں سر اپ "اسنے ہاتھ اگے بڑھایا داود نے ہاتھ ملا کر ..ارد گرد دیکھا

..سارگل خان کہاں ہے"اسنے سیدھی بات کی

...چلیں سر "انسپیکڑ ..اسکے اور ہارون کے ساتھ ہو لیا

....داود نے اسے دور سے سل کے اندر چکر بے چینی سے کاٹتے ہوئے دیکھا اور مسکرا دیا

کیسے ہو سارگل خان "اسکی اواز پر سارگل بل کھا کر پلٹا

....ماتھے پر بل ڈالے وہ داود کو دیکھ رہا تھا .

....تم... .تم یہاں کیا کر رہے ہو"وہ دانت بھینچ کر بولا

...جبکہ یارون کو اسکے پیچھے کھڑا دیکھ وہ سب سمجھ گیا ..اور خود پر قابو نہ پاتے ہوئے

...وہ سلاخوں کے اندر سے ہی انپر جھپٹا

...اوپس "داود مسکرا کر پیچھے ہوا

...کمینے انسان... بخشو گا نہیں اب تمھیں میں "وہ چلایا

...جبکہ انسپیکڑ نے اسکی سلاخوں پر ڈنڈا مارا

....نہیں رہنے دو بوولنے دو بیچارے کا زخم تازہ ہے

ابھی تو تڑپے گا "داود نے سکون سے کہا... تو سارگل نے ..سلاخوں پر ہاتھ مارا اور دو قدم ..دور ..ہوا... ہاں وہ کیسے پھنس سکتا تھا

یہ ادمی اسکے پیچھے پڑا تھا مگر کسی کے اندر ..اتنی جرت نہیں تھی کہ سارگل خان کو پکڑ .....سکتا

....کیسا لگ رہا ہے تمھیں نہ تمھارا باپ ایا نہ... کوئ اور تمھیں بچایے گا کون سارگل خان

....تم تو بے بس ہو گئے "وہ اسکے نزدیک ہوا اور مدھم اواز میں بولتا سارگل کا خون سلگا گیا

"...پہلے تجھے چھوڑ دیا تھا... اب تیرے ٹکڑے کر دوں گا میں

....اچھا... .سچ... چل کر کے دیکھا "داود نے ائ برو اچکائ

.....پھر ہنسا... ..جب سارگل کوئ جواب نہ دے سکا

..ہارون بھی سکون سے یہ منظر دیکھ رہا تھا

..مگر فکر نہ کرو..." .داود نے ..جیسے اسے تسلی دی

تم بلکل فکر نہیں کرو... .میں تمھیں یہاں زیادہ دیر نہیں رہنے دوں گا ..بس رات تک تم یہاں کھڑے ہو کر اپنی عزت کا جنازہ نکلواو صبح تم ازاد... .اپنا جنازہ خود اٹھانے کے لیے..."وہ مسکرایا

....سارگل کا دل کیا وہ زور زور سے چلائے

.....اسکی رگیں پھٹنے کو ہو رہیں تھیں

..کیوں کیوں کر رہے ہو یہ سب تم "بلاخر وہ بول اٹھا

....کیوں.... ..مطلب تم مجھ سے یہ پوچھ رہے ہو کیوں

....وہ طنزیہ ہنسا"

..لگتا ہے تمھاری یادشت چلی گئ

چلو تم ارام سے سکون سے سوچو میں تمھارے ساتھ کیوں کر رہا ہوں یہ سب... پھر باقی ...باتیں تمھارے ازاد ہونے کے بعد..." .وہ مسکراتا ہوا اسکے پاس سے ہٹا

...تو سارگل اسکی پشت کو گھورنے لگا

..اج سے پہلے اسے اتنی بے بسی محسوس نہیں ہوئ تھی

....بے اختیار اپنی تزلیل پر اسکی آنکھوں کی سرخی میں نمی گھل گئ تھی

.....

....حویلی میں ایک کہرام ایا ہوا تھا

لوگوں کے فونز ..بہرام نے زچ ہو کر فون دیوار میں دے مارا جبکہ ارمیش کا رونا بھی اس سے برداشت نہ ہو رہا تھا ..مگر سارگل کے پاس وہ کسی صورت نہیں جائے گا یہ بات تو طے تھی...

...میڈیا اس خبر کو جتنا اچھال سکتا تھا ..اچھال رہا تھا ..جبکہ

...اسنے اب تک... ایل ائ ڈی نہیں کھولی تھی

....وہ سر تھامے بیٹھا تھا ..جبکہ ارمیش دروازہ کھول کر اسکے پاس ائ

بہرام مجھے میرا بیٹا چاہیے اپ اسے اکیلا چھوڑ کر یہاں بیٹھے ہیں ..یہ سب ..بہرام اٹھیں... "وہ بولی مگر اسنے جواب نہیں دیا..

ارمیش کے انسو متواتر گیر رہے تھے..

...بہرام اپ ایسا نہیں کر سکتے... " .بلاخر وہ چلائ

...تو بہرام نے اسکے دونوں بازوں سختی سے تھام لیے

..چاہتی کیا ہو تم ..جانتی ہو کیا ہو اہے یہاں جانتی ہو

میرے داجی کا نام خراب ہوا ہے ارمیش خانم بھولو مت وہ بھی تمھارے ..تمھارے بیٹے نے.."

...وہ میرا بیٹا ہے "ارمیش نے اسکے ہاتھ ہٹائے... اج اسے بھی خوب غصہ ایا تھا

...وہ صرف میرا بیٹا ہے"اسنے اسکی جانب دیکھا

"ارمیش میں کوئ بحث نہیں چاہتا جاو یہاں سے

...اسنے کہا تو ارمیش نے اسکی جانب زخمی نظروں سے دیکھا

اج سے پہلے اپ مجھے اتنے برے کبھی نہیں لگے"وہ غصے سے کہہ کر وہاں سے نکل گئ

....جبکہ بہرام نے اسکے نکلتے ہی روم لوک کر لیا

.....

...ریورٹ اسکے ہاتھ سے چھٹا... .اور کارپٹ پر گیرہ

....سامنے چلتی ہیڈ لائن اسنے آنکھیں بند کر کے پھر سے کھولی شاید یہ کوئ غلط فہمی ہو
...اسے اپریٹر کی اواز انی بند ہو گئ تھی

...جبکہ دل کی دھڑکنیں کانوں میں سنائ دے رہیں تھیں

"..داود احمد ..شادی کے بندھن ..ح ..حیا الطاف

...وہ نیچے بیٹھتی چلی گئ

....سانسیں تیز سے تیز تر ہونے لگیں

..ایسا نہیں ہو سکتا... "اسنے... بہتے انسو سے نفی کی

..نہیں ایسا نہیں ہو سکتا... "اسنے پھر سے خود سے کہا

..ایسا کیسے ہو سکتا ہے "وہ پاگلوں کیطرح رونے لگی

..داود میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے "وہ چیخی... جبکہ ارد گرد پڑی ساری چیزیں اسنے زمین بوس کر دیں..

..نہیں ہو سکتا ایس ا ..یہ جھوٹ ہے .. جھوٹ بول رہی ہے ..یہ "اسنے ریموٹ اتھا کر ایل ای ڈی پر مارا ..جبکہ... وہ ہزیانی انداز میں چیخ رہی تھی... انسو سے چہرہ سرخ تھا "...نہیں "

..نہیں داود... "وہ اچانک کمرے سے باہر بھگنے لگی

ایشا ..جو اسی کے کمرے کی جانب ا رہی تھی... جبکہ اسکے پیچھے ارمیش بھی تھی کیونکہ ...اسکے چیخنے کی اواز پر ..وہ سب پریشان سے ہویے تھے

..عینہ "ایشا نے ا سکو تھاما

نہیں چھورو مجھے چھوڑو ایشا ..وہ شادی کر چکا ہے ..کیوں .. نہیں ہو سکتا ایسا ..چھوڑو مجھے "وہ... بری طرح روتے ہویے اپنا اپ چھڑوا رہی تھی..

ایشا خود حیرت کا شکار ہوئ جبکہ ..عینہ کو سمجھلنا اور ارمیش کی نظروں سے وہ چور سی ہوئ..

عینہ کیا بولے جا رہی ہو ..کون کس کی بات کر رہی ہو سمجھالو جوخد کو "ارمیش ..اسکو پکڑنے لگی..

نہیں مما... داود ..داود نے شادی کر لی... مما وہ ایسا نہیں کر سکتا..

مما... میں میں ہوں اسکی بیوی ..وہ کسی اور کو کیسے بیوی بنا سکتا ہے "وہ... بری طرح مچلی ..ارمیش ..کا ہاتھ اسکے ہاتھ سے چھٹا ..جبکہ اسکی چیخو پکار پر سب وہاں جمع ہو چکے تھے جن میں بہرام بھی تھا...

سب شاکڈ نظروں سے ..عینہ کو دیکھ رہی تھی جسے ایشا ..تھامی ہوئ تھی..

عینہ روتے ہوئے زمین پر گیری..

..میں بیوی ہوں اسکی وہ نہیں کر سکتے کسی سے شادی ..جانے دو مجھے ..مجھے پوچھنا ہے ان سے ..کیوں کیا انھوں نے میرے ساتھ ایسا "عینہ... بولی تو... بہرام لمبے لمبے قدم ...بھرتا ..اسکے سامنے ایا اور ایک ہاتھ بڑھا کر اسکو اپنے سامنے اٹھایا

...عینہ "وہ سختی سے اسکی جانب دیکھنے لگا

...کیا بکواس کر رہی "ہاں وہ سننا چاہتا تھا...کہ اسکی بیٹی انکار کر دے

....عینہ نے باپ کی جانب دیکھا

...اور اسکے سینے سے لگ گئ

...اور اسکے بعد ..اسکا رونا سب کو رولا گیا جبکہ بہرام... نے اسکو تھامہ نہیں

ڈیڈ... .وہ میرے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں ..وہ بدلا لے رہے ہیں مجھ سے... میں نہیں ...رہ سکتی داود کے بغیر... "وہ بولی

بہرام ..اسکی آنکھوں کو دیکھ رہا تھا ..اج ان آنکھوں میں اسے وہی درد دیکھائ دے رہا تھا ...جو کچھ سالوں پہلے اسکی آنکھوں میں تھا

...وہ روتے روتے اسکے قدموں میں بیٹھ گئ

....ڈیڈ مجھے داود چاہیے... میں نہیں جانتی کچھ ..میں نہیں جانتی کسی دشمنی کو

پلیز... پلیز "وہ اس سے فریاد کر رہی تھی جبکہ بہرام کی آنکھوں میں وہ منظر گھوم رہے تھے جب وہ عابیر کا ہاتھ تھامے حویلی میں داخل ہوا تھا....

...کیا اس وقت داجی کا مان بھی اسپر سے یوں ہی ٹوٹا تھا

...وہ کوئ چھاٹا بچہ نہیں تھا

...اسکا باپ زندہ تھا ..مگر... اسے داجی کی اسوقت شدید یاد ا رہی تھی

...اسکی بیٹی اسکے قدموں میں تھی... .اور کس کے لیے تھی ..دو سال میں اسے لگا شاید وہ سب بھلا چکی ہو... مگر...

..اسکے پاس اپنے ہی اندر اتھنے والے سوالوں کے جواب نہیں تھے

....وہ اسکے پاس نیچے بیٹھا

..اور اسکا ..روتا سر اٹھایا

....اسکی بیٹی معصوم تھی

...نکاح کیا ہے تم نے "یہ بات وہ ہی جانتا تھا کہ کتنے ضبط سے وہ یہ سوال کر رہا ہے

....عینہ نے بلاترادد کے حامی بھری

....ڈیڈ... داود "وہ سسکی

....بہرام نے اسکے انسو صاف کیے... اور اسکو سینے میں بھینچ لیا

وہ شخص پیچھے ہی پیچھے اسکی بیٹی کی معصومیت کے ساتھ کھیل گیا تھا ..اور وہ... اتنا اندھا ہو گیا تھا....

.....

اگر بہرام چاہتا تو ..پل میں وہ جیل سے باہر نکل سکتا تھا ..مگر رات ہونے کو ائ تھی.....

....مراد وہیں اسکے پاس تھا ..جبکہ میڈیا ..نے اس ایشو کا اج کا ہوٹ ٹاپک بنا دیا تھا

...کچھ ہی دیر میں ..انسپیکٹر نے ..اسکو ازاد کر دیا

...سارگل کا دل کیا اس انسپیکڑ کا سر پھاڑ دے

....مگر وہ جاموشی سے باہر نکل گیا

...میڈیا ..باہر منہ کھولے کھرا تھا ..جبکہ وہ کسی کا بھی جواب دیے بغیر

...مراد کی گاڑی کیطرف دوڑا

..اج وہ داود کو قتل کر دے گا وہ سوچ چکا تھا

...سارگل "مراد ..چلایا

....جبکہ سارگل کسی کے قابو میں انے والا تھا بھلہ

...جب وہ اسکے قابو میں نہیں ایااور گاڑی بھگا لے گیا تو مراد نے بہرام کو کال کی

سارگل کے لیے ..داود کا گھر ڈھونڈنا مشکل نہیں تھا ..مراد ٹیکسی لے کر ..اسکے پیچھے

....ہوا

.....

تین گاڑیاں بیقوقت داود کے بنگلے کے باہر روکیں ..ٹائر کے چرچرانے کی اواز ..اسے اپنے

..کمرے تک سنائ دی

...اسنے آنکھیں کھولیں ..مسکراہٹ نے لبوں کا احاطہ کر لیا

...تو اج تم سب میری دہلیز پر اگئے "اسنے سوچا

....اندر تک جیسے سکون سا اتر گیا

....دو سال کی عزیت بس ایک لمحے میں رفا ہو گئ

اور داود احمد بڑی شان سے اپنی جگہ سے اٹھا... اور ..اپنے کمرے کے باہر ایا ..دوسری طرف ..ہارون بھی اپنے پورشن سے نکلا ..تو اسکے پیچھے... ایک خوبصورت مگر کچھ کمزور سی لڑکی بھی گھبرائ ہوئ سی کھڑی تھی...

عینہ نے زخمی نظروں سے داود کو دیکھا اور ہھر اس لڑکی کو دیکھ کر...

اسکا دل کئ ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا ..جبکہ داود کی نظر ..بہرام خان پر تھی...

نظر کی ٹھنڈک بہرام کو سخت زہر لگی....

جبکہ سارگل نے ریوالور نکال کر ..داود کی طرف تان دیا..

اسکے ریوالور نکالتے ہی ہارون نے... اور کئ گارڈز نے سارگل پر تانا... داود سنجیدگی سے انکی جانب دیکھ رہا تھا جبکہ پیچھے کھڑی لڑکی نے... منہ پر ہاتھ رکھ کر... اپنا خوف کم کرنے کی کوشش کی...

چوروں کی طرح انتقام قائر لیتے ہیں..." بہرام نے اسپر مسکرا کر طنز اچھالا... تو داود ہنس دیا...

...انتقام میرا بنتا نہیں کوئ

نہ میں نے لیا... .ہاں بس... ..جو میرے ساتھ کیا میں نے ویس اکر دیا... " ..اسنے ....لاپرواہی سے کہا

....تو بہرام نے بمشکل اپنا غصہ ضبط کیا

..عینہ کی سسکیاں... ..اسکے کانوں میں ہتھوڑیں بسرا رہی تھیں

اگر اسکی بیٹی اج اسے کمزور نہیں کرتی ..تو لازمی... بہرام خان اج اسی دھرتی میں داود کو ...غاڑ دیتا ..جبکہ مقابل کی جانب سے بھی ..ایس اہی کچھ سوچا گیا تھا

...عینہ کو ..وہ اپنے پاس رکھنا چاہتا تھا

اور سیدھی طرح وہ کبھی نہیں اتی .. تبھی اج وہ اسکی دہلیز پر کھڑی تھی اور وہ جانتا تھا..ا ....گے کیا ہو گا

.....

داود ریلکس یار "اسنے پل میں کمرے کا حولیہ بگاڑ دیا تھا... ہارون... کو اج اندازا ہو گیا کہ وہ شخص اس لڑکی کی چاہت میں کتنا دیوانہ ہے...

یار مجھے ایک بات بتاو... یہ لڑکی میرے ساتھ ایسا کرتی کیوں ہے "وہ دھاڑا اور اسکے دونوں بازو پکڑ کر جھنجھوڑا...

کیا صرف محبت میں نے کی تھی جو وہ ہر جگہ میرا ساتھ چھوڑ جاتی ہے "اسنے سرخ نظروں سے سوالیہ انداز میں پوچھا..

ہارون نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا..

میرے خیال سے ایک لڑکی کے سامنے اسکا باپ اور اسکا محبوب کھرا ہو تو پہلے اسکے دل میں اپنے محبوب کے لیے کتنی ہی الفت کیوں نہ ہو... وہ سائیڈ اپنے باپ کی ہی لیتی ہے... اور اسنے بھی وہی کیا" ..ہارون نے اسے سمجھانا چاہا..

تو پھر تو داود احمد ..اس دنیا کا سب سے بڑا پاگل ہے ..جو ایسی لڑکی کے پیچھے سب چھور چھاڑ کر پڑا ہے جو کبھی اسکے ساتھ محبت نہبا نہیں سکتی "وہ جیسے ٹوٹا ہوا لگا ..دو سالوں میں ہارون نے پہلی بار اسے بکھرا ہوا دیکھا....

وہ خاموش رہا... اور کچھ دیر پہلے ہونے والے واقعے کو یاد کرنے لگا کہ جب... بہرام نے سارگل کی بندوق سے گولی اس سے پہلے نکلتی اور اسنے اس بندوق کو فضا میں بلند کر کے داود کو نشانہ بننے سے روکا....

جبکہ وہ ..بغیر کچھ کہے سارگل کا گریبان تھامے... وہاں سے نکلا اور جاتے جاتے اسنے عینہ کی جانب دیکھا...

بیٹیاں باپ کا مان ہوتی ہیں... اور جب وہ مان ٹوٹ جائے تو علیحدگی بہتر ہے... .وہ تمھارا شوہر ہے اج میں خود تمھیں یہاں چھوڑ جا رہا ہوں "بہرام کی یہ بات... عینہ جو سسکیاں بھر رہی تھی... حونک نظروں سے... اسکی جانب دیکھتی...

رہی اور ایک نظر داود کیطرف دیکھا ..جو جانتا تھا یہ ہی سب ہو گا اور اب عینہ اسکے ساتھ رہے گی ..جبکہ عینہ نے اس کے پیچھے کھڑی لڑکی کو بھی دیکھا ..جو اپنے انسو روک رہی تھی...

....اسکے باپ جا رہا تھا

وہ باپ جس نے کبھی اسے کانٹا بھی چبھنے نہیں دیا جبکہ جب سے داود ..اسکی زندگی میں ایا تھا... کیا ہو رہا تھا اسکے ساتھ ..اور اب بھی ..وہ تو شادی کر چکا تھا....

...ڈیڈ"اسنے داود سے نظریں پھیریں ..اور بہرام ..کا لپک کر بازو تھامہ

ڈیڈ میں میں یہاں نہیں روکوں گی ..مجھے اپکے ساتھ جانا ہے "اسنے انسو صاف کر کے کہا ..جبکہ سارگل کا ممپھرہ اس بات پر ہی سرخ ہو رہا تھا کہ داود اور عینہ نکاح میں ہیں....

بہرام نے کوئ جواب نہیں دیا ..اور سارگل کو اسی طرح وہ وہاں سے نکال لے گیا جبکہ عینہ بغیر پیچھے دیکھے بہرام خان کے ساتھ ہو لی...

....پیچھے داود ایک بار پھر خالی ہاتھ کھڑا تھا

....اسنے کھینچ کر مکہ میرر وال پر مارا کہ اسکے کمرے کی خوبصورت میرر وال پر دڑاڑ پڑ گئ

...اور وہ اندر چلا گیا ..جبکہ اسنے سکینڈ میں کمرے کا حویلہ بغاڑ دیا تھا

... تمھیں ہوش سے کام لینا ہو گا... .یہ بھی ہو سکتا تھا تمھیں یہ بھی سوچنا چاہیے تھا

...ہارون کے کہنے پار داود غصے سے بہنا گیا"

....اور اس سے پہلے وہ چلاتا

...ہارون اس سے پہلے بولا

..اب انتقام یہ بے کی اگ میں مت جلنا داود اگر تم... اس لڑکی کو چاہتے ہو... اور اگر تمھارے دل میں اس لڑکی کے لیے کچھ نہیں تو اس جھوٹے تماشے کو بند کرو... "وہ

... جیسے اس طرھ بولا جیسے اج سے دو سال پہلے بولا تھا ..بے لچک لہجہ

....میرر وال سے اندر جھانکتی لڑکی نے اسکی کڑک اواز پر دل تھامہ تھا

..داود نے سر تھام لیا ..اس سے بہرام کی فتح برداشت ہی نہیں ہو رہی تھی

....بہرام خان جیت گیا... " .وہ بولا

..ہارون ہنس ا

...نہیں یار... .اصل تو ہار اسکی ہوئ ہے

وہ لڑکی تمھاری بیوی ہے ..یہ کیوں بھول رہے ہو... بھئ ..تم اس ساری بازی کو دوبارہ ....پلٹ سکتے... "..وہ اسکے ساتھ بیٹھ کر اسکو مشورہ دینے لگا

...وہ ادمی میری برداشت سے باہر ہے..." .داود نے چیڑ کر کہا

بدلہ پورا ہوا ..اسکی ساک بری طرح ہل گئ ہے ..دو سلا پہلے جو حالات تھے ..اج وہ نہیں رہے ..اب تم چل مارو... چارو طرف سے ..گیم تمھارے ہاتھ میں ہے ..انھیں چار ناچار تمھیں قبول کرنا ہی پڑے گا ..اگر تم اس جھوتے نکاح کا تماشہ بند کرو تو "ہارون کی بات پر اسنے ..اسکی جانب دیکھا جبکہ ہارون اسکی آنکھوں میرے اترتے تاثر کو دیکھ کر سر ..ہلانے لگا

گڈ اب مجھے نظر ا رہا ہے تمھاری یہ الٹی کھپڑی کچھ سوچنے قابل ہے اب میں اپنے پورشن میں جا رہا ہوں ..گڈ نا<ٹ "اسنے .. سکون سے ..کہا ...

اور ..باہر نکلا تو... سامنے حیا کو ..کان لگایے دیکھ اسکے ماتھے پر بل ڈلے ...

ہیلو لڑکی... یہ ان مینرڈ حرکت ہے "وہ انگلی اٹھا کر بولا ..حیا... ایکدم در کر دل تھام گئ ...

پھر منہ بنا کر اسکی جانب دیکھنے لگی ..

میرا نام حیا ہے "اسنے کہا تو ہارون مسکرایا ..

اوو رئیلی ..مجھے لگا ..مسیز ہارون ہو تم... "وہ اسکے نزدیک ..انے لگا ..جبکہ حیا کو ڈر الگ لگ رہا تھا ..وہ ایکدم دور ہوئ... بات سنو... اتنی بھی بری نہیں ہو... جیتنا میں سمجھ رہا تھا "اسنے کہا ..تو حیا... پل میں وہاں سے دوڑ لگا گئ .

اسکا دل زوروں سے دھڑکا تھا .جبکہ ہارون... اسکے پیچھے گیا ..

بھاگو مت "وہ چیخا ..حیا روک گئ ..

..مجھے اپ سے ڈر لگتا ہے جائیں اپ "وہ اسکو ہاتھ سے دور کرنے لگی

...ٹھیک ہے بھئ جاو تم یہاں سے ..میں کون سا مرے جا رہا ہوں..." وہ چیڑ کر بولا

..تو حیا پھر سے بھاگنے کو تیار تھی

..مگر ہارون کی گھوری پر وہ عزت سے چلنے لگی ..جبکہ ہارون اسکے پیچھے پیچھے ..تھا

..حیا .اسکے ساتھ والے روم میں چلی گئ

...جبکہ ہارون ایک نظر دروازے کو دیکھ کر ..اپنے روم میں چلا گیا

.....

...نیوز سن کر جیسے پورا گھر عجب سناٹے کا شکار ہوا تھا

عابیر تو وہیں تھم گئ تھی ..معاز .بھی الگ ..خاموش ہو گیا تھا جبکہ فیزا کو تو داود پر رج کر

...غصہ ایا ..اور روشنی بھائ کے امیر ہونے پر ہی خوش تھی

کل فیزا کی بارات تھی گھر میں کام تھے کافی ..مگر ..عابیر .. سمیت معاز کی خاموشی بھی ...ٹوٹی نہیں تھی

...وہ سب صحن میں بیٹھے تھے جبکہ

..فیزا چایے بنانے اٹھی تھی

تبھی باہر ہیوئ بائیک ارکی... .اکثر انکے دروازے کے پاس سے ہیوی بائیک ارکتی تھی ..مگر پھر چلی جاتی تھی .. تبھی وہ کسی بھی گمان میں نہیں تھا

..انکا بیٹا امیر ہو گیا تھا شادی کر چکا تھا ..ان کا اب اسکی زندگی سے کیا لینا دینا بھلہ

عابیر نے ایک خاموش نظر داود کی بائیک پر ڈالی جو ..اسکے ایگل کے پنجرے کے پاس ...کھڑی تھی

....جبکہ اسکا ایگل بھی اب اڑتا نہیں تھا

..دروازے پر مانوس دستک سے ..عابیر بل کھا کر اٹھی

..معاز نے اسکی بے تابی پر اسکی جانب دیکھا

.میں دیکھتی ہوں مامی بیٹھیں اپ "فیزا نے کہا..تو عابیر نے نفی کی

نہیں میں کھولتی ہوں... دل میں جو اس تھی... اسنے کانپتے ہاتھوں سے اپنے گھر کا دروازے کھولا..تو سامنے پورے دو سال ..ہاں .یعنی 730 دنوں بعد داود کو اسی ہیوئ ..بائیک پر ..عام سے رف سے حولیے پر اسی طرح ..جس طرح وہ ماتھے پر بل ڈالے عینک ناک کی چونچ پر رکھے دوسروں کو گھورتا تھا کھرا دیکھ کر ..عابیر کو سمجھ نہی2 یا ..ہنسے ...یہ روے

اسکے پیچھے دو گارڈز نمودار ہوے داود نے تپ کر انکو دیکھا حالانکہ وہ انھیں روک چکا تھا مگر .وہ پھر بھی اسکے پیچھے ائے تھے

مما یار ..اگے کھڑی رہیں گی تو اندر کیسے او گا... "وہ بولا وہی لہجہ... .عابیر... جو اسکی شادی کی خبر سن کر ..اس سے دل ہی دل میں ناراض ہو چکی تھی ..انسو صاف کر کے مسکرای اور اسے نادر انے کا راستہ دیا..

داود بلیک سے اترا..

یہ بائیک واپس لے جاو "اسنے ایک گارڈ سے کہا..

عابیر پرجوش نظروں سے بیٹے کو دیکھنے لگی..

وہ اندر ایا...

عابیر کی آنکھوں کے اگے چٹکی بجائ..

کیا زیادہ ہینڈسم ہو گیا ہوں "وہ ہنسا ..تو عابیر بے ساختہ اسکے سینے سے لگ گئ...

داود کی بھی آنکھیں نم ہوئیں...

دو سال ماں کو سزا دے کر اج... مسکراتے ہوئے ا رہے ہو... داود ..اتنے برے کیوں ہیں پا "وہ بولی ..داود ہنس دیا... اسکے بالوں پر پیار کیا....

..اب کہیں نہیں جاو گا "اسنے بغیر کسی شکوے کے مان کے ہاتھ پر بھی پیار کیا

عابیر کا تو اسکو دیکھ کر ہی دل نہیں بھر رہا تھا ..وہ دونوں ماں بیٹے ہمیشہ کیطرح خود میں مگن تھے...

...باقی سب کو فراموش کیے ..معاز کو لگا ایک بار پھر سے جیسے اس میں طاقت بھر گی ہو

...داود موڑا

اف حریفوں کی نظریں نہیں بدلیں" ..وہ بچ کر نے والی مسکراہٹ لیے اسکے کے نزدیک سے گزر کر... روشنی کے پاس ایا..

...بھیا "وہ ایکسائٹیڈ تھی

...عابیر کو لگا اج اسکا گھر پورا ہو گیا ہو... اسکے گھر کی رونک لوٹ ائ تھی

..داود نے امروشنی کو بھی پیار کیا اور فیز اکی جانب دیکھا

سنا ہے ..اسے .گدھے سے شادی کر رہی ہو "اسکا اپنا ہی انداز تھا... سب کو چھیڑ کر بدسکون کر دینے کا...

...فیزا جو اسپر کافی غصہ تھی اسکو دیکھ کر... دلی خوشی محسوس کر رہی تھی... وہ مسکرائ تو داود نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا...

..اور اب وہ اپنے باپ کی صورت تک رہا تھا جو اسے کافی کمزور لگا

..کیوں ائے ہو اب بھی "معاز تیور بگاڑے... اسکے نزدیک جانے لگا

..معاز "عابیر حیرانگی سے .اسکی جانب دیکھ کر بولی

..چپ ہو جاو تم "معاز نے اسکو ٹوکا ..داود ڈھیٹوں کیطرح اسکو دانت دیکھانے لگا

". حریفوں کو دیکھے بغیر مزاہ نہیں ا رہا تھا

...باپ کو حریف کہتے ہوے شرم بھی نہیں اتی "وہ اسکے مقابل ایا

..داود نے شانے اچکائے

یہ جو اپکے تیور ہیں ..مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے میرے انے پر اپکے اندر گلوکوس بھر دیا ...گیا ہے ..یار بابا کچھ تو میرے بارے میں اچھا سوچ لیتے"وہ بولا تو پہلے کیطرح منہ بنایا

..عابیر سمیت فیزا اور روشنی بھی ہنسی

بھیا ..بابا نے تو اپکو سب سے زیادہ مس کیا ہے... .اور سچی میں ایسا لگ رہا ہے ببا میں ..انرجی بھر گئ ہے "اسکے کہنے پر وہ سب ہنس دیے جبکہ معاز نے روشنی کو گھورا

..میری اولاد سب سے زیادہ خراب ہے "وہ چیڑ کر بولا

..چلو چلو مان لو ..کچھ نہیں ہوتا" ..داود ..نے باپ کے گلے میں بازو ڈالے

..معاز .کو بیٹے کے انداز تقویت دے رہے تھے

...پہلے یہ بتاو شادی کس سے کی ہے "معاز اس سے دور ہوا

...اف ..مما یہ سی ائ ڈی ہی ملے تھے شادی کرنے کو "وہ ماں کے پاس جا کر بیٹھا

....عابیر نے تو چاہت سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرہ

....اور وہ کتنا فدا ہوتی اپنے بیٹے پر... .بار بار خدا کا شکر ادا کر رہی تھی

..جواب دو "معاز بولا... تو داود مسکرایا

..عینہ سے "اسنے انکھ ماری تو سب اچھل پڑے

"...مگر تمھاری نیوز تو کوئ حیا الطاف

..فیزا نے الجھ کر پوچھا

...جھوٹی تھی "اسنے سکون سے کہا

...داود سے پنگا لیا تھا... ایند تک پہنچا کر ایا ہوں "وہ سنجیدہ ہوا

..عابیر نے اسکا شانہ تھامہ

...بہت غلط بات ہے داود "اسنے کہا تو داود اسکیطرف دیکھنے لگا

لڑکی کے لیے اپنا شوہر بانٹنا اسان نہیں ہوتا..بھلے جھوٹ ہو یہ یا سچ "اسنے کہا تو وہ کچھ نہیں بولا..

ہمیشہ سے..تمھاری اولاد نکمی ہی رہی ہے "معاز بھی بیٹھ گیا..

مجھے کیوں لگ رہا ہے اپ جیلس ہو رہے ہیں مجھ سے "داود نے اسے چیڑہ جبکہ معاز نے..چپل نکالی..

یار بابا کوئ حد... دس دس ہوٹلز کا مالک باپ سے پیٹ رہا ہے میڈیا میں تھلکا مچ جائے گا وہ چیختا ہوا بھاگا جبکہ معاز کی چپل گھمتی ہوئ اس تک پہنچی مگر اسے لگی نہیں"...

سب سمیت اب کی بار معاز کا بھی قہقہ بلند ہوا..

ادھر او... .معلوم نہیں تھا... تم میرے گھر کی..میرے دل کی رونق ہو "اسنے..نم آنکھوں سے داود کے ماتھے پر پیار کیا..تو داود..کے لیے شاید اج کا دن اپنی زندگی کا بہترین دن تھا..باقی سب کی بھی آنکھیں نم ہوئیں

میرا بیٹا "معاز نے اسکے کالر کو درست کیا..

....داود مسکرا دیا

...ہاں یہ بہترین دنوں میں سے ایک دن تھا

...ڈیڈ محبت اپنی جگہ جنگ اپنی جگہ..." وہ شرارت سے بولا

...تو معاز ہنسا ..اور دونوں بغل گیر ہوئے

.....

..بہرام ڈیڈ دن سے کسی سے بات نہیں کر رہا تھا

..ارمیش عینہ سارگل ..تینوں جیسے الگ الگ... غم زدہ تھے

میڈیا جتنا چھال سکتا تھا اچھال رہا تھا ..مگر ..اگلے دن ہی وہ تمام ہیڈ لائنز بند کرا دیں گئیں...

پیسہ دے دلا کر ..معاویہ نے ان خبروں کو رکوا ضرور دیا تھا ..مگر انکی ساک بری طرح ہلی تھی...

سارگل کے لیے اپنہ ساک سے زیادہ باپ کی ناراضگی جان لیوا تھی...

اور بالآخر ہمت کر کے اسنے دروازہ بجا ہی دیا...

دروازہ کھولا دیکھ کر... ارمیش اور عینہ بھی سارگل کے ساتھ اندر داخل ہوئیں ..بہرام ان سب کو دیکھ کر کوئ ریسپونس دیے بغیر...

اپنی بک پڑھنے لگا...

سارگل اور عینہ نے ایک دوسرے کیطرف دیکھا...

اور جس طرح وہ بچپن میں اپنی کسی غلطی پر شرمندہ ہو کر اسکے پاس اتے تھے بلکل اسی طرح وہ دونوں باپ کے قدموں میں بیٹھ گئے....

سوری ڈیڈ"سارگل نے اسکا ہاتھ تھامہ ..جبکہ عینہ رونے لگی...

...ہاں باپ کا مان توڑ کر وہ سکون میں نہیں تھی

...پہلے بہرام عینہ کو اپنے قدموں میں سے اٹھا لیتا تھا ..مگر اج اسنے ایسا نہیں کیا

سوری ڈیڈ... میں اب ایسا کوئ کام نہیں کروں گا جس سے اپکو شرمندگی ہو "وہ حقیقت میں .شرمندہ تھا ..باہر لون سے گزرتی مشل نے یہ منظر دیکھا... اور نہ جانے اسے کیا ..سوجہ سارگل کی کھٹا کھٹ تصویریں کھینچ لیں

..بیٹا تم مجھے اچھے سے شرمندہ کر چکے ہو... گھر کی چار دیواری میں نہیں ..پوری دنیا میں کس چیز کی کمی ہے ہمیں سارگل خان... کہ تم رشوت لینے لگے... "وہ سختی سے بولا ...سارگل جاموش ہو گیا ٹھیک ہی تو کہہ رہے تھے وہ

خان ہو تم خان... اپنی شناخت کیوں بھول گئے ..باپ تمھارا بیوروکریسی میں ..دادا پر دادا کی خائیدادوں سمیت باپ کی جائیداد کے بھی اکیلے وارث اور اتنا گھٹیا کام "وہ سختی سے ...اسکا ہاتھ جھٹک گیا... .سارگل شرمندگی سے سر نہ اٹھا سکا

..اور تم "اسکا روخ عینہ کی جانب ہوا

میری بیٹی... اور میرے پیٹھ پیچھے مجھ سے دھوکا "وہ بولا ..جبکہ عینہ سے مزید برداشت نہ ہوا..

ڈیڈ اپ مار لیں مجھے میں بہت گندی بیٹی ہوں اپکی ..میں نے بہت غلط کیا... پلیز ڈیڈ میں نہیں جاوگی نہیں دیکھوگی اسے ..مگر میں میں اپکے بغیر نہیں رہ سکتی "وہ اسکے سینے سے لگی بول رہی تھی...

بہرام... کی خود بھی آنکھیں بھیگی...

تم دونوں نے میری عزت ..کہیں کی نہیں چھوڑی "وہ پھر بولا..

عینہ نے اسے سختی سے تھام لیا...

اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی... .ارمیش نے ..بہرام کے شانے پر ہاتھ رکھا...

ماں باپ کا ضرف بہت زیادہ ہوتا ہے بہرام... .یقیناً... اب ان دونوں کیطرف سے اپکو کوئ... تکلیف نہیں ملے گی... "وہ بولی ..جبکہ اس سے پہلے ہی بہرام نے عینہ کو تھام لیا تھا..

... مجھ معصوم پر بھی نظرے کرم کر دو "سارگل پیچھے سے بولا

تم تو پانی شکل کہیں گم ہی کر لو "بہرام نے بیٹی کے انسو صاف کیے جبکہ ..سارگل کو ..گھورا ..سارگل ..نے ماں کی جانب دیکھا

بس اپنی بیٹی کے انسو قیمتی ہیں میرے ..بیتے کی کوئ ولیو نہیں" .وہ سارگل کو پیار ...کرنے لگی

ڈیڈ ایم سوری... .میں جانتا ہوں اپ سب مینیج کر لیں گے "اسنے کہا جبکہ بہرام نے ...اسکی گودی پر ایک تھپر رکھا

"..میرے بچوں کے بعد بھی مجھے معلوم ہے اپ یوں ہی ماریں گے مجھے

..وہ چیڑ کر بولا

مشل کو شادی کے لیے مناو... .اس سے پہلے نظر مت انا تمھاری ہر غلطی اسکے ماننے سے معاف ہو گی "اسنے کہا تو سارگل اٹھا ..ٹھیک ہے بیٹی ہی قیمتی ہے اپ کے لیے ...وہ منہ بسور کر باہر نکلا جبکہ ہلکا بھی ہو اتھا ..اب مشل کو منانا باقی تھا"

...بہرام نے عینہ کی جانب دیکھا

صرف تمھارے منہ کو اس لڑکے کو قبول کر رہا ہوں میں "بہرام کی بات پر عینہ اور ارمیش جھٹکا کھا کر اسکی جانب دیکھنے لگے..

مگر شدید زہر لگتا ہے وہ مجھے... .اور جب تک وہ خود نہیں ائے گا ..اسی طرح اپنی ماں کو لے کر ..اور وہ اس حیا نامی لڑکی کو طلاق نہیں دے گا ..میں تمھیں نہیں بھیجو گا... اا سے زیادہ تمھارا باپ تمھارے لیے کچھ نہیں کر سکتا"وہ کہہ کر عینہ کی سرخ آنکھیں دیکھنے لگا..

اور تم اس سے کوئ رابطہ نہیں رکھو گی "اسنے ایک اور پابندی لگائ جبکہ عینہ سب مانتی جا رہی تھی...

اب رونا تو بند کرو چڑیا سادل ہے... "بہرام نے ڈپٹا تو عینہ ..اسکے سینے سے پھر سے لگ گئ..

سکون تو میسر ہو گیا..مگر..داود نے جو اکسے ساتھ کیا تھا وہ بھول نہیں سکتی تھی بھلے وہ ساری زندگی اسکے نام پر گزار دے مگر دوبارہ اسکے پا س نہیں جائے گی اسنے سوچا...

.....

.....

بارات کا دن بھی ا پہنچا.....

وہ کب سے مشل سے ملنے کی کوشش کر رہا تھا مگر مشل اسکے ہاتھ ہی نہیں لگ رہی تھی....

اور بلاخر چوری چھپے اسنے اسکے روم میں جانے کی سوچی بہت مشکلوں سے وہ اسکے روم تک پہنچا....

اور دروازہ کھولا مگر جالی کمرہ اسکا منہ چیڑہ رہا تھا..

وہ ہاتھ پر مکہ مار کر رہ گیا...

..وہ پلٹا... تو سامنے سے... .اتے شخص کو دیکھ کر... اسکے ماتھے پر شدید بل ڈلے جبکہ ...وہ تیر کی تیزی سے... اس تک پہنچا

...کیا کرنے اے ہو "اسنے اسکا گریبان جکڑا

....داود نے اسکے ہاتھوں کی جانب دیکھا اور پھر دور سے اتے بہرام کو دیکھا

سالے صاحب بہنوئ ..کی عزت کرنا نہیں سیکھائ اپکے والد محترم نے... یہ بس لوٹ ...گھسوٹ سکای ہے "اسنے ہاتھ جھٹکا

....تب تک بہرام بھی پہنچ چکا تھا جبکہ داود ..مزے سے صوفے پر بیٹھا

...ان دونوں کے غصے سے کھولتے چہروں کو دیکھنے لگا

....کیا... " .اسنے لاپرواہی سے پوچھا

کتنے ڈھیٹ انسان ہو تم... ..بلکل اپنے والدین سے ڈھٹائ لی ہے "بہرام خونخوار نظروں ....سے دیکھتا .اسکے سمانے بیٹھا ..جبکہ داود ہنسا

اب کیا کر سکتے ہیں..." .وہ لاپرواہ سا دیکھا جبکہ آنکھیں چارواطراف میں گھوم رہیں تھیں...

کوئ چائے اپنی کا رواج نہیں... اپنے رشوات کے مال کا مزاہ ہمیں بھی چکھاو..." .وہ مسلسل سارگل کو طعنوں کی زد پر رکھے ہوئے تھا..داود کے انے کی جبر حویلی میں اگ کیطرح پھیلی تھی رفتہ رفتہ سب جمع ہونے لگے..

ارمیش نے اسکی شاندار پرسنیلٹی کو آنکھوں آنکھوں میں سرہایا تھا..

تمھیں زہر نہ کھلا دیں کہیں ..نکلا یہاں سے "سارگل ایک ابر ہھیر اسکی جانب بڑھا... سارگل "بہرام نے روکا..

بے انتہا سمجھدار ہے یہ انسان تمھارے معملے میں "بہرام کیطرف اشارہ کر کے وہ ہنسا. جبکہ سب کا خون سلگا گیا...

ماں باپ کہاں ہیں تمھارے "بہرام نے پوچھا..

کیوں بتاو"اسنے الٹا جواب دیا..بہرام نے ضبط سے مٹھی بھینچی...

..جبکہ بہرام کی نظر عینہ پر اٹھی جو زخمی نظروں سے اسکو دیکھ رہی تھی

..زہے نصیب... "وہ اونچی اواز میں بولتا ..اٹھا

...عینہ کا رنگ فق ہوا

...اب یہ کون سانیا روپ تھا اسکا

.....

...رک جاو یہیں اس سے پہلے وہ عینہ تک پہنچتا بہرام کی اواز پر رکا

...اپ مجھے روکنے والے کون ہوتے ہیں "وہ سنجیدگی سے بہرام کی جانب دیکھنے لگا

تمھاری بیوی کا باپ... اگر تو تم مجھے ابھی کچھ دیر میں یہ کہنے والے ہو کہ میں اسکا شوہر ....ہوں اوربلا بلا"اسنے بھی اسکے مقابل اتے کہا

...داود چند لمحے اسکی آنکھوں میں دیکھتا رہا... .اور پھر مسکرا دیا

ٹھیک ہے... .پھر اپنے دماغوں سے رخصتی نکال دینا... خالی ہاتھ لوٹنے کا بھی اپنا ہی مزاہ ہے ..میں نے تو اکثر چکھا ہے یہ مزاہ "وہ دوبارہ سکون سے بیٹھتا... .بولتا سب کو ...زہر ہی لگا

جبکہ اچانک حال میں لوازمات اتے دیکھ جہاں بہرام اور سارگل سمیت معاویہ مراد کے ...ساتھ ساتھ داود خود بھی حیران تھا

....مگر اپنی حیرانگی چھپا گیا

....ملازموں نے اسکے سامنے لوازمات رکھے... وہ مسکرا کر بہرام کو دیکھنے لگا

جبکہ بہرام نے اس سب تماشے کی جڑ کو دیکھا جو پیچھے چائے کی ٹرے لیے خود ا رہی ...تھی

..داود ارمیش کو دیکھ کر ...جو پھیلا بیٹھا تھا سمٹ سا گیا

عینہ خود حیرانگی سے اپنی ماں کو دیکھ رہی تھی... مگر تا دیر نہیں جلد ہی وہ وہاں سے ہٹ گئ..

اسکو دیکھ کر جسے اسکی دوسری شادی کا یاد اتے ہی نئے سرے سے زخم ہرے ہوئے تھے.

...لو بیٹا "ارمیش نے چائے کا کپ اسکے ہاتھ میں دیا

...داود کو عجب شرمندگی سی ہوئ

... ...اور ایک منٹ میں اسکے خیالات سامنے کھڑی عورت کے بارے میں بدلے تھے

داود نے... بہرام کی طرف بھرپور سمائیل اچھالتے ہوئے چائے کا کپ لبوں سے لگا ....لیا

..ارمیش خانم... یہ سب کیا کر رہی ہو "بہرام سے بلاجر برداشت نہ ہوا

...مما یہ ادمی اس لائق نہیں کہ اسے بیٹھا کر کھلایا جائے "سارگل بھی چیخا

..ارمیش ..نے بیٹے کو پہلی بار اگنور کیا اور بہرام کی جانب دیکھا

..داماد ہیں ہمارے" ..وہ بولی ..داود کو ہنسی سی اگی

سوری "اسنے ارمیش سے معزرت کی... اور اپنے ہونٹوں کو ٹشو سے صاف کر کے وہ ایک ..بار پھر پھیل کر بیٹھا اپنے سسر اور سالے کو دیکھنے لگا

سارگل تو دندناتا ہوا وہاں سے نکلا جبکہ بہرام نے بھی اگلا کوئ لفظ نہیں کہا... اور وہاں سے غصے سے چلا گیا جبکہ پیچھے ارمیش نے داود کیطرف دیکھا

بیٹا جب تم شادی کر چکے تھے تو تم نے دوسری شادی کیوں کی... اور اگر تم میری بیٹی ...سے بدلہ لے رہے ہو تو کیوں ائے ہو یہاں اب "اسنے سہولت سے پوچھا

داود تو اس حملے کے لیے تیار تھا ہی نہیں... سیدھا ہو کر بیٹھا جبکہ اسکے سامنے معاویہ ..بھی ا بیٹھا

....تم نے اپنی من مانی کر لی

ہماری ساک ہلانے والے تم پہلے تھے ..اور شاید تم بہرام کو نہیں جانتے... وہ تمھارے اس عمل سے تمھیں لازمی زندہ نہ چھوڑتا ..یہ عینہ تمھارے اگے کھڑی ہے جو بہرام نے ..تمھیں چھوڑ دیا "معاویہ کی بات پر داود نے اسکی جانب دیکھا

...کس لیے دھمکا رہے ہیں مجھے اپ "وہ ایکدم سیدھا ہوا

...لالا"ارمیش نے اسکی جانب دیکھا ..معاویہ نے ارمیش کو روکا

....میں تمھیں دھمکا نہیں رہا

میں تم سے یہ جاننا چاہتا ہوں کہ تم چاہتے کیا ہو اور کتنا نیلام کرنا چاہتے ہو ہمیں "داود ..اسکی بات پر مسکرایا

...نیلام کیا نہیں ہے زبردستی کروایا گیا ہے..." .اسنے بھی بات ماری

...تو معاویہ نے ضبط کیا .شاید وہ خون پینے میں ماہر تھا

اور باقی رہ گئ میری چاہت کی بات تو میں عینہ سے بات کرنا چاہتا ہوں اور اسے ساتھ لے جانا چاہتا ہوں... اور جس طرح کچھ دیر پہلے اپ مجھے میرے سسر کے کارناموں سے

دھمکا رہے تھے بلکل اسی طرح... میں اپکو دھمکا رہا ہوں کہ رخصتی نہیں دوں گا جب تک عینہ میری دولہن نہیں بنے گی... میرے ساتھ نہیں جائے گی"اسنے دو ٹوک لہجے میں کہا....

اور اٹھ کھڑا ہوا..

مسلہ پتا کیا ہے ..شروعات کر کے اپ لوگ معصوم بڑا پیارا بن جاتے ہیں "..وہ مسکرایا... اسکی مسکراہٹ ..مراد کا خون کھولا رہی تھی..

تمھیں لگتا ہے تمھاری دوسری شادی... .کے بعد عینہ تمھارے ساتھ جانا پسند کرے گی "..

معاویہ نے پوچھا ..تو اسنے شانے اچکائے..

یہ تو میرا مسلہ ہے..." .وہ لاپرواہی سے بولا...

بیٹا کیوں کر رہے ہو اسطرح....

میری بیٹی بہت معصوم ہے ..اسکو سزا مت دو..." .ارمیش ..نے اسکا ہاتھ پکڑا تو وہ ..جھٹکا کھا گیا

...اسے وہ اپنی ماں کیطرح ایک بے بس ماں لگی

...اسنے ..چند لمحوں بعد گھیرہ سانس لیا

اور بے انتہا مدھم اواز میں وہ زرا ارمیش کی طرف جھک کر بولا

...اپکی بیٹی میری زندگی میں انے والی پہلی اوراخری لڑکی ہے

..... تھی اور رہے گی

شادی کرنی ہوتی تو دو سال میں کر چکا ہوتا... .دوبارہ اپ کی بیٹی کیطرف قدم نہ بڑھاتا"وہ ..سنجیدگی سے بولا تو ارمیش الجھ کر اسکیطرف دیکھنے لگی

"مگر وہ نیوز

فیک تھی ..اپ لوگ سوچ لیں ..جب تک عینہ دولہن بن کر خود میرے گھر نہیں ائے ...گی تب تک فیزا کی رخصتی نہیں ہو گی ابھی میں جا رہا ہوں صرف اپکی وجہ سے

یہاں سب کم عقلوں میں اپکو دیکھ کر کچھ افسوس ہوا "..وہ کہہ کر مڑا... جبکہ مراد نے ..غصے سے اسکا شانہ تھامہ

"...ٹھیک ہے مت دو رخصتی

وہ تمھاری مرضی ہے تمھاری شادی نہیں بھی ہو گی تب بھی عینہ صرف داود کی ہے اور یہ بات .اس حویلی کی درودیوار سن لیں... .اگر وہ میری نہیں ہو سکتی ..تو اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا اس حویلی کی... ٹریلر تو دیکھ ہی چکے ہو "کہہ کر وہ غصے سے اسے دھکا ...دیتا وہاں سے نکلتا چلا گیا

.....جبکہ وہ سب... اسکی پشت کو دیکھ رہے تھے

.....

سارگل پشت پھیرے کھڑکی کے پاس کھڑا تھا... ابھی ابھی داود کو اسنے وہاں سے گزرتے دیکھا تو اسکا خون کھول اٹھا...

جبکہ ابھی وہ لیمپ اٹھا کر پھینکتا کہ... دروازے کے پاس کھڑی مشل کو دیکھ کر اسکا میٹر مزید گھوما..

کیوں ائ ہو ..مزاق بنانا چاہتی ہو تم بھی میرا"وہ چیخا اور وہیں لیمپ چھوڑ کر اسکی جانب بڑھا .اور اسکو دونوں ہاتھوں سے تھام لیا...

مشل کو اس سے خوف ضرور ایا مگر ..اپنے خوف کو دباتی وہ اسکی آنکھوں میرے دیکھنے لگی...

نہ اپ... نہ انکل اور نہ ہی داود بھائ..

کوئ بھی اپنی انا کے پہاڑ سے نیچے اترنا نہیں چاہتا اور ان سب میں صرف عینہ اپی پیس رہیں ہیں "اسنے اسکے ہاتھ جھٹکے..

یہ داود ..کو بلاوجہ کس خوشی میں بھائ بنایا ہے تم نے "اسنے اسکو گھورا..

کیونکہ انکا رشتہ اب گھر میں سب قبول کریں گے اور اپکو بھی کرنا پڑے گا ..کتنی زندگیاں خراب ہو رہیں ہیں اس سب سے اپ کیوں نہیں سمجھ رہے....

اج اپ ایک بار پھر ہنگامہ میچا دیں تو مراد بھائ ..فیزا سے شادی نہیں کریں گے ..مگر اس لڑکی کا کیا..جو انکے انتظار میں بیٹھی ہے..

اپ مردوں کے لیے شاید یہ سب بہت اسان ہوتا ہے سارگل کے ..پہلے کسی کے دل میں گھر کر لیں اور پھر اسی گھر کو اہ اپنے ہاتھوں سے ریزہ ریزہ کریں اور ہھر معافی کے دو بولوں سے جوڑ کر ایک بار ہھر سب صیحی کا گمان کریں....

کیوں... "اسکی آنکھیں بھیگی ..سارگل نے... اسکی جانب دیکھا..

فضول میں مجھے درس نہ دو ..عینہ کبھی بھی اسکے پاس نہیں جائے گی یہ بات طے ہے.."

ٹھیک ہے ..عینہ اپی انکے پاس نہیں جائیں گی...

تو لازمی اس کمرے میر گھٹ گھٹ کر مر جائیں گی..

اور مراد بھائی... .وہ تع شاید اگے بڑھ جائیں انکے نام پر بیٹھی لڑکی... اپنی بے عزتی اپنی ...رسوائی برداشت کر لے گی

کیا اسکی آہیں اپ پر نہیں پڑیں گیں

اور کیا یہ سب ماحول دیکھ کر اپ اپنی خوشیاں منا لیں گے"اسنے اسکا بازو تھام کر سوال ...کیا

..جبکہ سارگل سوچ میں پڑ گیا

....مگر کیا کرتا وہ ..داود کے ساتھ صیحی نہیں ہو سکتا تھا

..وہ ادمی مجھے نہیں پسند "سارگل ایک ایک لفظ پر زور دیتا بولا

ٹھیک ہے اپ نے اسکے ساتھ زندگی گزارنی بھی نہیں "مشل نے اسک رام ہوتے دیکھ ...پٹ سے جواب دیا

سارگل اسکی صورت تکنے لگا... دماغ اسکی موجودگی کو محسوس کر کے ہلکا پھلکا سا ہونے ...لگا

...جبکہ مشل بھی اسکے آنکھوں کے تاثر کو دیکھ کر سٹپٹائ اور اس سے پہلے وہ پلٹتی

...سارگل نے اسکا ہاتھ تھام لیا

...اور جھٹکے سے اپنی جانب کھینچا

خدارا .. تم بھی مجھ معصوم پر ظلم کرنا بند کرو "سارگل نے انگلی کی پوروں سے ..اسکی لٹ ..کو کان کے پیچھے کیا

...مشل نے خود کو اس سے چڑھوانا چاہا

..میں میں ..چھوڑیں مجھے "وہ چیڑ کر بولی

کیوں اتنی خطرناک ہو گئ ہو .. لگتی ہی نہیں ہو وہ معصوم سی مشل "اسنے مزید اسکی کمر ..پر گرفت تنگ کی

..سارگل میری کمر توڑیں گے کیا"وہ منہ بنا کر بولی درد جو ہو رہا تھا

..پہلے کہو میں نے اپکو معاف کیا... اور اج رات اپکے کمرے میں اپکی دولہن بھی ہو گی

..تبھی میں ان معملات میں اینولو ہو گا "اسنے کہا ..تو مشل نے گھورا

...یہاں سب ایک دوسرے کو بلیک میل کرتے ہیں "وہ اسکے شانے پر مکے برساتی بولی

چلو تم یہ ہی مان لو... .مگر ضد چھوڑ دو "وہ بولا ..جبکہ اسکے چہرے کے نزدیک اپنا چہرہ

...لے ایا

"..اپ ..اپ نے مجھ سے معافی کب مانگی ہے

..مشل نے آنکھیں نکالیں

...نہیں معافی کیوں مانگوں

میں تمھیں ایک تحفی دو گا ..جس کی وجہ سے تم خوش ہو کر مجھے بہت ساری کسیس دو

..گی"وہ دانت نکالتا بولا ..جبکہ مشل تو سرخ ہو گئ

ٹھیک ہے رخصتی بھی اسی دن ہو گی پھر"وک نہیں جانتی تھی وہ کیا کرنے وال اہے مگر ..وہ اسے معاف کر چکی تھی ..شاید اسی دن جس دن بہرام نے اسکے منہ پر تھپڑ مارا تھا...

...اس دن اسکے دل کو کچھ ہوا تھا

..اور دل دل تو پہلے ہی اسکے حق میں تھا ..پھر مزید وہ کیا کرتی

..امم "سارگل کچھ سوچ میں پڑا

اوکے "اسنے اسکا منہ پکڑ کر پرجوش ہو کر گال پر پیار کیا .. مشل ..اسکو پرے دھکیل کر ..دروازے کیطرف بھاگی

..اپ اپ ..تو بہت ہی بدتمیز ہیں "اسنے کہا

میں تو بے انتہا بدتمیز ہوں تم کرنے کب دیتی ہو بدتمیزی "سارگل کی مسکراہٹ... مشل ...نے غور سے دیکھی

..اور باہر نکل گئ اس سے پہلے وہ چکمے سے اسے پھر سے اپنی جانب کھینچتا

لو جی سارگل خان ایک بار تم ..اور بس تم ہی پھر سے لٹک گئے باقی تو سب ہی پار لگ جائیں گے "اسنے بستر پر لیٹتے ہوئے سوچا...اور پھر ایکدم اٹھا ..اور باہر نکلا

بھلے اسے داود اب بھی بھایا نہیں تھا مگر وہ داود کی وجہ سے مزید رشتوں کی زندگی خراب . نہیں .کرسکتا تھا

.....

سارگل میں نے سوچ لیا ہے "وہ ڈیڈ کے کمرے کیطرف جانے لگا کہ مراد مے بیچ میں ..ہی جا لیا

..کیا "اسنے سوالیہ نظروں سے دیکھا ..مراد ھیران تھا وہ بلکل نارمل دیکھ رہا تھا

میں شادی نہیں کروں گا ..وہ ادمی یوں ہی زلیل ہو"مراد بولا تو سارگل نے منہ پر ہاتھ رکھ ...کر اپنی ہنسی روکی

بھائ اپکی اس عظیم قربانی کی ضرورت نہیں اس کمینے کو سالے بن کر ہی زلیل کریں گے فکر نہ کر اسکی اس خواہش کو قبر تک پہنچائیں گے "وہ اسکا شانا تھپتھپاتا .دوبارہ کمرے کیطرف بڑھا..

کیا بولے جا رہا ہے "مراد کے پلے کچھ بھی نہیں پڑی..

مراد خان ..بارات کے لیے تیار رہو ..اور اب اگر ایک بار پھر تم نے مجھے روکا تو ..ناک توڑ دو گا..."وہ اسے دھکا دیتا ..بہرام کے کمرے میں چلا گیا...

.....

" وہ بہت ڈری ہوئ تھی... ارمیش کو دیکھ کر نم آنکھیں صاف کرنے لگی

اب کیا ہو گا مما..." .یہ بات اسنے سن لی تھی کہ اگر عینہ کی رخصتی نہ ہوئ تو بارات واپس لوٹے گی ..اور یہ بات اسے بے حد پریشان کر رہی تھی..

کچھ بھی نہیں... رخصتی ہو گی..."ارمیش نے اسکے بال سنوارے...

اپ اپ ..کیا کہہ رہیں ہیں... لالا ڈیڈ کوئ بھی راضی نہیں ہو گا "عینہ نے کہا تو ارمیش ..نے اسکا ہاتھ تھاما

...اور تم "اسنے سوالیہ نظروں سے اسکی جانب دیکھا

دوسری شادی کر کے انھوں نے مجھے میری نظروں میں زلیل کیا ہے .. مجھ سے یہ بات ..برداشت .نہیں ہو گی"عینہ نے کہا تو ارمیش ..نے اسکا سر اپنی گود میں رکھ لیا

جھوٹ بول رہا ہے... .تمھارے سوا اسکی زندگی میں کوئ لڑکی نہیں "بیٹی کے بالوں میں ....انگلیاں چلاتے ہوئے ..وہ سارگل اور بہرام کے فیصلے کی منتظر تھی

...عینہ چونک کر اٹھی

..انسو صاف کیے اور حیرانگی سے ماں کو دیکھا

اپ کیسے کہہ سکتے ہیں... وہ جھوٹ بول رہے ہیں نیوز دیکھی ہے وہ لڑکی بھی دیکھی ہے "میں نے

...خود بتا کر گیا ہے میری جان "ارمیش نے اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھاما

عینہ کے ماتھے میں بل پڑے اسے اپنے اندر ایک جلال سا محسوس ہوا بلکل اسی دن ..کیطرح جس دن وہ بھری کلاس میں پیپر پھاڑ ائ تھی وہ جاموش ہو گئ ..کچھ نہیں بولی

..ارمیشجبکہ ابھی کچھ کہتی کہ مشل نے داھر سے دروازہ کھولا

...فیصلہ ہو گیا انٹی"وہ خوشی سے چیخی

...ارمیش نے آنکھیں بند کر کے خدا کا شکر ادا کیا ادکی خوشی اچھی خبر کی نوید سنا رہی تھی

..انکل نے کہا ہے رخصتی ہو گی عینہ اپی کی... "وہ پرجوش سے ارمیش کے گلے لگ گئ

...ارمیش بھی خوش دیکھائ دے رہی تھی جبکہ عینہ خاموش بیٹھی تھی

.اسکے اندر اس وقت کوئ جزبات نہیں تھے

.....

